لغات ابجد شماری

۱۹۹۲ء

جلد اوّل، حصہ اوّل

لغات ابجد شماری

۱۹۹۲ء

جلد اوّل، حصہ اوّل

(الف تا ذ)

سیّد احمد

مکماسٹر یونیورسٹی، کنیڈا

(مساعد خصوصی: ظفر عدیم)

ترقی اردو بیورو، نئی دہلی

Lughaat Abjad Shumari Vol-I, Part-I

By

SYED AHMED

سنہ اشاعت . اپریل، جون ____ 1994 شک 1916

© ترقی اردو بیورو، نئی دہلی

پہلا اڈیشن: 1000

قیمت : =/85

سلسلۂ مطبوعات ترقی اردو بیورو 720

ناشر : ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک 8 آر کے پورم نئی دہلی-110066

طابع : چ۔ سے۔ آفسٹ گلی کٹرھیا مٹیا محل جامع مسجد دلی 110006

پیش لفظ

ہندوستان میں اردو زبان وادب کی ترقی وترویج کے لیے ترقی اردو بیورو (بورڈ) قایم کیا گیا۔ اردو کے لیے کام کرنے والا یہ ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے جو دو دہائیوں سے مسلسل مختلف جہات میں اپنے اپنے خاص خاص منصوبوں کے ذریعے سرگرم عمل ہے اس ادارہ سے مختلف جدید اور مشرقی علوم پر مشتمل کتابیں خاصی تعداد میں سماجی ترقی، معاشی حصول، عصری تعلیمی اور معاشرہ کی دوسری ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے شائع کی گئی ہیں جن میں اردو کے کئی ادبی شاہکار، بنیادی متن، قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی توضیحی فہرستیں، تکنیکی اور سائنسی علوم کی کتابیں، بچوں کی کتابیں، جغرافیہ، تاریخ، سماجیات، سیاسیات، تجارت، زراعت، لسانیات، قانون، طب اور علوم کے کئی دوسرے شعبوں سے متعلق کتابیں شامل ہیں۔ بیورو کے اشاعتی پروگرام کے تحت شائع ہونے والی کتابوں کی افادیت اور اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ مختصر عرصہ میں بعض کتابوں کے دوسرے تیسرے ایڈیشن شائع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ترقی اردو بیورو نے اپنے منصوبوں میں کتابوں کی اشاعت کو خاص اہمیت دی ہے۔ کیوں کہ کتابیں علم کا سرچشمہ رہی ہیں۔ اور بغیر علم کے انسانی تہذیب کے ارتقا کی تاریخ مکمل نہیں تصور کی جاتی۔ جدید معاشرے میں کتابوں کی اہمیت مسلّم ہے۔ بیورو کے اشاعتی منصوبہ میں اردو انسائیکلوپیڈیا ذولسانی اور اردو۔ اردو لغات بھی شامل ہیں

ہمارے قارئین کا خیال ہے کہ بیورو کی کتابوں کا معیار اعلیٰ پائے کا ہوتا ہے اور وہ ان کی ضرورتوں کو کامیابی کے ساتھ پورا کر رہی ہیں۔ قارئین کی سہولتوں کا مزید خیال کرتے

ہوئے کتابوں کی قیمت بہت کم رکھی جاتی ہے تاکہ کتاب زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچے اور وہ اس بیش بہا علمی خزانہ سے زیادہ سے زیادہ مستفید اور مستفیض ہو سکیں۔

یہ کتاب بھی بیورو کے اشاعتی پروگرام کی ایک کڑی ہے۔ امید ہے کہ آپ کے علمی ادبی ذوق کے تسکین کا باعث بنے گی اور آپ کی ضرورت کو پورا کرے گی۔

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم

ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو

یادیں

والدین اور بھائی کی یاد میں

احمد غفور آزاد ہے[1]

۱۳۶۷ھ

ارم۔ جائے جمیلہ خاتون

۱۴۰۰ھ

شکور احمد۔ زیب جنّت فردوس

۱۴۰۱ھ

---

[1] جنگ آزادی کے مجاہدوں میں سے تھے۔

اور شکریے

اس کتاب کو مرتب کرنے میں مجھے بہت سے اشخاص اور اداروں سے مدد ملی ہے۔ ان سب کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرنا تو یہاں ممکن نہیں ہے، مگر مندرجہ ذیل کا ذکر نہ کرنا احسان فراموشی میں داخل ہوگا۔

سب سے پہلے تو میں "یادیں" میں نامزد افراد کی شفقت، تربیت اور ہمت افزائی کا ذکر کروں گا جن کی بدولت مجھے روایت اور جدت دونوں کی قدر معلوم ہوئی اور اپنے منتخب علوم میں روایت ہی میں جدت پیدا کرنے کا شوق بھی ہوا اور ہمت بھی۔

پھر میں بنارس ہندو یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کے ڈاکٹر سید حنیف صاحب کا شکریہ ادا کروں گا، جن سے حساب جمل کے کچھ مسئلوں پر خط و کتابت سے بڑی مدد ملی۔ مگر چوں کہ بالآخر میں نے اپنا الگ رستہ نکالنے کا فیصلہ کیا، اس لیے اس کتاب کی خامیوں کی کوئی ذمہ داری ان پر عائد نہیں ہوتی ہے۔

کتاب کا "مقدمہ" تیار کرنے میں مجھے خدا بخش خان لائبریری سے بھی استفادہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ میں اس کے کارکنوں کا اور خصوصاً جناب ذوالقرنین صاحب کا شکر گزار ہوں جنھوں نے ضروری کتابیں فراہم کرنے میں میری راہ نمائی کی اور کچھ ذاتی کتابیں بھی عاریتاً دلوائیں۔

اس کتاب کے اور خاص طور سے اس کے حصۂ دوم کے تیار کرنے میں کمپیوٹر کا استعمال ناگزیر تھا۔ یہ کام مکماسٹر یونیورسٹی، ہیملٹن، کینیڈا، کے کمپیوٹر سنٹر میں انجام پایا۔

میں اس کے ایک کارکن جناب انامی بھارگو کا خاص طور سے مشکور رہوں جنھوں نے مطلوب پروگرام تیار کیے اور شروع سے آخر تک کمپیوٹر کے کام میں میری اعانت کی۔

ویسے تو لغت پر کام کا بڑا حصہ میں نے اپنی ذاتی فرصت کے دوران میں کیا مگر مجھے خدا بخش خاں لائبریری میں وقت گزارنے کا اور اردو داں مساعدوں سے لغت پر کام کرانے کا موقع مکماسٹر یونی ورسیٹی کی ہفت سالہ فرصت ہی کی بدولت ملا۔

ان اردو داں مساعدوں میں سب سے بڑا رول ظفر عدیم صاحب کا رہا۔ انھوں نے تقریباً ایک سال تک میرے اسسٹنٹ کی حیثیت سے کام کیا اور کمپیوٹر کے اشاروں کو الفاظ اور اعداد کی شکل میں بدلنے میں میری مدد کی۔ میں نے اس کام کے لیے دو مساعدوں کے سال بھر کی مدد کا تخمینہ کیا تھا مگر یہ انھوں نے تقریباً اکیلے ہی اسی مدت میں سرانجام دیدیا۔ اس کتاب کے سرورق پر مساعد خصوصی کی حیثیت سے ان کا نام ہی اس جانفشانی کا شکریہ ادا کرنے کا مناسب طریقہ معلوم ہوتا ہے۔

میں سابق مدیران "آج کل"، جناب شہباز حسین اور جناب راج نرائن راز کا بھی بے حد ممنون ہوں جنھوں نے اس کتاب کے چھپنے کے پہلے ہی اس کا "تعارف" قسطوں میں شائع کر کے اردو دانوں کو اس کتاب سے روشناس کرا دیا۔ (۱) مقدمہ کے پہلے چار ابواب انھیں قسطوں کی بنیاد پر لکھے گئے ہیں، مگر ان کی نقل نہیں ہیں۔

سید احمد
جولائی، ۱۹۹۲

---

(۱) حوالہ نمبر ۳ ملاحظہ فرمائیں

مقدمہ

۱۔ حرفِ اوّل

مرزا غالب نے اواخر عمر میں دو قطعات بتقریب شادی سید غلام بابا (رئیس سورت) لکھے ان میں تاریخ نہ تھی۔ اس کی معذرت کرتے ہوئے لکھتے ہیں[۲]: "وہ دوست جو مادہ ڈھونڈھ لیتے تھے وہ اللہ کو سدھارے۔ معذور ہوں اور مجبور ہوں"۔ لفظ "مادہ" سے ظاہر ہے یہاں مادہ تاریخ مراد ہے۔ اس مختصر واقعہ کے کئی پہلو نکلتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ غالب جیسے عظیم شاعر کے لیے بھی دوستوں کا دیا ہوا مادہ نظم کر لینا اور اسے اپنی کہی ہوئی تاریخ کہنا کوئی معیوب بات نہیں مانی جاتی تھی۔ مگر اس سے زیادہ اہم پہلو یہ ہے کہ اس زمانے میں شادی، ولادت، وفات اور مختلف تقریبات کی تاریخیں کہنا ایسی متوقع بلکہ ضروری بات تھی کہ غالب نے بھی غیر تاریخی قطعات لکھنا ایک معذرت طلب بات سمجھی!۔ اور ان موقعوں پر تاریخیں کہنا اردو تہذیب کی اتنی اہم رسم تھی کہ غالب جیسے خود دار، اور بڑی حد تک غیر روایتی شاعر کو بھی اس رسم کی ادائے گی کے لیے دوسروں سے مادہ حاصل کرنے پر مجبور ہونا پڑتا تھا!

ظاہر ہے کہ اب اردو تہذیب (جتنی بھی بچ رہی ہے) میں تاریخ گوئی کی وہ اہمیت نہیں رہی ہے۔ اور ممکن ہے کہ بہت سے جدید ادیب اور نقاد اس رجحان کو خوش آمدید بھی کہیں۔ ان کا یہ رویہ بھی بے بنیاد نہیں ہے اس لئے کہ اس بات سے تو تاریخ گوئی کے حمایتی بھی انکار نہیں کر سکتے کہ تاریخ گوئی کا شاعری کی روح سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

مگر اردو شاعری کی ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس کے پرستار

---

(۲): مرقع غالب، مرتبہ پرتھوی چندر، صفحہ ۱۸۹۔

صرف شاعری کی روح پر کھنے والے ہی نہیں رہے ہیں، بلکہ ایسے لوگ بھی جن کی دلچسپی تفنن طبع تک محدود رہی ہے۔ اور اردو شاعری مختلف شکلوں میں ایسے لوگوں کے ذوق کی تسکین کا بھی سامان فراہم کرتی رہی ہے۔ شاید اردو شاعری کی یہی وسیع القلبی ہے جس کی وجہ سے اردو دانوں میں شاعری کے ذوق رکھنے والوں کا تناسب دنیا کے اکثر زبان والوں سے زیادہ رہا ہے اور اب بھی ہے۔

بہرحال تاریخ گوئی عربی الاساس رسم الخط والی زبانوں کی عموماً اور اردو کی خصوصاً شان امتیاز رہی ہے۔ اور اس کا مفقود ہو جانا ایک اہم امتیاز کا کم ہو جانا ضرور ہوگا، جو کم سے کم میری نظر میں کوئی قابل خیر مقدم بات نہیں ہوگی۔

مندرجہ بالا باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے اپنے طور پر لوگوں کی تاریخ گوئی میں دلچسپی بڑھانے کے لیے ایک ایسا لغت تیار کرنے کا فیصلہ کیا جس کی مدد سے شوقین حضرات نسبتاً آسانی سے تاریخیں نکال سکیں۔ اس کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔ اس کوشش پر کچھ ممکن اعتراضات اور اس کے جواز میں کچھ دلیلیں اس مقدمہ کے اگلے باب میں پیش کی جائیں گی۔

اس کتاب کا ایک بنیادی اور چند ضمنی مقاصد ہیں۔ بنیادی مقصد جس کے حصول کے لیے کتاب کا متن تیار کیا گیا ہے، وہ قبل الذکر لغت پیش کرنا ہے۔ اس میں حساب جمل (حساب ابجد) کے مطابق پہلے (حصہ اوّل میں) حروف تہجی کی ترتیب سے دیے گئے الفاظ کے اعداد درج ہیں اور پھر حصہ دوم میں اعداد کے تحت الفاظ ترتیب وار اکٹھا کیے گئے ہیں۔

کتاب کے ضمنی مقاصد پر صرف اس مقدمہ میں توجہ دی گئی ہے، کتاب کے متن میں نہیں۔ پہلا ضمنی مقصد حروف اور اعداد کے تعلق کا ایک مختصر تاریخی خاکہ پیش کرنا ہے۔ یہ خاکہ بڑی حد تک تو عربی الاساس رسم الخطوں کے حروف اور اعداد ہی کے متعلق ہے، مگر ان تک محدود نہیں ہے۔

دوسرا ضمنی مقصد حساب جمل کے اصولوں اور اختلافات پر نظر کرنا ہے۔ یہ مقصد ضمنی ہونے کے باوجود بے حد اہم ہے۔ حساب جمل کے بہت سارے قاعدوں میں اساتذہ کے درمیان شدید اختلافات رہے ہیں۔ صرف یہی نہیں، بہت سارے اساتذہ نے

خود اپنے بنائے ہوئے اصولوں سے بھی عملاً اختلاف کیا ہے! اس کے نتیجہ کے طور پر حساب جمل کے "اصول" خاصی بے اصولی کا شکار رہے ہیں۔ اس مقدمہ میں ان اختلافات کی چھان بین کے علاوہ، اس افراتفری میں چند اہم بنیادی اصولوں کو اجاگر کرنے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔

اس کے بعد اس مقدمہ میں تاریخ گوئی کے صنائع و بدائع کی بھی کچھ مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ آخر میں کچھ سیدھی سادی، مگر دلچسپ تاریخیں اکٹھا کر دی گئی ہیں۔

مندرجہ بالا پروگرام کے مطابق اس مقدمہ کو چھ بابوں میں تقسیم کیا گیا ہے اس تعارفی باب کے بعد دوسرا باب لغت کا براہ راست تعارف کراتا ہے۔ تیسرے باب میں حساب جمل کا قبل الذکر تاریخی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں حساب جمل کے اصول اور قاعدوں اور خاص طور سے ان کے اختلافات پر بحث اور محاکمہ ہے۔ پانچویں باب میں تاریخ گوئی کے صنائع و بدائع سے قارئین کو متعارف کیا گیا ہے۔ اور چھٹے اور آخری باب میں چند مشہور اور دلچسپ تاریخیں جمع کی گئی ہیں۔ ان چھ ابواب کے بعد ایک ضمیمہ ہے جس میں مشتق الفاظ کے اعداد حاصل کرنے کے جو آسان طریقے اس لغت میں استعمال کیے گئے ہیں ان کا بیان درج ہے۔ اس بیان سے اردو افعال کی کچھ خصوصیات پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

۲۔ لغت

اس لغت کا پہلا عنوان "لغت ابجد شمار" اس خوش فہمی میں چنا گیا تھا کہ ۱۹۸۱ء میں تیار ہو کر شائع ہو جائے گا۔ اور اسی عنوان سے اس کا ذکر میرے "آج کل" میں شائع شدہ مضامین میں کیا گیا تھا۔[۳] اب جب یہ لغت ۱۹۹۲ء میں مکمل ہو رہا ہے تو اس کا عنوان بدل کر "لغات ابجد شماری"[۴] ۱۹۹۲ء

---

(۳) "لغت ابجد شمار"، از سید احمد آج کل اپریل ۱۹۸۱ء اور "لغت ابجد شمار" (دوسری قسط) از سید احمد آج کل جنوری ۱۹۸۲ء۔ اس مقدمے کے پہلے چار ابواب میں ان مضامین کے مواد کا کافی حصہ استعمال کیا گیا ہے۔

(۴) ویسے تو "لغت" اور "لغات" کو اکثر ہم معنی تصور کیا گیا ہے مگر یہاں حصہ اول اور حصہ دوم اور ان کے ضمیموں کو بھی الگ الگ لغت مانا جا سکتا ہے اور اس طرح "لغات" جمع کے طور پر بھی موزوں ہے۔

کر دیا گیا ہے، جو شاید ویسے بھی "لغت ابجد شمار" سے زیادہ مناسب ہے۔

جیسا قبل بیان ہو چکا ہے، کتاب کا متن حساب جمل کی رو سے تیار کیا ہوا لغت ہے۔ اس کے حصہ اوّل میں حروف تہجی کی ترتیب سے تقریباً تائیس ہزار الفاظ اور ان کے (حساب جمل کے مطابق) محسوب اعداد درج ہیں۔ لغت کی خود کفائیگی کی خاطر ہر لفظ کے اہم معنیٰ بھی دے دیے گئے ہیں اور منتخب اسموں کی تذکیر و تانیث بھی ـــــ جدول ۱۵ حصہ اوّل کے ایک صفحہ کا نمونہ ہے۔ اسے دیکھ کے فوراً اندازہ ہو جائے گا کہ حصہ اوّل بالکل عام لغتوں جیسا ہے، سوائے یہ کہ اس میں الفاظ کے معنی کے علاوہ ان کے محسوب اعداد بھی درج کر دیے گئے ہیں۔ اس حصہ میں عام لغت ہی کی طرح گردانے ہوئے افعال اور دوسرے مشتق الفاظ شامل نہیں ہیں۔ لیکن مقدمہ کے ضمیمہ کے درج شدہ حسابی اصولوں کی مدد سے حصہ اوّل کے الفاظ سے، جنھیں ہم "بنیادی" الفاظ کہہ سکتے ہیں مشتق الفاظ کے اعداد نسبتاً آسانی سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ زیادہ تر مشتق یا ماخوذ الفاظ فعلوں کی گردان یا اسماء اور صفات کی تانیث یا جمع کر کے حاصل کیے گئے ہیں۔

جدول ۱

وصول	(مذکر)	۱۳۲	جو حاصل کیا گیا ہو
وصول پانا		۱۸۶	رقم مل جانا
وصولی		۱۴۲	قابل وصول
وصی	(مذکر)	۱۰۶	وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو
وصیت	(مؤنث)	۵۰۶	سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا
وصیہ	(مؤنث)	۱۱۱	وصی کی تانیث
وضاحت	(مؤنث)	۱۲۱۵	واضح کرنا
وضع	(مؤنث)	۸۷۶	ساخت، شکل، طرز
وضع حمل		۹۵۴	بچہ پیدا کرنا
وضع دار		۱۰۸۱	اپنے طور طریقے پر قائم رہنے والا
وضع داری	(مؤنث)	۱۰۹۱	ایک دفعہ اختیار کئے ہوئے وضع کو عمر بھر نبھانا
وضع کرنا		۱۱۴۷	منہا کر دینا۔ بنانا
وضو	(مذکر)	۸۱۲	نماز کے لیے جسم کے خاص اعضا کو دھونا۔
وطن	(مذکر)	۶۵	اپنا ملک
وطن مالوف		۲۲۲	وہ جگہ جس سے لگاؤ اور انس ہو
وطنی		۷۵	وطن سے منسوب
وظائف	(مذکر)	۹۸۷	وظیفہ کی جمع
وظیفہ	(مذکر)	۱۰۰۱	تنخواہ، امدادی رقم، بخشش
وظیفہ خوار		۱۸۰۸	وظیفہ لینے والا
وعدہ	(مذکر)	۸۵	عہد، اقرار
وعدہ خلاف		۷۹۶	جو وعدہ پورا نہ کرے
وعدہ خلافی		۸۰۶	قول و اقرار سے پھرنا

مثلاً "چلتا ہوں" ماخوذ ہے فعل "چلنا" سے اور "آدمیوں" ماخوذ ہے اسم "آدمی" سے "چلتا ہوں"، اور "آدمیوں" جیسے الفاظ عام لغت میں نہیں پائے جاتے ہیں، اور اس لغت کے بھی حصہ اوّل میں شامل نہیں ہیں۔ ان کا استعمال صرف حصہ دوم میں کیا گیا ہے۔

جدول ۲ مشتق الفاظ حاصل کرنے کے ان حسابی اصولوں کا ایک نمونہ پیش کرتی ہے۔ اس میں "لانا" کی گردان سے مشتق حاصل کئے گئے ہیں۔ اور ان کے اعداد حاصل کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ اس جدول کا طریقہ "لانا"، "گانا"، "کھونا" جیسے مصادر پر عائد ہوتا ہے جن میں مصدری "نا" کے پہلے "الف" یا "واو" ہو۔ اس طرح کے دوسرے طریقے جو اس لغت کی ترتیب دینے میں استعمال ہوئے ہیں اس مقدمہ کے ضمیمہ میں درج ہیں، جہاں ان کی کچھ وضاحت بھی کی گئی ہے۔ یہاں صرف جدول ۲ کے استعمال کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔ سب سے پہلے "لانا" یا "گانا"، جیسا کوئی فعل لیں اور حصہ اوّل سے اس کا عدد معلوم کریں۔ مثلاً گانا کے ۷۲ ہوئے۔ اب اگر ہمکو "گاتا ہے" کا عدد معلوم کرنا ہے تو "لاتا ہے" کے متوازی عمل سے ہم اس کے ۴۲۷ = ۳۶۵ + ۷۲ حاصل کر سکتے ہیں۔ جدول میں اس مثال کے گرد دائرہ بنا دیا گیا ہے۔ اسی طرح "گا رہا ہے" کے ۲۴۲ = ۱۷۰ + ۷۲ حاصل کر سکتے ہیں۔

لغت کے حصہ دوم میں الفاظ کو مختلف اعداد کے تحت ترتیب سے اکٹھا کیا گیا ہے۔ مثلاً وہ سارے الفاظ جن کے ۱۲ محسوب ہوتے ہیں "۱۲" کے تحت حروف تہجی کی ترتیب سے جمع کئے گئے ہیں۔ اور جن کے ۱۵۱۲ محسوب ہوتے ہیں وہ ۱۵۱۲ کے تحت ــــ جدول ۳ میں وہ الفاظ اکٹھا کیے گئے ہیں جن کے ۴۶ محسوب ہوتے ہیں۔ یہ جدول لغت کے حصہ دوم کے ایک صفحہ کا نمونہ ہے۔

جدول ۳ کے اندراج سے یہ بھی ظاہر ہوگا کہ حصہ دوم میں اعداد کے تحت صرف "بنیادی" الفاظ ہی نہیں اکٹھے کیے گئے ہیں، بلکہ سارے ماخوذ (مشتق) الفاظ بھی مثلاً اس میں بنیادی لفظ "ابابیل" درج ہے تو ماخوذ لفظ "بچھوگے" بھی۔ بنیادی اور ماخوذ الفاظ کی اس طرح بلا تخصیص ترتیب دینے کی وجہ ذیل میں ظاہر ہو جائے گی۔

جدول ۲ھ

فعل لانا، (یگانا، سونا، بونا) وغیرہ کی گردان اور مشتق الفاظ کے اعداد نکالنے کا طریقہ (۵)

مذکر	جمع مذکر	مؤنث	جمع مؤنث	مذکر	جمع مذکر	مؤنث	جمع مؤنث	مذکر	جمع مذکر	مؤنث	جمع مؤنث
وہ	وہ	وہ	وہ	تو	تم	تو	تم	میں	ہم	میں	ہم
لایا	لائے	لائی	لائیں	لایا	لائے	لائی	لائیں	لایا	لائے	لائی	لائیں
-۴۰	-۴۱	-۴۱	+۹	-۴۰	-۴۱	-۴۱	+۹	-۴۰	-۴۱	۴۱	۴۱
لایا ہے	لائے ہیں	لائی ہے	لائی ہیں	لایا ہے	لائے ہو	لائی ہے	لائی ہو	لایا ہوں	لائے ہیں	لائی ہوں	لائے ہیں
-۲۵	+۲۴	-۲۶	+۲۴	-۲۵	-۳۰	-۲۶	-۳۰	+۲۱	+۲۴	+۲۰	+۲۴
لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائی تھیں	لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائی تھیں	لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائے تھے
+۳۶۶	+۳۷۴	+۳۷۴	+۴۲۴	+۳۶۶	+۳۷۴	+۳۷۴	+۴۲۴	+۳۶۶	+۳۷۴	+۳۷۴	+۳۷۴
لایا ہو	لائے ہوں	لائی ہو	لائی ہوں	لایا ہو	لائے ہو	لائی ہو	لائی ہو	لایا ہوں	لائے ہوں	لائی ہوں	لائے ہوں
-۲۹	+۲۰	-۳۰	+۲۰	-۲۹	-۳۰	-۳۰	-۳۰	+۲۱	+۲۰	+۲۰	+۲۰
لایا ہوگا	لائے ہونگے	لائی ہوگی	لائی ہونگی	لایا ہوگا	لائے ہوگے	لائی ہوگی	لائی ہونگی	لایا ہونگا	لائے ہونگے	لائی ہوگی	لائے ہونگے
-۸	+۵۰	۰	+۵۰	-۸	۰	۰	+۵۰	+۴۲	+۵۰	۰	+۵۰
لاتا	لاتے	لاتی	لاتیں	لاتا	لاتے	لاتی	لاتیں	لاتا	لاتے	لاتی	لاتے
+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۴۰۹	+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۴۰۹	+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۳۵۹
لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائی ہوتیں	لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائی ہوتیں	لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائے ہوتے
+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۴۳۰	+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۴۳۰	+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۳۸۰
لائے	لائیں	لائے	لائیں	لائے	لاؤ	لائے	لاؤ	لاؤں	لائیں	لاؤں	لائیں
-۴۱	+۹	-۴۱	+۹	-۴۱	-۴۵	-۴۱	-۴۵	+۵	+۹	+۵	+۹

لاتا تھا	لاتے تھے	لاتی تھی	لاتی تھیں	لاتا تھا	لاتے تھے	لاتا تھا	لاتی تھیں	لاتی تھی	لاتے تھے	لاتا تھا	لاتے تھے
+۷۵۶	+۷۷۴	+۷۷۴	+۸۲۴	+۷۵۶	+۷۷۴	+۷۵۶	+۸۲۴	+۷۷۴	+۷۷۴	+۷۵۶	+۷۷۴
لاتا ہے	لاتے ہیں	لاتی ہے	لاتی ہیں	لاتا ہے	لاتے ہو	لاتا ہوں	لاتی ہو	لاتی ہو	لاتے ہیں	لاتی ہوں	لاتے ہیں
+۳۶۵	+۴۲۴	+۴۲۴	+۴۷۴	+۳۶۵	+۳۷۰	+۴۱۱	+۳۷۰	+۴۲۴	+۴۲۴	+۴۲۰	+۴۲۴
لارہا ہے	لارہی ہیں	لارہی ہے	لارہی ہیں	لارہا ہے	لارہے ہو	لارہا ہوں	لارہی ہو	لارہی ہے	لارہے ہیں	لارہی ہوں	لارہے ہیں
+۱۷۰	+۲۲۹	+۱۷۹	+۲۲۹	+۱۷۰	+۱۷۵	+۲۱۶	+۱۷۵	+۱۷۹	+۲۲۹	+۲۲۵	+۲۲۹
لاتا ہو	لاتے ہوں	لاتی ہو	لاتی ہوں	لاتا ہو	لاتے ہو	لاتا ہوں	لاتی ہو	لاتی ہو	لاتے ہوں	لاتی ہوں	لاتے ہوں
+۳۶۱	+۴۲۰	+۳۷۰	+۴۲۰	+۳۶۱	+۳۷۰	+۴۱۱	+۳۷۰	+۳۷۰	+۴۲۰	+۴۲۰	+۴۲۰
لاتا ہوگا	لاتے ہونگے	لاتی ہوگی	لاتی ہونگی	لاتا ہوگا	لاتے ہوگے	لاتا ہونگا	لاتی ہونگی	لاتی ہوگی	لاتے ہونگے	لاتی ہونگی	لاتے ہونگے
+۳۸۲	+۴۵۰	+۴۰۰	+۴۵۰	+۳۸۲	+۴۰۰	+۴۳۲	+۴۵۰	+۴۰۰	+۴۵۰	+۴۵۰	+۴۵۰
لائے گا	لائینگے	لائیگی	لائینگی	لائیگا	لاؤگے	لاؤنگا	لاؤگی	لائے گی	لائینگے	لاؤنگی	لائینگے
-۲۰	+۳۹	-۱۱	+۳۹	-۲۰	-۱۵	+۲۶	-۱۵	-۱۱	+۳۹	+۳۵	+۳۹
				لا	لاؤ		لاؤ	لا			
				-۵۱	-۴۵		-۴۵	-۵۱			

(۵) مصادر جن کے مصدری "نا" کے پہلے الف یا واؤ ہوتا ہے۔

"جانا" اور "ہونا" مستثنیٰ ہیں، ان کے لیے ذیل کی جدولیں دیکھیں۔

جدول ۳

حصہ دوم کے ایک صفحہ کا نمونہ

۴۶

آلودہ، ابابیل، ابالاہو۔ ابدالاباد، ابجیالا، ابچکائے ہو، ابچکائی ہو، اچھالو، احوال، ادائیگی، اگی ہے، الاپا ہو، ابھاؤ، الٰہی، اہم۔ آئمہ۔ بازی گاہ، بجائیگی، بجھوگے بجھوگی، بجھول، بچا جاؤگے، بچاجاؤ گی، بچالی، بچائیگی، بچھاجائیگا، بچھوگے۔ بچھوگی، بدل جاؤ بدلے، بدلی، بدیگی۔ بل دے، بلاؤز، بلیڈ، بلید، بوجھل، بھوچکے، بے دل، بچے گا، پایا ہوگا، پپولو، پچائے گی، پچکے ہو، پچکی ہو، پدم، پلید، پھپولا، پیڈل، پیدل، جچیگی، جگ جگ، جگایا ہو، جلابی، جلیبا، جواب پائے گا، جھپکا ہے، جھوکا ہو، چابے گی، چباجاؤگے، چباجاؤگی، چبائے گی، چبھوگے، چبھوگی، چھلاوا، حالہ، جواب آئے گا، حجلہ، دائما، دب جاؤگے، دب جاؤگی، دبلے، دبلی، دبے گی، دبوچے گا، دبیل، دکھاوے، دلایا، دلاہو، دولہا، دوہے گا، دہلاؤ، دھولا، ڈھاؤ ڈھاؤگے، ڈھاؤگی، ڈھلوا، ڈھولا، ڈھوئے گا، طبلہ، طلبہ، طولاً، کباب ہوئے، کوداہے، کوک، کھدوائے، کھدوائی، کہے ہو، کہی ہو، کھودیا، گاہک۔ گزیدہ، گھاگ، ولی، ماہ۔ مو، مہا، والدہ، ولی، ولے، ہالی، ہلائے، ہلائی، ہما، ہوجائے گا، ہوچکا ہو، یوگی۔

حصہ دوم کا مقصد تاریخ گوئی کے سب سے پر مشقت کام میں فنکاروں کی مدد کرنا ہے۔ میرے خیال میں یہ پر مشقت کام کسی ایسے لفظ یا فقرہ کی تلاش ہے جس کے حروف کو محسوب کرنے پر ایک مقررہ عدد ملے۔ عام طور پر تاریخ گو پہلے چند موزوں الفاظ یا فقرے منتخب کر لیتا ہے ان کے عدد جوڑتا ہے اور پھر باقی ماندہ عدد کے لیے کوئی مناسب لفظ یا فقرہ، تاریخ مکمل کرنے کے لیے ڈھونڈھتا ہے۔ فرض کیا کہ تاریخ ۱۹۹۵ کی نکالنا ہے، اور منتخب الفاظ کے اعداد ۱۲۲۰ محسوب ہوتے ہیں۔ تو اب تاریخ گو کو ایسے مناسب لفظ یا فقرے کی تلاش ہے جس کے ۷۷۵ = ۱۲۲۰-۱۹۹۵ محسوب ہوتے ہیں۔ ایسے الفاظ حصہ دوم میں ۷۷۵ کے تحت درج ہیں۔ چوں کہ اس تلاش میں بنیادی اور مشتق الفاظ میں فرق بے معنی ہے، اس لیے حصہ دوم میں دونوں قسم کے الفاظ کو، بلا تفریق، اعداد کے تحت جمع کیا گیا ہے۔

لغت کے ہر دو حصہ میں اشخاص کے ناموں کے ضمیمے شامل ہیں جن میں عورتوں اور مردوں کے عربی اور فارسی اصل کے ناموں کے علاوہ چند ہندی اور سنسکرت اصل کے نام بھی شامل ہیں۔ حسب قاعدہ، حصہ اوّل کے ضمیمہ میں نام حرفِ تہجی کی ترتیب سے دیے گئے ہیں، اور حصہ دوم کے ضمیمہ میں ناموں کو اعداد کی ترتیب میں درج کیا گیا ہے۔ مگر آسانی کے لیے حصہ دوم کا ضمیمہ، حصہ اول میں بھی شامل کر لیا گیا ہے۔

جہاں تک مجھے علم ہے، اردو میں یہ اپنی قسم کا پہلا لغت ہوگا۔ اور امکان ہے کہ شاید کسی اور زبان میں بھی اس طرح کا لغت نہیں چھپا ہو۔ یوں تو ابجدی لغات اردو میں انیسویں صدی کے اواخر سے چھپنا شروع ہو گئے تھے۔ مگر ان میں سے کسی میں اعمال کی گردان سے حاصل کیے ہوئے، یا دوسرے قسم کے مشتق الفاظ شامل نہیں تھے۔ اس سے جو فرق پڑ سکتا ہے اس کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ اس لغت کے تقریباً ڈیڑھ لاکھ الفاظ میں سوا لاکھ کے قریب مشتق ہیں۔ گمان غالب ہے کہ عام جملوں اور مصرعوں میں بھی یہ الفاظ اسی تناسب سے استعمال ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر یہ لغت پرانے لغتوں کے طریقے پر تیار کیا گیا ہوتا تو اس کی افادیت موجودہ لغت کے مقابلے میں صرف پندرہ یا بیس فیصد ہوتی اور زیادہ تر الفاظ جن کی تاریخ گو یوں کو تلاش ہوتی ہے، اس کی دسترس سے باہر ہوتے۔

اس طرح کا لغت ابھی تک کیوں تیار نہیں ہوا اس کی بہت ساری وجہیں ہو سکتی

ہیں۔ مگر ایک وجہ شاید کافی ہو۔ میرا خیال ہے کہ اتنے سارے مشتق الفاظ کا حاصل کرنا پھر ان کے اعداد محسوب کرنا اور پھر اس کے بعد انھیں اعداد کے تحت جمع کرنا (یعنی لغت کا حصہ دوم تیار کرنا) بغیر کمپیوٹر کی مدد کے تقریباً ناممکن تھا۔ اور اب سے چند سال قبل تک کمپیوٹر کی قسم کی کسی شے کا وجود ہی نہ تھا۔

امید کرتا ہوں کہ اس کتاب کی اشاعت سے تاریخ گوئی سے اردو دانوں کی دلچسپی میں ایک نئی تازگی آجائے گی۔ اس کی مدد سے زیادہ تاریخیں ہی نہیں کہی جائیں گی بلکہ میرے خیال میں تاریخوں کا معیار بھی اونچا ہوگا، اس لیے کہ اب تاریخ گویوں کو ایک طرف تو ادبی معیار کی طرف توجہ دینے کی زیادہ فرصت ملے گی تو دوسری طرف ادبی معیار کو پرکھنے والے زیادہ فنکار تاریخ گوئی سے دلچسپی لے سکیں گے۔

ممکن ہے کہ بعض مشکل پسند حضرات یہ اعتراض کریں کہ اس لغت کے چھپنے سے تاریخ گوئی کا پیلنج ختم ہو جائے گا اور چوں کہ تاریخ گوئی سے ان کی دلچسپی کا مدار ہی اس کی دشواری پر ہے، اس لیے اس لغت کے چھپنے سے ان کی دلچسپی کی جڑ ہی کٹ جائے گی۔ مگر ایسی دلیل ان کے تخیل اور ان کی واقفیت، دونوں کی کمی کا ثبوت ہوگی۔ تاریخ گوئی کے سارے صنائع و بدائع جن کا مختصر ذکر اس مقدمہ کے پانچویں باب میں ہوگا۔ اس لغت کی دسترس سے باہر ہیں۔ اور نہ صرف یہ کہ قدیم صنائع کی بہتات ہے بلکہ اہل فن کے لیے نئی صنعتیں گھڑنے کا دستور بھی عام رہا ہے۔ اس لیے مشکل پسندوں کے لیے میدان لامحدود ہے اور رہے گا۔

ظاہر ہے کہ اس لغت کے مخاطب ایسے مشکل پسند حضرات نہیں ہیں۔ جیسا قبل کہا جا چکا ہے۔ یہ لغت ان لوگوں کو ہے جو اپنی تاریخوں میں ادبی معیار کو خاص اہمیت دیتے ہیں، یا پھر ان باصلاحیت لوگوں کے لیے ہے جن کو تاریخ گوئی سے دلچسپی تو ہے مگر بار بار حساب جوڑنے کی مشقت ان کو اس شغل سے باز رکھتی ہے۔ ان کے علاوہ یہ ایسے لوگوں کے لیے بھی ہے جنھیں تاریخیں کہنے کا نہیں مگر پڑھنے کا شوق ہے مگر وہ تفصیلی حساب نہیں کر پاتے ہیں اس لئے اکثر بغیر حساب ہی کیے اوروں کی کہی ہوئی تاریخوں کو صحیح مان لیتے ہیں، اور اس طرح پورے طور پر ان سے محظوظ اور مستفیض نہیں ہو پاتے ہیں۔ اس گروہ میں مدرسوں،

اسکولوں، اور کالجوں کے طالب علم، اکثر اساتذہ اور رسالوں کے اڈیٹر بھی شامل ہیں! ایسے لوگ اس لغت کی اشاعت کے بعد نسبتاً آسانی سے قدیم اور جدید تاریخوں کی تصدیق کر سکیں گے اور ان سے زیادہ مکمل طور پر مستفیض اور محظوظ ہو سکیں گے۔ ان باتوں کے علاوہ یہ بھی امید ہے کہ یہ لغت حساب جمل کی ان بے اصولیوں کو ختم کرنے میں مدد دے گا، جن پر اس مقدمہ کے چوتھے باب میں بحث ہو گی۔ اور اس طرح آئندہ کے تاریخ گویوں کو سیدھے سادے اور مقبول عام اصولوں پر چلنے میں معاون ثابت ہو گا۔

اس باب کے آخر میں میں یہ یاد دہانی ضروری سمجھتا ہوں کہ لغت کے اعداد کو بغیر براہ راست تصدیق کیئے استعمال کرنا مناسب نہیں ہو گا۔ سب سے پہلے تو ممکن ہے مجھ سے حساب جوڑنے ہی میں غلطی ہو گئی ہو۔ مگر ایسی غلطی نہ بھی ہوئی ہو تو حضرت کاتب کی "اصلاح" اس لغت کے لیے خاص طور پر مہلک ثابت ہو سکتی ہے۔ اگر کاتب "میلا" کے بجائے "میلا" لکھدے یا "گزر" کے بجائے "گذر"، تو معنی کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، مگر حساب جمل کے لحاظ سے جیسے اس نے "سفید" کو "سیاہ" لکھ دیا ہو! سارا مقصد ہی فوت ہو جائے گا!! اس لئے لغت سے الفاظ کے انتخاب کے بعد ان کی براہ راست تصدیق بہت ضروری ہے۔ ویسے ظاہر ہے میری پوری کوشش ہو گی کہ تصدیق کے بعد بھی جواب میں فرق نہ آئے!۔

اس کے علاوہ حصہ دوم میں فاری کے لیے یہ فیصلہ کرنا بھی ضروری ہے کہ کوئی مخصوص لفظ محاورہ اور قواعد کے لحاظ سے درست ہے یا نہیں۔ اس حصہ کے مشتق الفاظ کہ جدولوں اور کمپیوٹر کی مدد سے حاصل کیے جانے کی وجہ سے بہت سے خلاف محاورہ اور خلاف قاعدے الفاظ کی بھی ساخت ہو گئی تھی۔ اور کافی کاوش کے باوجود ان سب کا نکال ڈالنا ممکن نہیں ہو سکا ہے۔ اس لیے اگر آپ اس لغت کو ایجد کے اصولوں کی سند کے طور پر استعمال کریں بھی تو اس کے مشتق الفاظ کو با محاورہ یا مطابق قاعدہ ہونے کی سند کے طور پر استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔ اس لغت میں شامل کوئی مشتق لفظ محاورہ یا قواعد کی رو سے درست ہے یا نہیں اس کا فیصلہ آپ کو خود کرنا ہو گا۔

۳۔ مختصر تاریخی پس منظر

حساب جمل (حساب ابجدی) کی بنیاد حروف اور اعداد کے باہمی تعلق پر ہے۔ یہ تعلق نیا نہیں ہے اور کم سے کم یونانی تہذیب اور زبان تک اس کا سراغ لگانا نہایت آسان ہے۔ قدیم یونانی تحریر میں اعداد کے لئے حروف ہی کا استعمال کیا جاتا تھا۔ آج بھی رومن اعداد، جو براہ راست یونانی طریقہ پر مبنی ہیں، گھڑیوں یا کتابوں کے ابواب کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان کے I، V، X، L، C، M وغیرہ اعداد بھی ہیں اور حروف بھی۔ اگرچہ عربوں نے صفر کا استعمال کر کے (یہ ایجاد ہندوستان کی ہے) علم الحساب میں ایک انقلاب برپا کر دیا اور اس کے اثر سے روم اور اس کے تہذیبی وارثوں نے بھی اعداد کے لئے حروف کا استعمال تقریباً ترک دیا، مگر خود عربوں نے دوسرے دوسرے کاموں کے لیے یہ استعمال جاری رکھا۔ دراصل یہ کہنا درست ہوگا کہ حروف اور اعداد کے تعلق کا حالیہ صدیوں میں جتنا استعمال عربی الاساس رسم الخط والی زبانوں میں ہوا ہے، شاید اتنا کسی دوسری زبان میں نہیں ہوا ہے۔ ویسے تو یہ استعمال دوسری زبانوں کی طرف عربی الاساس رسم الخط والی زبانوں میں بھی جادو، ٹونکے تعویزوں اور دوسرے خوق الفطرت معاملات کے سلسلے میں ہوا ہے، مگر ان زبانوں میں یہ تعلق خصوصیت کے ساتھ تاریخ گوئی کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ حروف و اعداد کے تعلق کے اس استعمال کی شہادت میں نے دنیا کے کسی اور زبان میں نہیں پائی ہے۔

عربی الاساس رسم الخطوں میں حروف و اعداد کا تعلق عربی حروف تہجی کے اٹھائیس حروف کو آٹھ کلمات میں تقسیم کرنے سے آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

ابجد۔ ہوز، حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

مندرجہ بالا کلمات میں "ابجد" کے "الف" سے لے کر "حطی" کے "ط" تک نو ابکائیاں ہیں، "حطی" کے "ی" سے "سعفص" کے "ص" تک نو ہائیاں، پھر "قرشت" کے "ق"

سے "ضظغ" کے "ظ" نو سیکڑے اور پھر آخری حرف "غ" کے ہزار۔

اس حساب سے اکثر اردو داں حضرات کم و بیش واقف ہیں۔ ان کو یہ بھی معلوم ہے کہ اردو کے غیر عربی حروف کو بھی ان کے مماثل عربی حروف کا ہم عدد مان لیا گیا ہے اور اس میں کوئی اختلاف رائے نہیں ہے۔ اس طرح "پ"، "ب" کا ہم عدد ہے، "ٹ" "ت" کا، "چ" "ج" کا "ڈ"، "د" کا "ڑ"، "ر" کا "ژ"، "ز" کا اور "گ" "ک" کا۔

حروف تہجی کو کب ان آٹھ کلمات میں اس ترتیب سے بانٹا گیا، اس کے متعلق کئی فرضی و نیم فرضی روایات مشہور ہیں۔ مثلاً صاحب "فرہنگ آصفیہ"[6] اس کی اصل ایک جگہ حضرت آدم سے تو دوسری جگہ حضرت ادریس سے منسوب کرتے ہیں! ۔ وہ ان آٹھ کلموں کے معنیٰ بھی بتاتے ہیں، اور ان معنوں کی ایک نہیں دو فہرستیں پیش کرتے ہیں! ۔ مگر نہ یہ پتا چلتا ہے اور نہ وہ بتاتے ہیں کہ کس زبان کے مطابق ان کلموں کے معنیٰ ان فہرستوں میں درج ہیں!!

اسی مضمون میں پھر وہ آگے چل کر فرماتے ہیں کہ ان کلموں کی موجودہ شکل خلیفۂ ہارون رشید کے زمانے میں مستقل ہوئی۔ اس طرح بلا تکلف وہ حضرت آدم سے خلیفۂ ہارون رشید پر بات اتار لاتے ہیں! ظاہر ہے چوں کہ ان کے پاس پہلے دعویٰ کی سند ہے نہ آخری دعویٰ کی، اس لئے ان کے کسی دعویٰ کی حیثیت ایک کہانی سے زیادہ نہیں ہے۔ مگر کم از کم ایک خارجی شہادت ایسی ہے جس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ انکا ہارون رشید والا تیر شاید نشانے سے بہت دور نہیں ہے۔

اس خارجی شہادت کی بنیاد مشرقی اور مغربی حساب جمل کے مطابق حروف تہجی کی ترتیب کا فرق ہے۔ مگر اس فرق سے عام اردو داں حضرات شاید واقف نہ ہوں۔ اس فرق کا مختصر بیان بجائے خود اہمیت رکھتا ہے مگر اس کے علاوہ مندرجہ بالا تاریخی قیاس کی کسی حد تک تصدیق بھی کرتا ہے۔

مشرقی حساب جمل کی ترتیب سے وہ ترتیب مراد ہے جو اوپر دے دی گئی ہے۔

---

(۶) "فرہنگ آصفیہ"، از سید احمد دہلوی ۱۳۱۲ھ

مغربی حساب جمل کی ترتیب سے مراد حروف تہجی کی وہ ترتیب ہے جو اندلس اور مغربی افریقہ میں رائج رہی ہے۔ وہاں بھی حروف آٹھ ہی کلمات میں تقسیم کیے گئے ہیں اور ان آٹھ میں سے پانچ کلمات میں مشرقی ترتیب سے کوئی فرق نہیں ہے۔ لیکن باقی تین کلمات میں اختلاف ہے۔ مغربی ترتیب کے کلمات حسب ذیل ہیں[۵]۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ صعفض۔ قرست۔ ثخذ۔ ظغش

اور نتیجتاً مندرجہ ذیل حروف کے اعداد بھی دونوں ترتیبوں میں مختلف ہیں۔

حروف	س	ش	ص	ض	ظ	غ
مشرقی اعداد (جو اردو میں رائج ہیں)	۶۰	۳۰۰	۹۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
مغربی اعداد	۳	۱۰۰۰	۶۰	۹۰	۸۰۰	۹۰۰

مشرقی اور مغربی ترتیبوں کا فرق بجائے خود قابل ذکر ہے مگر اس سے قطع نظر اس کی واقفیت عربی تاریخوں سے دلچسپی لینے والوں کے لیے ضروری بھی ہے۔ ورنہ ظاہر ہے کہ ان کو عربی کی اندلسی اور مغربی تاریخوں کا سراغ نہیں مل سکے گا۔ اس بحث سے اس روایت کو بھی تھوڑی تقویت ملتی ہے کہ ابجد، ہوز وغیرہ کی مشرقی ترتیب ہارون رشید کے زمانے میں طے پائی۔ اگر یہ ترتیب اندلس کی فتح کے قبل مقبول عام ہو گئی ہوتی تو پھر اندلس میں نئی ترتیب کے رائج ہونے کا امکان کم ہوتا۔ ایسا لگتا ہے کہ اندلس کی فتح کے وقت ابجد کے کلمات کی تقسیم تو ہو گئی تھی، مگر اس تقسیم پر کامل اتفاق نہیں تھا اور اس وقت کے اختلافات کا اظہار مشرقی اور مغربی ترتیب کے فرق میں ہوا۔ اس دلیل کی روشنی میں مشرقی ترتیب کا فتح اندلس کے ایک آدھ صدی بعد ہارون رشید کے زمانے میں مستقل شکل لینا بعید از قیاس نہیں ہے۔

شاید یہ بات پھر سے واضح کر دینا مناسب ہے کہ سوا اندلس اور مغربی افریقہ کے باقی ساری دنیا مشرقی ترتیب ہی کو مانتی ہے۔ اردو میں بھی مشرقی ہی ترتیب کا استعمال ہے۔ اور ظاہر ہے یہ لغت بھی مشرقی ترتیب پر مبنی ہے۔

۵، ملاحظہ ہو "انسائیکلوپیڈیا آف اسلام" (انگریزی) جلد اول صفحہ ۹۷، ناشران ای جے بیرل (لائیڈن) اور لوزاک اینڈ کمپنی (لندن)

یہ بھی واضح رہے کہ مشرقی اور مغربی ترتیبوں کا فرق بنیادی ہے اور محض حروف کا الٹ پھیر نہیں ہے۔ یہ اس فرق سے مختلف ہے جو اعداد کو مختلف ترتیب سے لکھ کر اور پھر ان کے مطابق مشرقی ترتیب کے حروف لکھ کر کلمات بنانے سے ہوتا ہے مثلاً اگر ۱۔ ۱۰۔ ۱۰۰۔ ۱۰۰۰۔ اور ۲۔ ۲۰۔ ۲۰۰ وغیرہ کے مشرقی حساب سے حروف کے کلمات بنائے جائیں تو مندرجہ ذیل کلمے حاصل ہوں گے۔

ایقغ۔ بکر۔ جلش۔ ہنث۔ وسخ۔ زعذ۔ حفض۔ طصظ۔ گرچہ یہ کلمات مشرقی ترتیب سے بظاہر مختلف ہیں مگر حروف کے اعداد اسی ترتیب کے مطابق ہیں۔ اسی طریقہ میں بھی اعداد کی مندرجہ بالا ترتیب سے کلمات حاصل کیے گئے ہیں۔ پہلا کلمہ ایقغ کے بجائے "ایقش" بنتا ہے، اور مغرب میں اس کو اکثر تعویذوں میں استعمال کرتے ہیں۔

۴۔ اصول حساب جمل

جہاں تک ابجد، ہوز وغیرہ کے اٹھائیس حروف کا سوال ہے، حساب جمل کا اصول آسان ہے۔ کسی فقرہ، جملہ، مصرع یا بیان کے حروف کے اعداد جوڑ دو اور اس سے مطلوبہ عدد حاصل کرنے کی کوشش کرو دیگر حساب جمل کے اصولوں پر بحث یہاں پر ختم نہیں ہوتی ہے، بلکہ یہاں سے شروع ہوتی ہے! ان اصولوں کے باقی معاملات میں اساتذہ کے درمیان بھی صدیوں سے اختلافات رہے ہیں اور اب تک باقی ہیں۔ مقدمہ کے اس باب کا مقصد یہ ہے کہ اہم اختلافات کو سامنے لایا جا سکے اور اس کے اصلیت پر غور کیا جائے۔ پھر اس بحث کی روشنی میں لغت کے اعداد حاصل کرنے کے لئے متضاد اصولوں میں سے "صحیح" اصول منتخب کئے جائیں۔ اس انتخاب کی اہمیت یوں ہے کہ اس کی حیثیت ان اختلافات پر محاکمہ کی ہو جاتی ہے، اور اس طرح کا محاکمہ معاملہ پر پورے غور و خوض کے بغیر کرنا بے حد غیر ذمہ دارانہ فعل ہوگا۔ اس باب کی طوالت کا جواز یہی ہے۔

اساتذہ کے درمیان اہم اختلافات مندرجہ ذیل معاملوں پر رہے ہیں۔

۱) ا (ہمزہ) ــ "ء" عربی الاصل ہونے اور حروف تہجی میں شامل ہونے کے باوجود حساب جمل کے آٹھ کلموں میں شامل نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ

اس کا صفر محسوب ہو، یا کوئی فرضی عدد مثلاً ایک مان لیا جائے یا اسے اس کے ہم صوت حرف کا عدد دیا جائے جیسے "کہیے" میں ر "ی" کا ہم صوت ہے اور "آؤ" میں الف یا "و" کا، اس لئے اول الذکر میں اس کے دس محسوب ہوں، اور آخر الذکر میں چھ۔

۲) الف ممدودہ ـــــ "آمد" کے الف کا ایک شمار کیا جائے یا دو؟

۳) "ی" پر کھڑا زبر۔ "علیٰ" میں "ی" کا دس محسوب کیا جائے یا ایک؟

۴) کھڑا زبر۔ "رحمٰن" میں کھڑے زبر کا صفر لیا جائے یا ایک؟

۵) تنوین "دفعتاً" میں الف کو ایک محسوب کریں یا "ن" کے ہم صوت ہونے کی وجہ سے پچاس؟

۶) تشدید ـــــ مشدد حروف، جیسے "عزت" میں "ز" کو ایک دفعہ محسوب کریں یا دو دفعہ؟

۷) تائے مربوطہ ـــــ "توبہ" اور "توبتہ النصوح" میں "ہ" کو "ہ" مان کر پانچ محسوب کیا جائے، یا "ت" مان کر چار سو محسوب کریں؟

ان ساتوں مسئلوں پر اساتذہ میں اختلافات رہے ہیں اور اب بھی ہیں اور ان میں کئی مسئلوں پر تو پوری پوری کتابیں لکھ دی گئی ہیں(۸)! قبل اس کے کہ ہم ان پر تفصیلی بحث کریں، یہ دیکھ لیں کہ ان سارے مسئلوں پر اختلافات کسی ایک بنیادی اختلاف کی شکل میں بیان کئے جا سکتے ہیں یا نہیں۔ ان مسئلوں پر پھر ایک نظر دوڑانے کے بعد ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ ایسا کرنا ممکن ہے اور ان سارے اختلافات کی بنیاد مندرجہ ذیل بنیادی اختلاف پر ہے۔

"حروف کے اعداد لینے میں کتابت (حروف کی تحریری شکل) کو فوقیت ہے یا تلفظ کو"

یہ دیکھنے کے لیے کہ دراصل مندرجہ بالا بیان مذکور تفصیلی اختلافات کا نچوڑ پیش کرتا ہے ہم ساتوں مسئلوں پر بالترتیب پھر سے نظر ڈالیں۔

---

(۸) مثلاً "تائے فوقانی" از منشی انور علی تسلیم سہسوانی واضح رہے کہ "ۃ" کے تائے مربوطہ کے علاوہ اور نام بھی ہیں جیسے "تائے مدورہ" اور تائے فوقانی۔

ء (ہمزہ) عربی الاصل اور حروف تہجی میں داخل ہونے کے باوجود حساب جمل کے کسی کلمہ (ابجد، ہوز وغیرہ) میں نہیں آتا ہے۔ اگر یہ عربی الاصل نہ ہوتا اور حروف تہجی میں داخل نہ ہوتا تو "پ" یا "چ" کی طرح اس کے لئے بھی کسی مماثل حرف کا عدد محسوب کر لیتے۔ مگر عربی الاصل ہے، اور حروف تہجی میں شامل ہے، پھر بھی حساب جمل کے بانیوں نے اسے کسی کلمہ میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس لئے کتابت کے لحاظ سے اس سے کوئی عدد منسوب کرنا غلط ہوگا، اسے صرف صفر مان سکتے ہیں۔ اس کے لئے غیر صفر عدد لینے کے لئے ہم کو تلفظ ہی کا سہارا لینا ہوگا۔

اسی طرح الف ممدودہ میں ظاہر ہے الف صرف ایک دفعہ لکھتے ہیں۔ اس کی مد حرف نہیں، محض حرکت ہے اور حرکتوں کے لئے عدد نہیں ہوتے۔ اس لئے کتابت کے حساب سے الف ممدودہ کے صرف ایک لے سکتے ہیں۔ اس کے دو ماننے کا سوال صرف تلفظ کی بنیاد پر ہی اٹھایا جا سکتا ہے اور صرف اسی لحاظ سے "مد" کو دوسرا الف مان سکتے ہیں۔

اسی طرح کھڑا زبر حرف نہیں حرکت ہے، اور کتابت کے لحاظ سے نہ اس کے عدد ہو سکتے ہیں نہ اس کی موجودگی سے کسی حرف کے عدد میں فرق پڑ سکتا ہے۔ اس لیے کتابت کے لحاظ سے "عیسیٰ" کے "ی" کو دس کے علاوہ کچھ اور نہیں مان سکتے اور رحمٰن کے کھڑے زبر کو صفر کے علاوہ کچھ اور محسوب نہیں کر سکتے۔ "عیسیٰ" کے "ی" کو ایک محسوب کرنے کا اور "رحمٰن" کے کھڑے زبر کو ایک محسوب کرنے کا سوال صرف تلفظ ہی کے لحاظ سے اٹھ سکتا ہے۔

بالکل اسی طرح "دفعتًا" میں کتابت کے لحاظ سے الف کو صرف ایک محسوب کریں گے۔ پچاس محسوب کرنے کا سوال صرف تلفظ کے لحاظ سے ہو سکتا ہے۔

اسی طرح تشدید بھی حرکت ہے حرف نہیں۔ اس لیے کتابت کے لحاظ سے مشدد حرف کو صرف ایک دفعہ محسوب کریں گے۔ تلفظ کے لحاظ ہی سے اسے دو مرتبہ محسوب کر سکتے ہیں۔

تائے مربوطہ یا مدورہ کا مسئلہ جس کی مثال "توبہ" اور "توبۃ النصوح" سے دی جا سکتی ہے کچھ زیادہ پیچیدہ ہے، مگر اس کا تعلق بھی کتابت اور تلفظ ہی سے ہے۔ "توبہ" کی "ہ" پر دونوں لحاظ سے فیصلہ آسان ہے، یہ ہر دو لحاظ سے

ہائے ہوز ہے، اس لیے اس کے پانچ محسوب ہوتے ہیں۔ "توبۃ النصوح" کے تائے مدورہ موصولہ "ۃ" پر فیصلہ کتابت کے لحاظ سے دشوار ہے۔ اور اس دشواری کے کئی پہلو ہیں۔

"ۃ" اس لحاظ سے ء کے مانند ہے کہ اس کے عربی الاصل ہونے کے باوجود حساب جمل کے کلمات میں اس کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ مگر ء کے برعکس اور غیر عربی حروف کی طرح، یہ حروف تہجی میں شامل نہیں ہے۔ پہلا سوال یہ ہے کہ کتابت کے لحاظ سے رسمے مطابقت کی وجہ سے اسے صفر مانا جائے یا اس سے مخالفت کی وجہ سے "ٹ" کی طرح اس کا بھی عدد کسی مماثل ابجدی حرف کے برابر مان لیا جائے۔ اگر فیصلہ یہ ہے کہ صفر نہ لیا جائے، تو پھر "ۃ" کے دو نقطوں کی وجہ سے اسے "ت" کا مماثل مانا جائے، یا "ہ" سے ہم شکلی کی وجہ سے اسے "ہ" کا مماثل مانا جائے۔ ظاہر ہے صرف کتابت کے لحاظ سے اسے "ت" کا مماثل بھی مان سکتے ہیں اور "ہ" کا بھی (واضح رہے کہ جہاں تک مماثلت کا مسئلہ ہے، غیر عربی حروف "ٹ" "چ" وغیرہ میں بھی صرف شکل کے لحاظ سے فیصلہ مشکل ہوتا)۔ مگر تلفظ کے لحاظ سے "ۃ" کا فیصلہ صاف ہے۔ "ۃ" "ت" کا ہم صوت ہے اس لیے اس کو "ت" مانیں گے۔ اور چار سو محسوب کریں گے۔ واضح ہو کہ صرف ہم صوتی پر فیصلہ اس لیے کیا جا سکا کہ ہم شکلی پر ایک سے زیادہ فیصلہ ممکن تھا۔

یہ سوال کہ کتابت اور تلفظ میں فوقیت کس کو ملنی چاہیے، کوئی نیا سوال نہیں ہے اساتذہ نے اس معاملے پر غور ہی نہیں کیا ہے، بلکہ یہ پڑھ کر تعجب بھی ہوگا کہ اس معاملے میں ان میں کلی اتفاق معلوم ہوتا ہے! ۔ یہ مقبول عام کلیہ فن تاریخ گوئی کے مشہور عالم تسلیم سہسوانی کے مطابق یہ ہے۔

"معلوم ہو کہ یہاں نظر کتابت رسم الخط پر ہے نہ تلفظ پر۔ اسی لیے مورخین (تاریخ گویوں) نے کتابت کو معتبر رکھا ہے اور تلفظ کو چھوڑ دیا ہے۔ بخلاف اس کے عروضیوں نے تلفظ کو معتبر رکھا ہے اور کتابت کو چھوڑ دیا ہے کیوں کہ ان کے فن کا مدار اوزان پر ہے۔"(۹)

---

(۹) "علم تاریخ" از منشی نور علی تسلیم سہسوانی۔ مترجم سید اقتدار احمد سہسوانی۔ فارسی نسخہ کا عنوان "علم تسلیم" ہے۔

اس کلیہ کو زیادہ اختصار سے محمد علی جویا یوں بیان کرتے ہیں

"تاریخ میں حروف مکتوبی کے عدد لئے جاتے ہیں"(۱۰)

جیسا عرض کیا جا چکا ہے۔ اس کلیہ سے بظاہر کسی نے اختلاف نہیں کیا ہے۔

مگر اس مبہم پر اساتذہ کے بظاہر اتفاق سے یہ نتیجہ نکالنا غلط ہوگا کہ وہ انفرادی حروف اور الفاظ پر بھی اس کلیہ کے اطلاق پر متفق ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو مندرجہ بالا ساتوں مسئلوں پر بھی انھیں اتفاق ہوتا اور موجودہ بحث کی کوئی وجہ نہ ہوتی! مگر ظاہر ہے ایسا نہیں ہوا۔ ان انفرادی مسئلوں پر مندرجہ بالا عام کلیہ سے اور ایک دوسرے سے اختلاف کرنے والوں میں وہ اساتذہ بھی شامل ہیں جنھوں نے مذکورہ عام کلیہ کی تائید پرزور اور صریح الفاظ میں کی ہے!۔ ذیل کے بحث میں جس میں ہم پھر سے تفصیلی مسائل کو بالترتیب لیتے ہیں۔ ایسی کئی مثالیں سامنے آئیں گی۔

ء (ہمزہ) کے متعلق سب سے پہلے محمد علی جویا صاحب کی رائے سنیں۔ ان کی عام کلیہ کی کھلی تائید تو ہم اوپر دیکھ چکے ہیں، مگر ہمزہ کے متعلق وہ اپنی اسی کتاب میں اپنے عام کلیہ کا لحاظ کیے بغیر فرماتے ہیں:

"دیئے اور لئے میں دو "یا" ہیں۔ اور جہاں ہمزہ واقع ہوگا، اور جس صورت میں ہوگا، اسی کے عدد لیں گے۔ اور بعض نے نہیں لئے۔ موقع شرط ہے"

اس بیان کے مطابق اگر ہمزہ کے عدد لیں تو وہ جس صورت میں ہوگا "وہی عدد لیں کسی "صورت" میں ہونے کا مطلب صاف نہیں ہے مگر ان کے "لئے" اور "دیئے" والی مثال سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ یہاں ہمزہ کو ہم صوت لفظ کا ہم عدد مان رہے ہیں۔ ظاہر ہے کہ وہ یہاں ملفوظ کے عدد لے رہے ہیں، مکتوب کے نہیں۔ اور اس طرح خود اپنے عام کلیہ کی مخالفت کر رہے ہیں! صرف یہی نہیں۔ ٹیپ کا بند ہے کہ ان کے مطابق جی چاہے تو ہمزہ کا عدد لیں، اور جی چاہے تو نہ لیں!

مگر جویا صاحب اس اصول بے اصولی کی وکالت میں اکیلے نہیں ہیں۔

عبدالغنی صاحب رامپوری فرماتے ہیں:

"ء (ہمزہ) کا یہ ہے کہ بعض ایک عدد شمار کرتے ہیں بعض بشکل

---

(۱۰) "خیابان تاریخ" از محمد علی جویا۔

یا لکھ کر (ء) دس محسوب کرتے ہیں، بعض مہمل چھوڑ دیتے ہیں، عدد نہیں لیتے۔ تینوں صورتیں جائز ہیں"[11]

اس سلسلے میں آخر میں خان بہادر مسعود حسن صاحب مسعود کی دو رایوں پر غور کریں[12] یہ دونوں رائیں عام کلیہ ہی کے خلاف نہیں ہیں بلکہ ایک دوسرے کے بھی!

وہ ایک جگہ فرماتے ہیں:

"ہمزہ اوّل اور آخر میں لیا جائے تو اس کے ایک عدد اور درمیان میں آئے تو دس"

مگر آگے چل کر محاکمہ کرتے ہیں

"آئینہ اگر بوزن فعولن لکھا جائے تو اس کے ۷۱ اور بوزن فاعل تو اس کے ۶۶"!

مسعود صاحب کا دوسرا بیان ہمزہ کو بعض حالات میں صفر محسوب کرکے ایک طرف تو ان کے پہلے بیان کی تردید کرتا ہے تو دوسری طرف حساب جمل کو تمام و کمال تلفظ ہی پر منحصر کر دیتا ہے!۔ یہ اس طرح کہ ایک ہی لفظ جس کی کتابت میں کوئی فرق نہیں صرف وزن (تلفظ) کے اثر سے اپنا عدد بدل دیتا ہے!

یہ تو ہوئیں ہمزہ کے متعلق رائیں۔ صاف ظاہر ہے کہ اس میں بے اصولی کا دار دورہ ہیں۔ تاریخوں میں ہمزہ کے استعمال کی مثالوں پر نظر کرنے سے بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ جس نے جس طرح چاہا محسوب کر لیا ہے۔

لکھنؤ کے متعلق میر حسن کا مشہور مصرع ہے۔

زبس کوفہ سے یہ شہر ہم عدد ہے

اب کوفہ کے ۱۱۱ بنتے ہیں، مگر لکھنؤ کے ۱۱۱ اسی صورت میں بنتے ہیں کہ ہمزہ کو صفر محسوب کیا جائے۔

لیکن مصحفی نے انشاء کی وفات پر تاریخ کہی

اے وائے کہ مردہ قدردان شعراء (۱۲۳۳ھ)

---

(۱۱) "بحر الفصاحت" از عبد المغنی رامپوری ۱۹۲۶ء

(۱۲) "عندلیب تاریخ" از مسعود حسین مسعود ۱۳۸۴ھ

اس تاریخ کے عدد اسی صورت میں پورے ہوتے ہیں کہ ہمزہ کے لئے ایک محسوب کریں۔
احمد شاہ جوہر نے ایک قبرستان کے لئے تاریخ کہی۔

حشر تک ہے یہی جا چین سے سونے کے لئے (۱۳۱۱ھ)

اس کے لیے ضروری ہے کہ "لئے" کے ہمزہ کے دس عدد لیں۔
جرأت نے قائم چاندپوری کی تاریخ کہی:

قائم بنیاد شعر ہندی نر ہی کیا کہئے اب آہ (۱۲۰۸ھ)

اس تاریخ کا پورا عدد حاصل کرنے کے لیے "آہ" کے الف ممدودہ کے دو شمار کرنے کے علاوہ (جس پر تفصیلی بحث ذیل میں ہوگی) "قائم" اور "کہئے" دونوں کے ہمزہ کے لیے دس دس محسوب کرنے کی ضرورت ہے۔
اس کے برعکس جویا صاحب نے تاریخ نکالی:

چشمہ آباد جو روشن ہوئی دل شاد ہوا (۱۲۸۸ھ)

جس میں "ہوئی" کے ہمزہ کو صفر قرار دیا ہے۔
ہمزہ کے سلسلے میں آخر میں حال کی ایک دلچسپ مثال ملاحظہ کریں۔ ڈاکٹر عابد حسین صاحب نے ایک تاریخ نکالی:[۱۳]

ایک بڑھتی ہوئی تاریخ ہے یہ
غزوۂ پنجھ مبارک بھائی

۱۳۵۹ھ = ۱۹۶۰ء

لطف اس تاریخ میں یہ ہے کہ اگر ڈاکٹر صاحب موصوف محمد علی جوہر اور عبدالغنی صاحب کی رایوں پر اور میر حسن یا جویا کی سنت پر عمل کر کے ہمزہ کے صفر محسوب کر لیتے تو ان کو ایک کا تخرجہ کر کے (مقدمہ کا پانچواں باب ملاحظہ کریں) تاریخ کمزور کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی! مگر انھوں نے "بھائی" کے ہمزہ کو ایک محسوب کرنے کا فیصلہ کیا (غزوۂ کا ہمزہ اضافی ہے اور اکثر اسے صفر ہی محسوب کرتے ہیں) ویسے عابد صاحب نے بھی ایک ہی ہمزہ

---

(۱۳) "ڈاکٹر عابد حسین کی شاعری" از صالحہ عابد حسین "آج کل" جون ۱۹۸۰ء

کا عدد لیا ہے۔ مگر ہمزہ کو غیر صفر محسوب کرنے والوں کی اکثریت اس طرح کے درمیان میں آئے ہوئے ہمزہ (جیسے "قائم" کا ہمزہ) کو، خاص طور پر اگر "ی" کا ہم صوت ہو، دس ہی شمار کرتی ہے۔ اس طرح عابد صاحب کا ہمزہ کے غیر صفر محسوب کرنے والوں کی اکثریت سے بھی اختلاف ہو گیا۔ اگر وہ ان سے اتفاق کرتے تو ایک کا نہیں بلکہ دس کا تخرجہ کرنا تھا، اور اگر ہمزہ کے صفر محسوب کرنیوالوں سے اتفاق کرتے تو تخرجہ کی ضرورت ہی نہیں تھی!

ان مثالوں سے بھی مندرجہ بالا بیان کی تصدیق ہو گئی ہو گی کہ ہمزہ کے عدد شمار کرنے میں بے اصولی کا دار دورہ ہے۔

اب الف ممدودہ کی طرف توجہ کریں۔ جیسا پہلے بیان ہو چکا ہے مد ایک حرکت ہے، حرف نہیں اور اس لیے کتابت کے لحاظ سے اس کے لیے کوئی عدد لینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ہے۔ مگر تسلیم سہسوانی صاحب، جنھوں نے تاریخ گوئی کا انحصار سراسر کتابت پر رکھا ہے، اپنے اس عام کلیہ کو پھر فراموش کر کے فرماتے ہیں:[۱۴]

"جو لوگ ناواقف ہیں وہ الف ممدودہ اور مقصورہ میں فرق نہیں کرتے"

اس کی وضاحت آگے یوں کرتے ہیں کہ الف ممدودہ میں دراصل دو الف "چھپے" ہوئے ہیں!

مثال دیتے ہیں

زجود شاہ جہاں بادشہ ملک آرائے (۱۰۰۰ھ)

جو شاہجہاں کی ولادت کی تاریخ ہے (اور خدا نے انھیں کیا بے مثال سال دیا تھا!) تسلیم صاحب کے مطابق "آرائے" کے الف کو دو دفعہ محسوب کرنے سے یہ تاریخ پوری ہوتی ہے (وہ یہ نہیں بتاتے کہ اسے ہمزہ کے ایک محسوب کرنے کا نتیجہ کیوں نہ قرار دیا جائے؟)، ویسے جرأت کی قائم چاند پوری پر کہی ہوئی مندرجہ بالا تاریخ میں بھی الف ممدودہ کو لازمی طور پر دو محسوب کرنے کی ضرورت ہے۔

---

(۱۴) "تلمیح تاریخ"

مگر تسلیم صاحب کو یہ شکایت ہے کہ زیادہ تر تاریخ گو الف ممدودہ کے دو شمار نہیں کرتے۔ مثلاً شاہ جہاں ہی کی تاریخ پیدائش۔

لمعۂ آفتاب عالمگیر (۱۰۰۰ھ)

میں الف ممدودہ کے ایک ہی لیے گئے ہیں (اور ہمزہ کے صفر)۔ تسلیم صاحب کا یہ کہنا درست ہے کہ زیادہ تر تاریخ گو الف ممدودہ کے ایک ہی محسوب کرتے ہیں۔

مگر اس طریقہ کو غلط کہنا ان کے اپنے پیش کردہ کلیہ کے منافی ہے!۔ تاریخوں میں، الف ممدودہ کے صرف ایک محسوب ہونے کی چند اور مثالیں ملاحظہ ہوں یہ تو ہم دیکھ ہی چکے ہیں کہ:

چشم آباد جو روشن ہوئی دل شاد ہوا (۱۲۸۸ھ)

میں الف ممدودہ کے لئے ایک ہی محسوب ہوا ہے (اور ہمزہ کے لیے صفر) اور پھر:

آپ کا باعث ہے قائم ہی رکھا اوّل کی طرح (۱۲۸۸ھ)

میں الف ممدودہ کے لیے صرف ایک محسوب ہے (مگر ہمزہ کے لئے دس) اور اسی طرح نواب آصف الدولہ کی مندرجہ ذیل تاریخ وفات میں بھی الف ممدودہ کے ایک ہی لئے گئے ہیں۔

آصف الدولہ بفردوس بریں منزل کرد (۱۲۱۲ھ)

اس طرح اگر اساتذہ کے قول اور عمل کو سامنے رکھا جائے تو الف ممدودہ کے بارے میں بھی رائے ہمزہ سے بہت مختلف نہیں ہوگی۔

اب کھڑے زبر کے مسئلے کی طرح توجہ دیں۔ ہم دیکھ ہی چکے ہیں کہ کتابت کے لحاظ سے "عیسیٰ" میں "ی" کے دس اور "رحمٰن" میں کھڑے زبر کے صفر ہی محسوب ہو سکتے ہیں مختصر یہ کہ مکتوب کا عدد لینے کے لیے کھڑے زبر کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ مگر تاریخ گویوں نے یہاں بھی عام کلیہ کی پرواہ نہیں کی ہے مثلاً مولانا دلدار علی لکھنوی نے نواب آصف الدولہ کی تاریخ وفات کہی۔

بہنار وحُ وریحانٌ وجنّت النعیم (۱۲۱۲ھ)

اس عبارت میں کھڑے زبر کو محسوب کیے بغیر ۱۲۱۰ بنتے ہیں۔ مگر ہم دیکھ چکے ہیں کہ آصف الدولہ کا سنہ وفات ۱۲۱۲ھ ہے۔ لہٰذا صحیح تاریخ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ

مندرجہ بالا عبارت میں دونوں کھڑے زبر کے ایک ایک محسوب کئے جاتیں۔
اس کے برعکس اکثر تاریخوں میں کھڑے زبر کی کوئی گنتی نہیں ہوتی ہے۔ مثلاً اورنگ زیب کی تاریخ جلوس۔

آفتاب ملک احسان، سایہ رحمٰن (۱۰۶۸ھ)

میں نہ صرف "آفتاب" کا "آ" صرف ایک محسوب ہوا ہے، "رحمٰن" کے کھڑے زبر کو محسوب نہیں کیا گیا ہے۔ ویسے بھی "رحمٰن" کے کھڑے زبر کو محسوب کرنے سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے عدد میں فرق آجاتا ہے جس کا ذکر پھر ذیل میں آئے گا۔
اب تنوین کے مسئلے کو لیں اور دیکھیں کہ تنوین کی موجودگی سے ابجد کے حساب میں فرق پڑتا ہے یا نہیں۔ کتابت کے لحاظ سے تو ظاہر ہے "مثلاً" میں الف کو صرف ایک محسوب ہونا چاہیئے، مگر تسلیم سہسوانی صاحب اپنی کتاب مذکورہ میں محاکمہ کرتے ہیں کہ اگر تنوین کی موجودگی کی وجہ سے لفظ "ن" کے وزن پر آجائے تو الف کے پچاس محسوب کئے جائیں۔ اس محاکمہ پر رائے قائم کرنے میں شاید اس کی بات سے مدد ملے کہ وہ خود تاریخ گویوں اور عروضیوں کا فرق بتاتے ہوئے صریحاً کہہ چکے ہیں کہ وزن کا لحاظ عروضیوں کا کام ہے تاریخ گویوں کا نہیں!! بہرحال اکثر تاریخ گویوں نے تنوین کو محض حرکت تسلیم کرکے حساب جمل میں دخل اندازی کی اجازت نہیں دی ہے۔ اس کی ایک مثال آصف الدولہ کی مندرجہ بالا تاریخ میں آچکی ہے جس "روحٌ" اور "ریحانٌ" میں تنوین کی وجہ سے الفاظ کے نون کے وزن پر آجانے کے باوجود تنوین سے ابجد کے حساب میں کوئی فرق نہیں آیا ہے۔
اب تشدید پر نظر کریں۔ ان سائیکلو پیڈیا آف اسلام مذکور (جلد سوم ص ۴۶۸) کی رائے اس سلسلے میں یہ ہے کہ مشدد حروف کو موقع کے لحاظ سے ایک یا دو دفعہ محسوب کریں۔ ظاہر ہے تشدید بھی ایک حرکت ہے حرف نہیں، اس لئے کتابت کے لحاظ سے مشدد حروف کو صرف ایک دفعہ شمار کرنا چاہیئے ــــ اکثر تاریخوں میں میں نے مشدد حروف کو ایک ہی دفعہ محسوب ہوتے دیکھا ہے۔ مثلاً آصف الدولہ کی مندرجہ بالا تاریخوں میں پہلی میں "آصف الدولہ کی "د" پر تشدید ہے اور دوسری میں جنت کے "ن" پر۔ مگر دونوں تاریخوں میں ان مشدد حروف کو صرف ایک ہی دفعہ محسوب کیا گیا ہے۔

مشدد حروف کے سلسلے میں لفظ "اللہ" کے متعلق مختلف اور دلچسپ رائیں ہیں۔ پہلا سوال یہ ہے کہ اس میں "ل" مشدد ہے یا دو "ل" الگ الگ مکتوب ہیں۔ خان بہادر مسعود حسن صاحب مسعود اپنی مذکورہ کتاب میں فرماتے ہیں:

"لفظ اللہ کے ۶۶ لئے جاتے ہیں۔ کیوں کہ کتابت میں دو لام اور ایک ہائے ہوز ہے"

ویسے "اللہ" میں تشدید کی علامت ہوتی ہے، اس لئے گمان ہوتا ہے کہ اس کے دو لام الگ نہیں ہیں، بلکہ لام مشدد ہے لیکن لام مشدد ہونے کے باوجود پہلا لام ساکت ہو سکتا ہے اور ویسے بھی اردو میں اس لفظ میں دو لام ماننا ہی مناسب ہے، ورنہ جو لوگ مشدد حروف صرف ایک ہی دفعہ محسوب کرتے ہیں اور ان کی یقینی اکثریت ہے، وہ اللہ کے صرف ۳۶ عدد لیں گے اور پھر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے ۷۸۶ کے بجائے ۷۵۶ ہی محسوب ہوں گے! چوں کہ اردو میں حساب جمل کا کوئی دوسرا عدد ۷۸۶ سے زیادہ مشہور نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اس حساب سے ناواقف حضرات بھی اسے بلا تکلف "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے بدل کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے اردو میں لفظ "اللہ" کے سولے ۶۶ کسی اور عدد لینے کا سوال ہی نہیں اٹھتا ہے۔ یہ اس کے باوجود کہ حال ہی میں کسی صاحب نے "ہرے کرشنا" کے ۸۶ جوڑ کر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے بھی ۸۶ شمار کرنے کے پیچھے کسی گہری مذہبی سازش کے گمان کا اظہار کیا ہے! مگر ذرا سی فکر سے یہ نتیجہ نکالنا آسان ہے کہ ان کے گمان کی بنیاد غلط ہے۔ اردو میں "کرشنا" نہیں "کرشن" لکھتے اور بولتے رہے ہیں اس لیے مذکورہ ہم عددی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ "کرشنا" محض انگریزی کتابت اور تلفظ کی نقالی ہے جو ظاہر ہے بہت حال کی بات ہے۔ اس کے علاوہ ہم اس مقدمہ کے چھٹے باب میں ایک ایسی قدیمی غیر اردو تاریخ بھی پائیں گے جس میں "بسم اللہ" میں نہیں بلکہ "رضی اللہ" میں بھی "اللہ" کے ۶۶ محسوب ہیں۔ اس لیے "اللہ" کے ۶۶ محسوب کرنا "بسم اللہ" تک یا اردو تک محدود نہیں ہے۔

اس آخری مثال کے باوجود میں نے بالائی پیراگراف میں اردو کی تخصیص اس لیے کر دی گئی ہے۔ کہ بعض تاریخ دانوں (مثلاً محمد علی جویا) کے مطابق فارسی میں اللہ کے ۳۶ بھی محسوب ہوتے ہیں۔ مگر مندرجہ بالا وجوہات کی بنا پر کم سے کم اردو میں اس کے ۶۶ ہی شمار کرنا درست ہے۔

آخر میں تائے مربوطہ یا مدورہ (ۃ) پر نظر کریں۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، جلد سوم صفحہ ۴۶۸ کی رائے میں تائے مدورہ موقوفہ جیسے "توبہ" کے آخری حرف کے پانچ محسوب ہوتے

ہیں اس لیے کہ اسے بانیٔ مدوّنِ ہائے ہوز تسلیم کیا جاتا ہے۔ مگر تائے مدورہ موصولہ، جیسے "توبۃ النصوح" کی "ۃ" کو "ت" کا بدل قرار دے کر، اس کے ۴۰۰ محسوب کرتے ہیں جناب تسلیم سہسوانی بھی جنھوں نے اس موضوع پر پوری کتاب لکھ دی ہے[۱۵] اس معاملے پر یہی حکم لگاتے ہیں۔ مگر کوئی حکیم امام بخش صہبائی نے جو تسلیم کے اس فیصلے سے متفق نہیں تھے فرمایا کہ اس فیصلے سے "قاعدہ تاریخ ہی مٹا جاتا ہے[۱۶]!"۔ اس زمانے کے مباحثے کے مزاج کا اندازہ تو کسی حد تک صہبائی صاحب کے اس تنقیدی جملے سے بھی لگ جاتا ہے۔ مگر اس کا پورا لطف اس تنقید پر تسلیم صاحب کے ردعمل میں ملتا ہے۔ فرماتے ہیں[۱۷]۔

"اس عبارت میں حکیم صاحب نے اپنے کو ہیچمداں کہا ہے۔
بخدا تمام کتاب میں یہی ایک قول صحیح ہے، اور نہیں"!

حساب جمل کے مذکورہ ساتوں مسئلوں پر اس بحث سے اندازہ ہو گیا ہو گا کہ جو رائے ہمزہ کے متعلق قائم ہوئی تھی کہ اس کے محسوب کرنے میں بے اصولی کا دار دورہ ہے، ہم بالکل یہی بات باقی چھ مسئلوں کے بارے میں بھی کہہ سکتے ہیں۔ اور شاید یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ ان انفرادی مسئلوں پر اصول کا اطلاق تاریخ گویوں کا ذاتی فیصلہ بن گیا ہے!۔

مندرجہ بالا نتیجہ پر پہنچنے کے بعد اس بات پر تھوڑی سی قیاس آرائی بے محل نہ ہو گی کہ حساب جمل کے قاعدوں پر اختلاف اور ان کے اب تک حل نہ ہو سکنے کے اسباب کیا ہیں۔ ایک وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ لوگوں نے، ایک دوسرے سے انجان، اپنے طور پر کسی مسئلہ میں جو عدد مناسب سمجھا اسے محسوب کر لیا۔ اور پھر جب اس پر اعتراض ہوا تو اپنے گھڑے ہوئے قاعدہ کی جہاں تک ہو سکی مدافعت کی ـــــ مگر دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ جاننے کے باوجود کہ اوروں نے ایک خاص صورت میں ایک مخصوص عدد لیا ہے، مختلف موقعوں پر جب تاریخ گویوں نے دیکھا کہ

---

(۱۵) "تائے فوقانی"

(۱۶) تسلیم نے "مفہم تاریخ" میں ان کا ذکر کیا ہے۔

(۱۷) "مفہم تاریخ"

مانے ہوئے قاعدوں پر سختی سے عمل کرنے سے کوئی اچھی تاریخ ہاتھ سے نکلی جاتی ہے تو انھوں نے قاعدوں میں تھوڑی ترمیم کا راستہ ڈھونڈھنا چاہا۔ ظاہر ہے اس طرح کی گنجائش تو حساب جمل کے کلمات میں براہ راست ممکن نہ تھی۔ مگر چونکہ زیر بحث مسئلوں پر اتنے واضح اور مقبول عام احکامات موجود نہ تھے، اس لئے انھوں نے ان میں ترمیم کر کے قاعدوں میں لچک پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس قیاس کو اس بات سے بھی تقویت ملتی ہے کہ صرف ہمزہ ہی کے معاملہ میں نہیں بلکہ دوسرے معاملات پر محاکمہ کرنے والوں نے بھی اس طرح کی لچک ان قاعدوں میں چھوڑ دی ہے کہ مجھے انھیں بھی "اصول بے اصولی" کہنا پڑا۔

مندرجہ بالا دو وجہوں میں جو بھی قاعدوں کی اس افراتفری کی ذمہ دار ہو یا اس کی کوئی اور وجہ ہو ایسے ہے کہ اس لغت کی اشاعت سے اس بے راہ روی کی درستگی میں کچھ مدد ملے گی۔ آپ ذیل میں دیکھیں گے کہ اس لغت میں ایک مسئلہ کے لیے ایک ہی قاعدہ منتخب کیا گیا ہے۔ اور ان تمام قاعدوں کی بنیاد ایک عام کلیہ ہے جس پر اساتذہ کو بھی اتفاق ہے۔ اس لغت کی اشاعت سے امید ہے کہ ایک طرف تو تاریخ گویوں کو حوالہ دیکھنے میں آسانی ہوگی تو دوسری طرف اس کی مدد سے موزوں تاریخیں پہلے کے مقابلہ میں کچھ آسانی سے نکال سکنے کی وجہ سے قاعدوں میں لچک ڈھونڈنے کی ضرورت کچھ کم ہو جائے گی!

وہ عام کلیہ جس کے ماتحت میں نے تفصیلی مسئلوں کے تمام قاعدوں پر عمل کیا ہے کوئی نیا نہیں ہے۔ یہ وہی کلیہ ہے جس پر تسلیم صاحب[18] اور جویا صاحب[19] اور دوسرے اساتذہ کو اتفاق ہے۔ اور جسے ہم یوں بیان کر سکتے ہیں:

"حروف کے اعداد لینے میں کتابت (حروف کی شکل) کو تلفظ پر فوقیت ہے۔"

تسلیم صاحب اور جویا صاحب وغیرہ سے اس لغت کا فرق اتنا ہے کہ ان حضرات نے اس کلیہ کو بیان کرنے کے بعد اسے طاق پر ڈال دیا، اور تفصیلی مسئلوں میں اس کی کوئی مدد نہیں لی۔ اس کے برعکس میں نے اس لغت میں تمام تفصیلی مسئلوں کو اس

(۱۸، ۱۹) ملاحظہ کریں نوٹ (۹) اور (۱۰)

کلیہ کے ماتحت کر دیا ہے۔ اس کے نتیجہ کے طور پر قبل کی بحث کے تحت مندرجہ بالا سات مسئلوں پر فیصلہ کرنا مشکل نہیں۔ صرف یہی نہیں، ان سات مسئلوں کے علاوہ بھی کوئی مسئلہ سامنے آئے تو اس عام کلیہ کی روشنی میں اس پر محاکمہ مشکل نہ ہوگا۔

ان سات مسئلوں پر فیصلے ظاہر ہے یہ ہیں

۱) ہمزہ کے ہمیشہ صفر محسوب کریں۔

۲) الف ممدودہ کو صرف ایک محسوب کریں۔

۳) ی کے دس محسوب کریں۔

۴) محض کھڑے زبر کو صفر محسوب کریں۔

۵) تنوین سے حرف کے عدد میں فرق نہ آنے دیں۔ مثلاً "دفعتًا" کے الف کو ایک محسوب کریں۔

۶) مشدد حروف کو صرف ایک دفعہ محسوب کریں۔ اور اس سلسلہ میں "اللہ" میں دو لام تصور کریں۔

۷) تائے مدورہ موقوفہ ("توبہ" کی "ہ") کو پانچ محسوب کریں۔ چوں کہ تائے مدورہ موصولہ (توبۃ النصوح کی "ۃ") پر کتابت کے لحاظ سے فیصلہ ممکن نہیں اس لئے تلفظ کو دخل اندازی کا موقع دیں۔ کیوں کہ اس سے کتابت کی نوعیت میں فرق نہیں پڑتا ہے۔ اس طرح "ۃ" کو "ت" مان کر چار سو محسوب کریں۔

ان قاعدوں کو بلا استثنیٰ تسلیم کرنے کا نتیجہ ظاہر ہے یہ ہوا ہے کہ لغت میں ہر لفظ کے لیے ایک ہی عدد محسوب کیا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ بعض قارئین کا خیال ہو کہ جس طرح لغت میں عام طور پر ایک لفظ کے کئی معنی دے جاتے ہیں، اسی طرح اس کے کئی عدد بھی دیئے جائیں تو شاید ہرج نہ ہو۔ مگر ذرا سے غور سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ان دونوں مسئلوں میں مشابہت محض خارجی ہے۔ لغت میں مختلف معنوں میں سے ایک مناسب معنی کا انتخاب سیاق کی مدد سے کیا جا سکتا ہے۔ مگر اس کے مختلف اعداد میں ایک کے انتخاب میں سیاق سے کوئی مدد نہیں مل سکتی ہے۔ حساب جمل کے تمام قاعدوں کو اس طرح ایک کلیہ کے ماتحت لانے سے یہ بھی امید ہے کہ مختلف مکاتب خیال کو قریب آنے میں اس لغت سے ٹھوس مدد ملے گی۔

مگر لغت کو منتخب قاعدوں کے تحت اس طرح ترتیب دینے کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں استعمال شدہ قاعدوں کو صحیح مان کر ہی اس سے استفادہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً جو حضرات منتخب قاعدہ کے برعکس "بھائی"، "کہئے" وغیرہ میں ہمزہ کے دس محسوب کرنا چاہیں، تو وہ لغت کے حصہ اوّل میں ایسے عدد میں دس جوڑ دیں تو ان کے حساب کا عدد نکل آئے گا۔ اسی طرح حصہ دوم میں اپنے مطلوب عدد کے تحت الفاظ ڈھونڈھنے کے علاوہ، اس عدد سے دس کم کر کے جو عدد حاصل ہو اس کے تحت بھی الفاظ کی تلاش کریں۔ ممکن ہے وہاں ان کو ایسا لفظ مل جائے جس کے ہمزہ کے دس جوڑ کر وہ اپنا مطلوب لفظ پالیں۔ اسی طرح جو حضرات الف ممدودہ کے دو عدد لینا چاہیں وہ حصہ اوّل میں الف ممدودہ والے عدد میں ایک جوڑ دیں، اور حصہ دوم میں مطلوب عدد کے تحت الفاظ ڈھونڈھنے کے علاوہ، اس سے ایک عدد کم کر کے اس کے تحت کسی الف ممدودہ والے لفظ کی تلاش کریں۔ علیٰ ہذا القیاس۔

مندرجہ بالا بحث سے یہ نتیجہ نکالنا بھی غلط ہوگا کہ اس لغت میں منتخب قاعدوں کو کلی طور پر قبول کرنے کے بعد، ان مسئلوں پر اختلاف رائے سے واقفیت کی ضرورت نہیں رہے گی۔ چوں کہ قدیم اساتذہ نے متفرق قاعدوں کو استعمال کیا ہے اور ممکن ہے کہ آئندہ بھی کچھ فنکار (اگرچہ امید کرتا ہوں کہ ان کی تعداد آہستہ آہستہ کم ہو جائے گی) ان متفرق قاعدوں کو اپنی تاریخوں میں استعمال کرتے رہیں۔ اس لئے ان تاریخوں کی تصدیق کے لئے اور ان سے لطف اندوز ہونے کے لئے یہ لازم ہوگا کہ ان مسئلوں پر اختلافات سے واقفیت رکھی جائے۔ چنانچہ ان کا اس کتاب میں ذکر اور ان پر سیر حاصل بحث اس کتاب کے بنیادی مقصد کے بھی حصول کا ایک ضروری ذریعہ ہے۔

۵ صنائع و بدائع

اس باب میں ہم چند مشہور صنائع و بدائع کا ذکر کریں گے۔ صنائع و بدائع کا ذکر پہلے بھی آچکا ہے۔ اور اسے مشکل پسند حضرات کی طبع آزمائی کا میدان بنایا گیا ہے۔ یہ ویسے بھی صحیح ہے کہ تاریخ گو، عام طور پر صنعتوں کا استعمال اس لیے کرتے رہے ہیں کہ انھیں

محض ابجد کی حساب سے تاریخیں نکالنے سے زیادہ کمال دکھانے کا موقع ملے۔ اس لئے زیادہ تر صنعتیں فنکاروں کی مشکل پسندی اور جدت طرازی کی پہچان سمجھی جاتی ہیں۔ مگر دوسرے فنکاروں کی ایجاد کی ہوئی صنعتوں کے استعمال میں جدت طرازی کو بہت دخل نہیں ہے۔ اور جیسا ہم ذیل میں دیکھیں گے بعض صنعتیں حساب جمل کے سیدھے سادے حساب سے زیادہ مشکل نہیں ہیں اور بعض تو اس کے مقابلہ میں آسان بھی ہیں۔ پھر بھی مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ صنعتوں کا استعمال عام طور پر تاریخ گویوں سے زیادہ محنت طلب کرتا ہے۔ اور اس میں جدت طرازی کی گنجائش بھی زیادہ ہے۔

چوں کہ جدت طرازی کی مختلف شکلوں میں ایک شکل نئی صنعتیں نکالنا بھی ہے۔ اس لئے تمام صنعتوں کا احاطہ ناممکن ہے۔ موزوں طبع حضرات کے لیے کوئی صنعت نکال لینا کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے، اور تعجب نہیں کہ قارئین ہی میں چند حضرات ان سطور کے تحریر ہوتے وقت بھی اس کام میں مصروف ہوں! عشرت لکھنوی لکھتے ہیں۔

"منشی دھنپت رائے محقق خیرآبادی بیکنٹھ باشی نے ایک قاعدہ تاریخ کا نیا ایجاد کیا تھا، الف کے "یک" اس کے اعداد ۳۰ [۳۰=۱۰+۲۰] "واو" کے "شش" اس کے اعداد ۶۰۰ [۶۰۰=۳۰۰+۳۰۰] ۔ اسی طرح تاریخ کہتے تھے اور اس کا نام صنعت نادر رکھا تھا۔"(۲۰)

ہم ذیل میں دیکھیں گے کہ یہ طریقہ "صنعت لفظی" کے نام سے بھی مشہور ہے(۲۱)۔ ظاہر ہے اس کے برعکس ایسے بھی صنائع ہوں گے جن کا نام ان کے موجد کے علاوہ بہت کم ہی لوگوں نے سنا ہوگا!

جیسا عرض کر چکا ہوں اس مقدمہ میں ان تمام صنعتوں کا احاطہ کرنے کی کوشش نہیں کروں گا۔ یہاں صرف چند مشہور صنعتوں کا ذکر ہوگا۔

مختلف صنعتوں کو موجودہ بحث کی خاطر ہم دو حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔ ایک وہ جن میں حروف کے اعداد ابجد کے اعداد سے مختلف نکلتے ہیں۔ انھیں میں "صنائع باعداد

"شاعری کی چوتھی کتاب" نامی پریس ۱۹۲۷ء۔ ڈاکٹر مغیث الدین فریدی صاحب اس صنعت کا سلسلہ مومن تک لے جاتے ہیں۔

غیر ابجدی" کہوں گا۔ وہ صنعتیں جو ابجد کے اعداد براہ راست استعمال کرتی ہیں۔ انھیں میں "صنائع باعداد ابجدی" کہوں گا۔ اوّل الذکر صنعتوں کی اہمیت اس لیے دو بالا ہو جاتی ہے کہ اس سلسلے میں موجودہ لغت کا استعمال سرے سے ممکن نہیں ہے۔ اس سے ایک طرف تو اس لغت کی افادیت کے حدود کا اندازہ ہوتا ہے، تو دوسری طرف مشکل پسندوں کے لیے طبع آزمائی کے لیے میدان کی وسعت کا بھی۔

صنائع باعداد غیر ابجدی

صنائع باعداد غیر ابجدی میں صرف مندرجہ ذیل صنعتوں کا ذکر ہوگا: صنعت بینات صنعت زبر و بینات (مکتوبی)، صنعت لفظی (صنعت نادر) صنعت صغیر، صنعت وسط اور صنعت ہندسہ۔

آئندہ صفحہ کی جدول[۵۴] کی مدد سے "جو ملہم تاریخ" سے ماخوذ ہے میں ان صنعتوں کا خاکہ پیش کروں گا۔ اس جدول کی خوبی یہ ہے کہ اس میں مندرجہ بالا تمام صنعتوں کو صرف ایک ہی عبارت، "خریطۂ سرور" (جو ایک کتاب کا نام ہے) پر استعمال کیا ہے۔ اس موازنہ سے صنعتوں کو سمجھنے میں اور ایک دوسرے سے فرق اور مماثلت دیکھنے میں بہت آسانی ہو گئی ہے۔

جدول کی پہلی سطر میں صرف "خریطۂ سرور" کے حروف درج ہیں۔ دوسری سطر میں حوالے اور مقابلے کے لیے ان حرفوں سے ابجد کے قاعدے سے حاصل کئے ہوئے اعداد ہیں۔ ویسے اہل صنعت نے اس سیدھے قاعدے کو بھی ایک "صنعت" قرار دے کر اسے "صنعت زبر" کا نام دے دیا ہے۔ تیسری سطر سے آخری سطر تک "صنائع باعداد غیر ابجدی" ہیں۔ ان کو بالترتیب ملاحظہ کریں:

صنعت بینات

کسی حرف کی "بینۃ" نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اسے ملفوظ کر کے ایک کلمہ کی شکل دیتے ہیں۔ جیسے "ا" کو ملفوظ کر کے "الف"، "ب" کو ملفوظ کر کے (فارسی تلفظ میں) "با"، اور "غ" کو ملفوظ کر کے "غین"۔ پھر ایسے کلموں کے پہلے حروف کو چھوڑ کر، باقی سارے حروف کے ابجدی اعداد جوڑ دیتے ہیں۔ یہ ان حروف کی

جدول ۴

"خریطہ سرور" کے اعداد، مختلف صنائع میں

حروف	خ	ر	ی	ط	ہ	س	ر	و	ر	جمع	ہم عدد عبارت[۴۱]
اعداد ابجدی (زبر)	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۹	۵	۶۰	۲۰۰	۶	۲۰۰	۱۲۹۰	خریطہ سرور
بینات	۱	۱	۱	۱	۱	۶۰	۱	۷	۱	۷۴	جمالی
مکتوبی (زبر بینات)	۶۰۱	۲۰۱	۱۱	۱۰	۶	۱۲۰	۲۰۱	۱۳	۲۰۱	۱۳۶۴	معطر دماغ
لفظی یعنی صفت نادر	شش صد ۶۹۴	دو صد ۱۰۴	دہ ۹	نہ ۵۵	پنج ۵۵	شصت ۷۹۰	دو صد ۱۰۴	شش ۶۰۰	دو صد ۱۰۴	۲۵۱۵	حضور ستان نظم
صغیر	صفر	۸	۱۰	۹	۵	صفر	۸	۶	۸	۵۴	جان
وسط	۲۴	۲۰	۱۰	۹	۵	۱۵	۲۰	۶	۲۰	۱۲۹	لطیف
ہندسہ	۶۰	۲۰	۱۰	۹	۵	۱۵	۲۰	۶	۲۰	۱۶۵	اقدس

(۴۱) آخری کالم میں اعداد کے مطابق ابجدی اصول سے مناسب الفاظ "ملاہم تاریخ" سے نقل کر دیے گئے ہیں۔ ان کا براہ راست موجودہ بحث سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

"بینات" ہوگیں مثلاً "الف" کے پہلے حرف کو چھوڑ کر باقی حروف کے عدد ۸۰+۳۰ ۱۱۰ = (ایک سو دس) ہوئے۔ یہ "ا" کی "بینہ" ہے۔ "با" کے پہلے حرف کو چھوڑ کر حرف "ا" بچتا ہے، جس کا ایک ہوا اس لئے "ب" کی بینہ ایک ہے۔ اسی طرح "غ" کی بینہ "غین" کے آخری دو حرف کو جوڑنے سے (۶۰ + ۱۰ = ۵۰) ساٹھ ہوئی۔ غرض سارے حروف کی بینات اس طرح نکالی جاسکتی ہیں۔ پھر ان کی مدد سے تاریخیں کہہ سکتے ہیں یا انہیں کسی اور کام میں استعمال کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ بینات حاصل کرنے میں حروف کے فارسی تلفظ کا استعمال کرتے ہیں مثلاً "ب" کو "با" کہتے ہیں تب بینہ لیتے ہیں، اسے "بے" نہیں کہتے، جواب عام اردو تلفظ ہے۔ (۴۲)

جدول ۴ کی تیسری سطر میں پہلی سطر کے حروف کی بینات کے اعداد مرقوم ہیں۔ اس طرح "خا" کے ایک، "را" کے ایک، "یا" کے ایک، "طا" کے ایک، "ہا" کے ایک، "سین" کے (۱۰ + ۵۰) ساٹھ اور "واؤ" کے (۱ + ۶) سات عدد حاصل کئے گئے ہیں۔

ایک دفعہ بینات کے عدد حاصل کر لینے کے بعد بینات کے اعداد سے تاریخیں نکالنے میں اور ابجد کے اعداد سے تاریخیں نکالنے میں کوئی بنیادی فرق نہیں ہے۔ صرف یہ کہ چوں کہ بینات میں حروف کے اعداد اوسطاً کم ہوتے ہیں، محض بینات سے تاریخیں نکالنے میں اکثر زیادہ الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ بینات میں تاریخیں کہنے میں اس لغت کا کوئی استعمال نہیں ہوسکتا ہے

صنعت مکتوبی (زبر و بینات)

صنعت مکتوبی اور صنعت بینات میں فرق صرف یہ ہے کہ مکتوبی میں ملفوظ حرف کے بنے ہوئے کلمے کے سارے اعداد جوڑتے ہیں، بینات کی طرح پہلے حرف کو چھوڑ نہیں دیتے۔ مثلاً صنعت مکتوبی میں "الف" ملفوظ کرتے ہیں تو اس کے ۱۱۱ = ۸۰ + ۳۰ + ۱ لیتے ہیں، بینات کی طرح ۱۱۰ نہیں۔ اسی طرح "غین" ملفوظ کر کے صنعت مکتوبی میں (۵۰ + ۱۰ + ۱۰۰۰) ایک ہزار ساٹھ جوڑتے ہیں، بینات کی طرح صرف ۶۰ نہیں۔

---

(۴۲) ملاحظہ ہو "فیروز اللغات" جس سے اس لغت کی تیاری میں بہت مدد ملی ہے۔

حساب جمل کے کلموں میں شامل حروف میں ملفوظ حروف کے کلمہ کا پہلا حرف ہمیشہ حرف کی اصلی شکل کا ہوتا ہے۔ مثلاً "الف" کا "ا" اور "غین" کا "غ" اس لئے ملفوظ حرف کے پہلے حرف کا ابجد کے قاعدے سے اتنا ہی عدد ہوتا ہے جتنا اس حرف کا اپنا ابجدی عدد ہے۔ اور ہم دیکھ چکے ہیں کہ ابجد کے عام طریقے سے حاصل کئے ہوئے اعداد کو "صنعت زبر" سے حاصل کئے ہوئے اعداد بھی کہتے ہیں۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ مکتوبی عدد دراصل زبر سے حاصل کئے ہوئے عدد کو بینات سے حاصل کئے ہوئے عدد میں جوڑنے سے بنتا ہے۔ اسی وجہ سے صنعت مکتوبی کو صنعت "زبر و بینات" بھی کہتے ہیں۔

چونکہ الفاظ کے مکتوبی عدد زبر کے عدد کو بینات کے عدد میں جوڑنے سے بنتے ہیں، اس لیے مکتوبی (زبر و بینات) کے عدد ہمیشہ عام ابجدی عدد (زبر) سے زیادہ ہوتے ہیں۔

بینات کی طرح مکتوبی اعداد بھی سارے حروف کے لیے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اور ان سے بھی تاریخیں نکالنا، ابجد کے سیدھے اصولوں سے تاریخیں نکالنے سے بنیادی طور پر مختلف نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ الفاظ کے مکتوبی اعداد بھی موجودہ لغت سے نہیں مل سکتے ہیں۔

"خریطہ سرور" کے مکتوبی اعداد، جدول مذکور کی چوتھی سطر میں دیے گئے ہیں۔

جیسا بیان کیا جا چکا ہے، شاعروں نے بینات میں اور زبر و بینات میں بھی تاریخیں کہی ہیں۔ اور زبر میں تو خیر کہتے ہی آرہے ہیں۔ چوں کہ صنعتوں کے اختراع اور ان کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں ہے، اہل فن کبھی کبھی ایک ہی تاریخ میں ایک سے زیادہ صنعتیں استعمال کر گئے ہیں! مثلاً صابر حسن صابر نے ایک ہی تاریخ میں مندرجہ بالا تینوں صنعتوں کا استعمال کیا ہے۔

	زبر	زبر و بینات	بینات
	مبارک	جشن	بسم اللہ باشد
	۲۶۳	۵۱۹	۵۰۶
۱۳۰۸ھ			

صنعت لفظی (صنعت نادر)

صنعت لفظی اور صنعت مکتوبی میں اس حد تک مماثلت ہے کہ دونوں میں اعداد حاصل کرنے کا انحصار فارسی تلفظ پر ہے اور دونوں میں ملفوظ حروف کے سارے اعداد استعمال ہوتے ہیں۔ مگر مکتوبی میں حرفوں کے براہ راست تلفظ سے جو کلمے بنتے ہیں ان کے اعداد اصول ابجدی سے محسوب کئے جاتے ہیں، جبکہ صنعت لفظی میں حروف کے ابجدی اعداد کو ملفوظ کرنے سے جو کلمے بنتے ہیں پھر ان کے ابجدی عدد لیے جاتے ہیں جدول ۴۵ کی پانچویں اور چھٹی سطر سے یہ طریقہ واضح ہو جاتا ہے۔ مثلاً "خ" کا ابجدی عدد ۶۰۰ ہے۔ اس کو فارسی میں ملفوظ کرنے پر "شش صد" کہیں گے۔ اس عبارت کے عدد (۳۰۰ + ۹۰ + ۴) چھ سو چورانوے ہوئے۔ یہ "خ" کے لیے صنعت لفظی سے حاصل کیا ہوا عدد ہے۔ اس صنعت میں بھی سارے حروف کے اعداد قائم ہیں۔ اور یہ بھی تاریخ گوئی میں ابجد کے عام اعداد کی طرح استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس صنعت میں میں بھی تاریخیں کہنے میں اس لغت کا براہ راست استعمال نہیں ہو سکتا ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر معلوم ہوتی ہے کہ چوں کہ صنعت بنیات، صنعت مکتوبی اور صنعت لفظی میں فارسی تلفظ اور الفاظ کی بنیاد پر اعداد مقرر کئے جاتے ہیں۔ ان میں ایک آسان سی جدت یہ ہو سکتی ہے کہ ان صنعتوں کی بنیاد اردو تلفظ اور الفاظ پر رکھی جائے۔ اس طرح "ب" کا تلفظ "با" کے بجائے "بے" مانا جائے گا اور بینات میں اس کے ایک کے بجائے دس محسوب ہوں گے۔ اس طرح اگر صنعت لفظی کی بنیاد اردو الفاظ پر رکھی جائے تو "خ" کے ۶۰۰ کو "چھ سو" کہیں گے اور اس کا لفظی عدد ۶۹۴ کے بجائے ۶۷۴ محسوب کریں گے۔

صنعت صغیر

اس صنعت میں اوّل تو حروف کے اعداد ابجد کے حساب سے لکھ لیتے ہیں۔ ان کی اکائیوں کو حرف (ا، ک، ت) لے لیتے ہیں۔ (ا، ک، ت) والے اعداد کو بارہ سے تقسیم کرتے ہیں اور صرف آخر میں باقی بچے اعداد کو محسوب کرتے ہیں۔ پھر سینکڑے والے اعداد یا ہزار کو پہلے دس سے تقسیم دے کر دہائیاں بناتے ہیں، اور ان دہائیوں کو بارہ سے

تقسیم کر کے پھر آخر میں جو اعداد بچتے ہیں انھیں محسوب کرتے ہیں۔ جدول ۵ کی ساتویں سطر پر غور کرنے سے اس صنعت کے اصول واضح ہو جاتے ہیں۔ پہلا حرف "خ" ہے۔ اس کے ۶۰۰ ہوتے۔ اور اس کی ۶۰ دہائیاں ہیں۔ ۶۰ کو بارہ سے تقسیم دینے سے باقی کچھ نہیں۔ اس لیے اس کا عدد صفر ہوا!

اس کے بعد "ر" کو لیں۔ اس کے ۲۰۰۔ یعنی ۲۰ دہائیاں ہوتیں۔ ۲۰ کو بارہ سے تقسیم دینے پر ۸ بچتے ہیں۔ یہی "ر" کے خانے میں درج ہے۔ "ی" کے دس ہوئے بارہ سے تقسیم دینے سے ۱۰ ہی بچتے ہیں۔ اس لیے "ی" کے خانے میں ۱۰ درج ہے۔ "ط" اور "ہ" کے اعداد اکائیاں ہیں اور اسی طرح مرقوم ہیں۔ پھر "س" کے ۶۰ کو بارہ سے تقسیم دینے سے صفر بچتے ہیں اور وہی درج ہے اسی طرح "ر" کے ۸، "و" کے ۶ اور پھر "ر" کے ۸ درج ہیں۔

اس صنعت سے حاصل کئے ہوئے اعداد بہت چھوٹے ہوتے ہیں، جو ظاہر ہے اس صنعت کی وجہ تسمیہ ہے۔ ویسے اس صنعت کے حساب سے بھی سارے حروف کے اعداد مقرر ہیں، اور حسب مرضی استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ ظاہر ہے اس صنعت میں بھی اس لغت کا استعمال نہیں ہو سکتا ہے۔

مندرجہ بالا "صنائع باعداد غیر ابجدی" میں گرچہ بالآخر حروف کے اعداد ابجد کے اعداد سے مختلف نکلتے ہیں، ان کے حاصل کرنے کی بنیاد ابجد کے اعداد ہیں۔ کچھ ایسے صنائع بھی ہیں جن میں حروف کے اعداد حاصل کرنے میں ابجد کے اعداد سے کوئی مدد نہیں لی جاتی ہے۔ جدول ۵ کی آخری دو صنعتیں، صنعت وسط اور صنعت ہندسہ ابجد کے اعداد سے کوئی مدد نہیں لیتی ہیں، گرچہ حروف ابجدی کی ترتیب پھر بھی استعمال کرتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان میں بھی حروف کے اعداد مقرر ہیں، مگر ان میں بھی ہمارے لغت کے استعمال کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

صنعت وسط

اس کا حساب بہت سیدھا سادہ ہے۔ اس میں ابجد کے حروف بالترتیب لکھ جاتے ہیں اور صرف ترتیب کے مطابق حرف کے عدد مان لیتے ہیں۔ ظاہر ہے سب سے چھوٹا عدد "الف" کا ہے جو ایک ہے، اور بڑا عدد "غ" جس کے اٹھائیس ہوتے ہیں۔ چونکہ وہ آخری یا اٹھائیسواں عدد ہے۔ اسی طرح "ن" کے ۱۴ ہوئے اس

لئے کہ وہ چودھواں عدد ہے۔ جدول ۴ کی آٹھویں سطر میں صفت وسط کے عدد درج ہیں۔

صنعت ہندسہ

یہ صنعت وسط کی تھوڑی زیادہ پیچیدہ شکل ہے۔ مگر مشکل نہیں۔ اس میں بھی حروف کو ابجد کی ترتیب میں لکھتے ہیں۔ اور پہلے سے بیسویں حرف تک صنعت وسط ہی کی طرح ایک سے بیس محسوب کرتے ہیں۔ مگر اکیسویں حرف کے ۲۱ لینے کے بجائے ۳۰ لیتے ہیں، اور بائیسویں حرف کے ۴۰ اسی طرح اٹھائیسویں حرف کے ۱۰۰ ہو جاتے ہیں جدول کی آخری سطر میں اس صنعت سے حاصل کئے ہوئے اعداد درج ہیں۔ مثلاً "خ" ابجد کی ترتیب میں چوبیسواں حرف ہے، اور اس کے خانے میں ۶۰ درج ہے۔

صنائع باعداد ابجدی

ان صنعتوں کے بعد میں ذکر کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ مندرجہ بالا صنعتوں سے کم اہم ہیں۔ دراصل ذیل میں درج پہلی صنعت اتنی عام اور آسان ہے کہ اسے عام طور پر "صنعت" بھی نہیں کہتے!۔ قبل الذکر صنعتوں کا ذکر پہلے کرنا اس لیے مناسب سمجھا گیا کہ وہ واضح طور پر اس لغت کی دسترس سے باہر ہیں اور مشکل پسندوں کی طبع آزمائی کے لیے آسانی سے سامان فراہم کر سکتے ہیں۔

صنعت تعمیہ و تخرجہ

زیادہ تر صنائع کا استعمال تاریخ گوئی کی مشکل پسندی کا ثبوت مانا جاتا ہے۔ مگر "تعمیہ" اور "تخرجہ" زیادہ تر تاریخ گوئی آسان کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں!

تعمیہ اور تخرجہ میں ابجد کے اعداد براہ راست استعمال کرتے ہیں۔ لیکن اس طرح عدد لینے میں اگر کسی مناسب مادہ کا عدد مطلوب عدد سے کم یا زیادہ پڑ جائے تو مادہ کے عدد میں ضروری عدد جوڑ یا گھٹا کر اعداد پورے کر لیتے ہیں اور قاری کو اس کی

اطلاع اسی مصرع میں یا کسی اور مصرع میں دیدیتے ہیں۔ اس طرح سے عدد جوڑنے کو "تعمیہ" اور کم کرنے کو "تخرجہ" کہتے ہیں۔ عام طور پر اس ترکیب کا استعمال تاریخ کی حیثیت کو کم کر دیتا ہے۔

تعمیہ کی مثال

سر اخلاص سے تاریخ ہے داغ مزار اشرف عبد النبی شاہ

۱۳۰۴ + ۱ = ۱۳۰۵

دوسرے مصرع کے ۱۳۰۴ بنتے ہیں۔ "سر اخلاص" الف ہے جس کے ایک ہوئے اس کے جوڑ دینے سے مطلوب عدد نکل آتا ہے۔

تخرجہ کی مثال

تخرجہ کی ایک مثال ڈاکٹر عابد حسین صاحب کی تاریخ سے دی جا چکی ہے جس میں ایک کا تخرجہ ہوا تھا۔ ایک مشہور تاریخ مومن کی کہی ہوئی ہے جس میں تخرجہ کی بلاغت نے اس کو تاریخ کی کمزوری کے بجائے اس کی تقویت کا باعث بنا دیا ہے!

نال کٹنے کے ساتھ ہاتف نے کہی تاریخ دختر مومن

۱۳۴۰-۸۱ = ۱۲۵۹

اس تاریخ میں ۸۱ کا تخرجہ ہوا ہے۔ عام طور سے اکائی سے زیادہ کے تعمیہ یا تخرجہ کو معیوب مانتے ہیں۔ لیکن مومن کے تخرجہ کی موزونی نے اس موقعہ پر اس اصول کو بے معنیٰ بنا دیا ہے۔ مگر ایسی مثالیں شاذ ہیں۔ زیادہ تر تعمیوں اور تخرجوں میں کسی عدد کے زیادہ یا کم کرنے کے براہ راست حکم کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوتا۔

اس موضوع کے آخر میں تعمیہ اور تخرجہ کی ایک ذیلی صنعت کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔ یہ جوڑنے یا گھٹانے کے بدلے ضرب اور تقسیم کی صنعت ہے گرچہ مجھے اس کا نام معلوم نہیں۔ جس طرح تعمیہ یا تخرجہ کسی عدد کو مادہ میں جوڑنے یا گھٹانے کا حکم ہوتا ہے، اس صنعت میں کسی عدد سے مادہ کو ضرب یا تقسیم کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ یہاں ایک مثال کافی ہوگی۔

تین چکر لگائے روزگار۔

۴۳۴×۳ = ۱۳۰۲

صنعت الصنائع

اس صنعت کا شمار صنائع باعداد ابجدی میں کرنا کسی حد تک مشتبہ ہے۔ اس لئے کہ اس صنعت کا ایک حصہ تو براہ راست ابجدی اعداد استعمال کرتا ہے لیکن اس کا دوسرا حصہ ابجد کے اعداد کا استعمال تو الگ رہا، حروف کے لیے کوئی عدد ہی نہیں لیتا ہے! اس کے بجائے واقعہ کی تاریخ براہ راست الفاظ میں کہہ دیتا ہے۔ براہ راست تاریخ کی مثال تو مضحکہ خیز حد تک آسان ہے:

تیرہ سو چھبیس تھے ہجری کے سن

یا کبھی ان میں اور بھی تفصیلات ہوتی ہیں، جیسے بہار کے زلزلہ کے متعلق اس مصرع میں

مہینہ جنوری، چونتیس کی تاریخ پندرہ تھی

ظاہر ہے اس طرح کی "تاریخ" کا حساب ابجدی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اساتذہ نے الفاظ میں کہی ہوئی ایسی "تاریخوں" کو حروف کے اعداد (ابجدی، یا کسی اور صنعت کے مطابق) پر مبنی تاریخوں سے فرق کرنے کے لئے "صوری" تاریخ کا نام دیا ہے۔ اس کے برعکس حروف کے اعداد پر مبنی تاریخوں کو "معنوی" تاریخ کہا ہے۔ یہاں ہمیں ان تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں۔ اور اس مقدمہ میں "صوری" تاریخوں کا شاید ذکر بھی نہ کرتا اگر "صنعت الصنائع" صوری اور معنوی تاریخوں کو ایک سنگم پر نہ لے آتی۔

تو صنعت الصنائع اسی سنگم کا نام ہے اور اس میں الفاظ سے براہ راست کہی ہوئی تاریخ (صوری) کے حروف کو ابجد کے لحاظ سے محسوب کرنے سے وہی تاریخ نکلتی ہے۔ اس کی سب سے مشہور مثال غزالی مشہدی کی تاریخ وفات ہے:

سنہ نہ صد و ہشتاد نوشت

۹۸۰ھ

ظاہر ہے صنعت الصنائع میں ایسی تاریخ تو قسمت ہی سے نکل سکتی ہے، محنت سے نہیں۔ مگر صوری تاریخ کے پورے مصرع سے اگر تاریخ نکالنی ہو تو پھر یا تنی مشکل

صنعت نہیں جتنی تسلیم صاحب نے بتائی ہے[۲۳] اور مندرجہ بالا تاریخ میں بھی "سنہ" کے عدد شامل ہیں، صرف ملفوظ عدد کے نہیں۔

مگر "صوری" اور "معنوی" کے سنگم کی دوسری شکلیں بھی ہو سکتی ہیں۔ مثلاً صوری تاریخ ہجری کی ہو اور معنوی عیسوی میں نکالیں۔ پھر "معنوی" کے لیے دوسری صنعتوں کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ مثلاً "مکتوبی" یا "لفظی" کے عدد لے کے "صوری" تاریخ کے برابر کرنے کی کوشش کریں لیکن اس صورت میں بھی اسے "صنعت الصنائع" کے نام سے پکار سکتے ہیں یا نہیں، یہ الگ بات ہے۔

صنعت کامل

صنائع باعداد ابجدی میں بھی ایسے صنائع ہیں جن میں لغت کا استعمال ممکن نہیں ہے۔ مثلاً اگر صرف منقوطہ حروف کے اعداد لے کر، یا صرف غیر منقوطہ حروف کے اعداد لے کر یا صرف ساکن حروف کے اعداد لے کر یا صرف متحرک حروف کے اعداد لے کر اگر تاریخیں نکالی جائیں تو ظاہر ہے کہ اس لغت سے اس میں مدد نہیں ملے گی، اس لئے کہ یہ لغت مکمل الفاظ کے اعداد دیتا ہے، ان کے حصوں کے نہیں۔ اب اگر ایک شعر کے منقوطہ حروف کو لے کر الگ تاریخ نکالیں اور پھر غیر منقوطہ حروف کو، پھر ایک مصرع کے منقوطہ کو دوسرے مصرع کے غیر منقوطہ سے ملا کر تاریخ نکالیں اور پھر ایک شعر کے پہلے مصرع کے منقوطہ دوسرے شعر کے پہلے مصرع کے غیر منقوطہ سے۔ اور ایک مصرع کے ساکن حروف کے اعداد دوسرے مصرع کے ساکن حروف کے اعداد میں جوڑ دیں علیٰ ہذا القیاس۔ تو پھر چند ہی اشعار سے بہت ساری تاریخیں نکل سکتی ہیں اور شعروں کی تعداد بڑھنے سے تاریخوں کی تعداد بڑی تیزی سے بڑھنے لگتی ہے۔ جو صنعت اس امکان کو استعمال کرتی ہے اسے صنعت کامل کہتے ہیں۔

مندرجہ ذیل مثال جو "ملہم تاریخ" مذکور سے لی گئی ہے۔ اس صنعت کے سمجھنے میں مدد دے گی۔ مثال دو اشعار پر مشتمل ہے۔

نیک صورت، نیک قالب ماہ پیکر ہے ادا
والی زینبدہ برجا ہے تمھیں فیل و عمار

---

(۲۳) ملہم تاریخ۔

آپ کا باعث ہے قائم ہی رکھا اوّل کی طرح
دل سے دیکھو تو مہ اقبال کو ہے بے قرار

ان اشعار کے ہر مصرع کے ۱۲۸۸ محسوب ہوتے ہیں (" قائم" کے ہمزہ کو دس محسوب کر کے) اس کے علاوہ ہر مصرع کے منقوط حروف (مثلاً پہلے مصرع کے ن، ی، ت، ق، ب وغیرہ) کو جوڑنے سے ۶۴۴ بنتے ہیں، جو ۱۲۸۸ کی نصف ہے۔ اس لیے غیر منقوط حروف کے بھی ۶۴۴ ہوئے۔ اب اگر پہلے مصرع کے منقوط حروف کے اعداد کو دوسرے مصرع کے منقوط کے اعداد میں جوڑ دیں اور غیر منقوط کے اعداد بھی اسی طرح جوڑیں، اور منقوط کے غیر منقوط سے علیٰ ہذا القیاس تو اس طرح تاریخیں نکلتی چلی جائیں گی۔ اس طرح کے دس اشعار "ملہم تاریخ" میں دیے گئے ہیں اور تسلیم سہسوانی کہتے ہیں کہ ان دس اشعار سے بارہ ہزار تاریخیں ان سب ترکیبوں سے نکال سکتے ہیں۔ میں نے اس کا حساب نہیں کیا ہے۔ اور مجھے تعجب ہوگا کہ دراصل اتنی تاریخیں نکلیں، مگر یہ یاد رہے کہ ہر مصرع کے غیر منقوط حروف باقی سارے مصرعوں کے غیر منقوط حروف سے الگ الگ مل کر تاریخیں بنا سکتے ہیں۔ اور منقوط کے ساتھ وغیرہ وغیرہ۔ اور ان سب کی مجموعی تعداد یقیناً بہت زیادہ ہوگی۔ اور شاید کچھ لوگوں نے ایسے بیسوں اشعار نکالے ہوں!۔ اور کچھ نہیں تو اس صنعت کے برتنے والوں کی محنت یقیناً قابل داد ہے!۔ اور صنعت اسم بامسمّٰی۔ ویسے تعجب نہیں کہ ایسی طبیعتیں بھی ہوں جو اتنی "وزنی" صنعت اور اس میں استعمال شدہ الفاظ کے بے معنی ہونے کے حدود کو چھو لینے والی ثقالت کو برداشت نہ کر سکیں، اور تاریخ گوئی ہی سے برگشتہ ہو جائیں!

"فی البدیہہ" تاریخ گوئی:

فی البدیہہ تاریخ گوئی کوئی "صنعت" نہیں ہے، اس لیے قاعدے سے اس کا ذکر اس باب میں نہیں آنا چاہیے تھا۔ مگر چوں کہ مختلف صنعتیں استعمال کرنے کا مقصد تاریخ گوئی میں اپنے کمال کا مظاہرہ ہی ہوتا ہے، اور فی البدیہہ تاریخ گوئی کا بھی ظاہر ہے یہی مقصد ہے، اس لیے اس کا ذکر اس باب میں بہت غیر موزوں

بھی نہیں ہے۔

پرانے زمانے کے تاریخ گویوں کے ذکر میں اکثر ایسے واقعات بیان کئے جاتے ہیں جن میں کسی استاد نے کسی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فی البدیہہ تاریخ کہہ دی۔ گرچہ میں صحیح معنوں میں فی البدیہہ تاریخ کہنا تقریباً ناممکن سمجھتا ہوں، میرا مقصد یہاں یہ نہیں ہے کہ ان واقعات کو غلط ثابت کردوں۔ میں یہاں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بہت ساری تاریخیں جو "فی البدیہہ" تصور کی جاتی ہیں، تھوڑی کوشش سے ہم آپ بھی کہہ سکتے ہیں!۔

سب سے پہلے ولادت کی "فی البدیہہ" تاریخوں پر نظر کریں۔ ایسی "فی البدیہہ" تاریخیں کہنے کے لیے لوگوں کو سات آٹھ مہینے کا وقت ملتا ہے! بڑی آسانی سے ہم لڑکے کی اور لڑکی کی تاریخیں چھ مہینے پہلے کہہ کر اپنے دماغ میں یا کاغذ پر محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اور ولادت کی اطلاع ملنے پر اسے فی البدیہہ تاریخ کے طور پر پیش کرسکتے ہیں۔ ممکن ہے مومن نے اپنی لڑکی کی ولادت کی تاریخ (جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے) صحیح معنوں میں فی البدیہہ کہی ہو۔ مگر وقت انھیں آٹھ مہینے تک کا ملا تھا!

وفات کی تاریخ میں یہ آسانی نہیں ہے۔ پھر بھی وفات کی تاریخیں جن میں متوفی کا نام نہ ہو آسانی سے پہلے سے کہہ کے رکھی جاسکتی ہیں۔ تاریخ گو چاہے تو ہر سال چند تاریخیں کہہ کے رکھ سکتا ہے۔ جس میں متوفی کی عام خوبیوں کا ذکر ہو، پھر کسی "مناسب" شخص کی وفات پر اس سال کے لئے کہی ہوئی کسی تاریخ کو فی البدیہہ تاریخ کے طور پر پیش کرسکتا ہے۔ ایک مشہور فی البدیہہ تاریخ ہے۔

چراغ گل

۱۲۵۴ھ

مگر اس کو کسی بھی مشہور آدمی کے لئے استعمال کیا جاسکتا تھا!

اگر وفات کی تاریخ میں متوفی کا نام بھی شامل کرنا ہو تو فی البدیہہ تاریخ کہنے میں زیادہ کاوش کی ضرورت ہوگی۔ لیکن اگر کسی منتخب شخص کی تاریخ کہنا ہو تو یہ اتنا مشکل بھی نہیں۔ مثلاً کوئی شخص اگر اپنے بوڑھے استاد کی تاریخ "فی البدیہہ"

کہنا چاہے تو وہ ہر سال ایک تاریخ کہہ کے رکھ سکتا ہے، اور انتقال کے سال کے لئے کہی ہوئی تاریخ "فی البدیہہ" کے طور پر پیش کر سکتا ہے!۔

اور اگر کوئی چاہے تو اپنی تاریخ وفات بھی ہر سال کہہ کے اپنی ڈائری میں لکھ لے۔ سال کے آخر میں ڈائری ضائع ہی ہو جاتی ہے۔ اس لیے اس کے مرتے وقت اسی سال کی تاریخ لوگ دیکھ سکیں گے اور اس طرح مرنے کے بعد اس کو صرف ایک استاد تاریخ گو ہونے ہی کی شہرت نہیں ملے گی، بلکہ غیب داں ہونے کی بھی!

معلوم نہیں اس سلسلے میں جو کہانیاں مشہور ہیں ان میں سے کتنی صحیح معنوں میں فی البدیہی صلاحیت یا غیب دانی کا نتیجہ ہیں۔ مگر ظاہراً طور پر "فی البدیہہ" تاریخیں کہنا یا تاریخ کہہ کر اپنی غیب دانی جتانا، اتنا مشکل کام نہیں ہے!

۴۔ تاریخ برائے تاریخ

اب تک جو تاریخیں پیش کی گئی ہیں ان کا مقصد حساب جمل کے کسی اصول یا صنعت کو واضح کرنا تھا۔ اس باب میں چند تاریخیں صرف تفریح طبع کے لیے پیش کر رہا ہوں۔

روایت کی کسی حد تک پیروی کرتے ہوئے پہلے بزرگان دین کی دو تاریخوں سے شروع کریں۔ ویسے بھی ان تاریخوں کو اولیت اس بات پر دینا ہے کہ یہ کسی بھی زبان کی موزوں ترین تاریخوں میں شمار ہو سکتی ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ نے سربسجدہ وفات پائی — امام ساجد

۱۵۰ھ

اور امام مالک کی تاریخ وفات — آہ امام مالک

۱۷۹ھ

اردو کے شاید سب سے پہلے صاحب دیواں شاعر محمد قطب علی شاہ کی تاریخ پیدائش جو غالباً عصری ہے:

باعث روزی اہل عالم

۹۷۳ھ

تاریخ گوئی کا ایک دستور یہ رہا ہے کہ کسی مشہور شعر یا مصرع سے تاریخ نکالی جائے۔ بہت دن نہیں ہوئے کہ جگر اور دل کا ایک ہی سال انتقال ہوا۔ غالب کے ایک شعر سے اس کی ایسی تاریخیں نکلتی ہیں کہ اس کے لیے شعر میں تھوڑی تحریف اور "رووں" کے ایک "و" کا غائب ہو جانا بھی گراں نہیں گزرتا ہے۔

اے یار دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں (۱۳۸۰ھ)

اور شعر کے دوسرے مصرع سے تعمیہ کے ساتھ:

غالب کے لب سے عیسوی تاریخ بھی ہوئی
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

۱۹۶۱ = ۳۲ + ۱۹۲۹

پھر کبھی کبھی یہ کوشش بھی کامیاب ہو جاتی ہے کہ مرنے والے شاعر ہی کے شعر سے اس کے موت کی تاریخ نکالی جائے۔ غالب کی تاریخ نکالنے کی حالی کی یہ کوشش مشہور ہے:

تاریخ ہم نکال چکے پڑھ بغیر فکر — حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

۱۲۸۵ھ = ۱۵۱۱ - ۲۷۹۶

تخرجہ کے اعداد بہت زیادہ ہیں، مگر تاریخ خوبیوں سے خالی نہیں۔ مگر اس سے زیادہ صاف مثال، ناسخ کی کہی ہوئی غازی الدین حیدر شاہ کی تاریخ وفات کی ہے۔

گفت تاریخ مصرعہ استاد — اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

۱۲۴۳ھ

مگر میرے خیال میں اس طرح کی تاریخ کا موزوں ترین نمونہ، حال کی ایک منتخب تاریخ ہے جو نصیر ترابی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے اور "افکار" کراچی میں شائع ہوئی۔ یہ جوش کی تاریخ وفات ہے، اور ان کی مشہور رباعی

دانائے رموز این و آں ہوں اے جوش
مولائے اکابر جہاں ہوں اے جوش
کیوں اہل نظر پڑھیں نہ کلمہ میرا
میں شاعر آخر الزماں ہوں اے جوش

۱۹۸۲ء

کے مکمل آخری مصرع سے نکالی گئی ہے۔ اس تاریخ میں صرف شاعر کا تخلص ہی شامل نہیں، بلکہ باوجود شاعرانہ تعلی کے اس میں شاعر کی اپنے متعلق رائے کا نچوڑ بھی ہے۔ اور "شاعر آخر الزماں" کی شوخی کی تو داد دینا محال ہے۔ میرا خیال ہے کہ ایسی خوبصورت تاریخ آج تک نہ کسی کو میسر ہوئی ہے، اور نہ آئندہ کسی کو میسر ہونے کا بہت زیادہ امکان ہے۔

مغلیہ عہد کے واقعات کی کچھ تاریخیں تو دوسرے سلسلے میں دیکھ ہی چکے ہیں چند اور ملاحظہ فرمائیں:

ہمایوں کی تاریخ وفات:

ہمایوں بادشاہ از بام افتاد ۹۶۲ھ

اور جہانگیر کی

خرد گفتا ــــ جہاں گیر از جہاں رفت

۱۰۳۶ھ

اس میں دوسرے "جہاں" پر پھر سے غور کریں!

اور شاہ جہاں کی[۲۴]

رضی اللہ ــ گفت اشرف خاں

۱۰۷۶ھ

مغلوں کا ذکر ادھورا رہ جائے گا اگر اکبر بادشاہ کا ذکر نہ ہو!

اکبر نے انگوٹھی پہنی، کسی نے تاریخ کہی

انگشتری

۹۸۱ھ

---

(۲۴) یہاں "اللہ" فارسی مصرع کی ایک عربی عبارت میں استعمال ہوا ہے پھر بھی اس کے ۶۶ محسوب ہیں۔ اس لئے "اللہ" کے ۶۶ لینا اردو دانوں کی ایجاد نہیں ہے۔ ویسے پہلے ذکر آچکا ہے کہ فارسی میں اس کے ۳۶ بھی لیتے ہیں۔ اس پر بحث چوتھے باب میں دیکھیں۔

پھر انھوں نے دوسری بھی پہن لی ۔ اور تاریخ ہو گئی

دو انگشتر

۹۸۱ھ

اب ہندستان کے چند سیاسی لیڈروں کی تاریخیں ملاحظہ کریں ، جو سب کی سب " عندلیب تاریخ " مذکورہ سے ماخوذ ہیں

دادا بھائی نوروجی کی تاریخ وفات

راسخ دماغ

۱۹۰۶ء

اور حکیم اجمل خان کی

شمع مجلس حکیم اجمل خان

۱۳۴۶ھ

اور مولانا ابوالکلام آزاد کی

مقام فاضل عالم ابوالکلام آزاد

۱۳۷۷ھ

اور اندرا گاندھی کی تاریخ پیدائش ۔ ضرب کی صنعت میں

فخر دو جہانی (۳۵)

۹۵۹×۲ = ۱۹۱۸

حال کے شاعروں میں جوش کی " خود نوشت " بے مثال تاریخ تو آپ دیکھ ہی چکے ہیں مگر مندرجہ ذیل تاریخ بھی جو راغب مرادآبادی نے کہی، قابل ذکر ہے ۔

مے خوار سخن، جوش ملیح آبادی

۱۹۸۲ء

فراق کی وفات کی بھی دو تاریخیں ملاحظہ ہوں

فراق ۔۔۔ مجموعہ تغزل

۱۹۸۲ء

---

(۳۵) گرچہ صحیح تاریخ ۱۹۱۷ء ہے، مگر اس صنعت میں یہ فرق جائز ہے۔

اور

فراق تھا دل شاعری
۱۹۰۲ء

آخر میں ایک تاریخ پیش کرتا ہوں۔ جو مجھے ویسے بھی بے حد پسند ہے۔ مگر اس کے علاوہ اس کا ذکر اس باب کو بھی کتاب کے مرکزی خیال کی طرف واپس لے جاتا ہے۔ سیماب اکبرآبادی کی کہی ہوئی اقبال کی تاریخ وفات :

شاعر مشرق گزشت

۱۹۳۸ء

چند سال ہوئے۔ "شاعر" میں پھر سے چھپی۔ (۲۶) "شاعر" ہندستان کے موقر ترین رسالوں میں شمار ہوتا رہا ہے اور سیماب صرف اس کے موسس ہی نہیں تھے بلکہ اس کے جدامجد بھی کہلانے کے مستحق ہیں!۔ پھر بھی ستم یہ کہ تاریخ یوں چھپ گئی!

شاعر مشرق گزشت

ظاہر ہے اس عبارت کے عدد ۱۹۳۸ سے کہیں زیادہ محسوب ہوں گے۔ "گزشت" صرف تاریخ کے لحاظ سے غلط نہیں ہے، املے کے لحاظ سے بھی مشکوک ہے۔ مگر اس سے قطع نظر، یہ اور اس طرح کی دوسری غلطیاں اس لیے زیادہ چبھتی ہیں کہ ایڈیٹر یا پروف ریڈر خود سے تاریخوں کے اعداد کی تصدیق کرنا قباحت سمجھتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ لغت ایسی غلطیوں کی تصحیح کرنا آسان کر دے گا۔

سید احمد

---

(۲۶) "شاعر" ۱۹۷۸ء

مقدمہ کا ضمیمہ

اس ضمیمہ کا مقصد مشتق الفاظ کے لیے ابجدی اعداد حاصل کرنے کے آسان طریقے جمع کرنا ہے۔ اس سلسلے میں الفاظ کی چند خصوصیتوں پر بھی تھوڑی سی روشنی بالواسطہ پڑتی ہے۔

پہلی پانچ جدولوں میں (جدول ۱ لغایت ۵) افعال کی گردان سے حاصل کئے ہوئے الفاظ کے اعداد حاصل کرنے کے طریقے بتائے گئے ہیں۔ آخری جدول (جدول ۶) میں اسماء اور صفات کی جمع، یا تانیث وغیرہ سے حاصل کئے ہوئے الفاظ سے اعداد حاصل کرنے کے طریقے درج ہیں۔

افعال کی گردان کے لیے پانچ جدولوں کی ضرورت کی وجہ مختلف گردانوں پر تھوڑے سے غور سے معلوم ہو سکتی ہے۔ تمام افعال کی گردان میں مصادر میں حروف ایک ہی قاعدے سے زیادہ اور کم نہیں کئے جاتے ہیں۔ مثلاً مصادر "کھانا"، "پڑھنا" اور "جانا" سے ماضی مطلق کے واحد غائب کا صیغہ حاصل کرنے کے لیے "کھانا" سے مصدری "نا" گرا کر "یا" جوڑتے ہیں، "پڑھنا" سے مصدری "نا" گرا کر حرف "ا" جوڑتے ہیں اور "جانا" میں تو پورے لفظ کی شکل ہی بدل جاتی ہے اور یہ "گیا" بن جاتا ہے۔[۲۷] ظاہر ہے ان سب افعال کے لیے ایک ہی طرح کی گردان کا استعمال ممکن نہیں ہے۔

گردانوں پر غور کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ان میں سب سے اہم فرق کی بنیاد فعل کے مصدری "نا" کے فوراً قبل کے حرف پر ہے۔ اگر "نا" کے فوراً پہلے "ا، یا، و" ہو تو اس کی گردان ایک طرح کرتے ہیں۔ اور اگر نہ ہو تو دوسری طرح۔ ان دونوں میں سے کسی ایک کی موجودگی میں گردان کی جو شکل ہوگی وہ جدول ۵ میں دی گئی ہے، اور ان کی غیر موجودگی میں جو شکل ہوگی وہ جدول ۵ میں مگر دونوں قاعدوں میں کچھ مستثنیات ہیں۔ مثلاً "جانا" اور "ہونا" جدول ۵ کے قاعدوں سے مستثنیٰ

---

(۲۷) ایک دلچسپ توارد یہ ہے کہ انگریزی میں بھی "TO GO" میں ماضی مطلق کی شکل بدل کر WENT ہو جاتی ہے۔

ہیں تو "دینا۔ لینا" جدول ۵ کے قاعدوں سے اسی لیے "جانا" "ہونا" اور "لینا" "دینا" کے لئے الگ الگ جدولیں اس ضمیمہ میں پیش کی گئی ہیں اس کے معنی یہ نہیں کہ باقی سارے مصادر دیئے ہوئے قاعدوں میں کسی نہ کسی کے پابند ہیں۔ عام افعال میں "کرنا" بھی مستثنیٰ ہے۔ ایسے باقی الفاظ کی چھان بین میں قارئین پر چھوڑتا ہوں۔

یہ بھی ممکن ہے کہ مندرجہ جدولوں میں گردانوں کے مختلف صیغوں کے لئے جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ان سے بھی کچھ لوگوں کو اختلاف ہو۔ مثلاً وہ کہیں کہ فلاں صیغے میں صحیح لفظ یہ ہے یہ نہیں۔ اردو قواعد کی موجودہ حالت میں اس طرح کا اختلاف بعید از قیاس نہیں[۲۸] میرے مندرجہ گردانوں کو پیش کرنے کا یہ مقصد نہیں کہ میں ان معاملات پر بھی محاکمہ کروں۔ جن حضرات کو کسی ایسے لفظ یا الفاظ میں اختلاف ہو، وہ خود اپنی رائے کے مطابق افعال گردان کر آسانی سے نئی جدولیں تیار کر سکتے ہیں۔ یا الفاظ کی ترمیم کر سکتے ہیں اور نامانوس یا محاورہ سے گرے ہوئے الفاظ سے پرہیز کر سکتے ہیں۔ یہ بات اس لیے اور بھی اہم ہو جاتی ہے کہ کمپیوٹر کے استعمال سے جو الفاظ حاصل کیے گئے ہیں۔ ان کی محاورے اور قواعد کے مطابق پوری تصحیح نہیں ہو سکی ہے۔

جدول ۵ مقدمہ کی جدول ۵ کی ہو بہو نقل ہے، اور یہاں صرف حوالے کے لیے دہرا دی گئی ہے۔ اس کے استعمال کا طریقہ مقدمہ کے تیسرے باب میں بتا دیا گیا تھا۔ بالکل یہی طریقہ جدول ۶ اور ۷ میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ مثلاً "مرنا" کے ۲۹۱ ہوئے۔ جدول ۷ کے قاعدے اس پر عائد ہوں گے۔ واضح ہو کہ جدول ۶ سے لے کر ۸ تک جہاں بھی صاد کا نشان لگا ہے، ان صیغوں پر جدول ۵ کے قاعدے عائد ہوتے ہیں۔ اب "مراہوں" کے عدد جدول ۷ کے سے ۳۰۲ = ۱۱ + ۲۹۱ نکال سکتے ہیں، مگر "مرونگا" میں جدول ۵ کا ہی قاعدہ یہاں بھی عائد ہوتا ہے اور اس لئے "مرونگا" کے ۳۱۷ = ۲۶ + ۲۹۱ حاصل ہوتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس۔ جدول ۸ کے کچھ خانے خالی چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ اس لئے کہ ان کے مناسب الفاظ نہیں بنتے ہیں اور دیئے ہوئے الفاظ

---

(۲۸) ویسے انگریزی میں بھی کلی اتفاق نہیں ہے۔ GOTTON اور GOT کے استعمال میں اختلاف رائے کا ذکر اکثر قواعد میں ہوتا ہے۔

مختلف موقعوں کے لیے کافی ہیں۔

جدول نمبر ۱ اسماء اور صفات کی تانیث اور جمع وغیرہ سے اعداد حاصل کرنے کے طریقے بتاتی ہے۔ ظاہر ہے بہت سارے الفاظ ان طریقوں کی گرفت سے باہر ہیں، مگر میرے خیال میں زیادہ تر اہم طریقے اس جدول میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔

جدول نمبر ۵

(۲۹) فعل لانا ("گانا" "سونا" "ہونا") وغیرہ کی گردان اور مشق الفاظ کے اعداد نکالنے کا طریقہ

مذکر وہ	جمع مذکر وہ	مؤنث وہ	جمع مؤنث وہ	مذکر تو	جمع مذکر تم	مؤنث تو	جمع مؤنث تم	مذکر میں	جمع مذکر ہم	مؤنث میں	جمع مؤنث ہم
لایا	لائے	لائی	لائیں	لایا	لائے	لائی	لائیں	لایا	لائے	لائی	لائے
-۴۰	-۴۱	-۴۱	+۹	-۴۰	-۴۱	-۴۱	+۹	-۴۰	-۴۱	-۴۱	-۴۱
لایا ہے	لائے ہیں	لائی ہے	لائی ہیں	لایا ہے	لائے ہو	لائی ہے	لائی ہو	لایا ہوں	لائے ہیں	لائی ہوں	لائے ہیں
-۲۵	+۲۴	-۲۶	+۲۴	-۲۵	-۳۰	-۲۶	-۳۰	+۲۱	+۲۴	+۲۰	+۲۴
لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائی تھیں	لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائی تھیں	لایا تھا	لائے تھے	لائی تھی	لائے تھے
+۳۶۶	+۳۷۴	+۲۷۴	+۴۲۴	+۳۶۶	+۳۷۴	+۳۷۴	+۴۲۴	+۳۶۶	+۳۷۴	+۳۷۴	+۳۷۴
لایا ہو	لائے ہوں	لائی ہو	لائی ہوں	لایا ہو	لائے ہو	لائی ہو	لائی ہو	لایا ہوں	لائے ہوں	لائی ہوں	لائے ہوں
-۲۹	+۲۰	-۳۰	+۲۰	-۲۹	-۳۰	-۳۰	-۳۰	+۲۱	+۲۰	+۲۰	+۲۰
لایا ہوگا	لائے ہونگے	لائی ہوگی	لائی ہونگی	لایا ہوگا	لائے ہونگے	لائی ہوگی	لائی ہونگی	لایا ہونگا	لائے ہونگے	لائی ہوگی	لائی ہونگی
-۸	+۵۰	۰	+۵۰	-۸	۰	۰	+۵۰	+۴۲	+۵۰	۰	+۵۰
لانا	لاتے	لائی	لائیں	لانا	لاتے	لائی	لائیں	لانا	لاتے	لائی	لاتے
+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۴۰۹	+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۴۰۹	+۳۵۰	+۳۵۹	+۳۵۹	+۳۵۹
لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائی ہوتیں	لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائی ہوتیں	لایا ہوتا	لائے ہوتے	لائی ہوتی	لائے ہوتے
+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۴۳۰	+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۴۳۰	+۳۷۲	+۳۸۰	+۳۸۰	+۳۸۰
لائے	لائیں	لائے	لائیں	لائے	لاؤ	لائے	لاؤ	لاؤں	لائیں	لاؤں	لائیں
-۴۱	+۹	-۴۱	+۹	-۴۱	-۴۵	-۴۱	-۴۵	+۵	+۹	+۵	+۹
لاتا تھا	لاتے تھے	لاتی تھی	لاتی تھیں	لاتا تھا	لاتے تھے	لاتی تھی	لاتی تھیں	لاتا تھا	لاتے تھے	لاتی تھی	لاتے تھے
+۷۵۶	+۷۷۴	+۷۷۴	+۸۲۴	+۷۵۶	+۷۷۴	+۷۷۴	+۸۲۴	+۷۵۶	+۷۷۴	+۷۷۴	+۷۷۴

لاتا ہے	لاتے ہیں	لاتی ہے	لاتی ہیں	لاتا ہے	لاتے ہو	لاتی ہو	لاتی ہوں	لاتا ہوں	لاتے ہیں	لاتی ہوں	لاتی ہوں
+۳۶۵	+۴۲۴	+۴۲۴	+۴۷۴	+۳۶۵	+۳۷۰	+۴۲۴	+ ۳۷۰	+ ۴۱۱	+۴۲۴	+ ۴۲۰	+۴۲۴
لارہا ہے	لارہے ہیں	لارہی ہے	لارہی ہیں	لارہا ہے	لارہے ہو	لارہی ہے	لارہی ہیں	لارہا ہوں	لارہے ہیں	لارہی ہوں	لارہے ہیں
+۱۷۰	+۲۲۹	+۱۷۹	+۲۲۹	+۱۷۰	+۱۷۵	+ ۱۷۹	+۱۷۵	+ ۲۱۲	+۲۲۹	+۲۲۵	+۲۲۹
لاتا ہو	لاتے ہوں	لاتی ہو	لاتی ہوں	لاتا ہو	لاتے ہو	لاتی ہو	لاتی ہو	لاتا ہوں	لاتے ہوں	لاتی ہوں	لاتے ہوں
+۳۶۱	+۴۲۰	+۳۷۰	+۴۲۰	+۳۶۱	+۳۷۰	+۳۷۰	+۳۷۰	+ ۴۱۱	+۴۲۰	+ ۴۲۰	+ ۴۲۰
لاتا ہوگا	لاتے ہونگے	لاتی ہوگی	لاتی ہونگی	لاتا ہوگا	لاتے ہوگے	لاتی ہوگی	لاتی ہونگی	لاتا ہونگا	لاتے ہونگے	لاتی ہونگی	لاتے ہونگے
+۳۸۲	+۴۵۰	+۴۰۰	+۴۵۰	+۳۸۲	+۴۰۰	+۴۰۰	+۴۵۰	+۴۳۲	+۴۵۰	+ ۴۵۰	+ ۴۵۰
لائے گا	لائیں گے	لائے گی	لائیں گی	لائے گا	لاؤ گے	لائے گی	لاؤں گی	لاؤں گا	لائیں گے	لاؤں گی	لائیں گے
+ ۴	+ ۳۹	— ۱۱	+ ۳۹	— ۲۰	— ۱۵	— ۱۱	— ۱۵	+ ۲۶	+ ۳۹	+ ۳۵	+ ۳۹
				لا	لاؤ	لا	لاؤ				
				— ۵۱	— ۴۵	— ۵۱	— ۴۵				

(۲۹) مصادر جس کے مصدری "نا" کے پہلے الف یا واؤ آتا ہے۔ "جانا" اور "ہونا" مستثنیات میں سے ہیں۔ ان کے لیے ذیل کی جدولیں دیکھیں۔

جدول ۶

فعل "جانا" ("چلاجانا" "کھاجانا" وغیرہ بھی) کی گردان اور مشتق الفاظ کے اعداد نکالنے کا طریقہ

مذکر جمع مذکر مؤنث جمع مؤنث مذکر جمع مذکر مؤنث جمع مؤنث مذکر جمع مذکر مؤنث جمع مؤنث

وہ وہ وہ وہ تو تم تو تم میں ہم میں ہم

گیا گئے گئی گئیں گیا گئے گیا گئیں گیا گئے گئی گئے

-۲۴ -۲۵ -۲۵ -۲۵ -۲۴ -۲۵ -۲۴ -۲۵ -۲۴ -۲۵ -۲۵ -۲۵

گیا ہے گئے ہیں گئی ہے گئی ہیں گیا ہے گئے ہو گئی ہے گئی ہو گیا ہوں گئے ہیں گئی ہوں گئے ہیں

-۹ +۴۰ -۱۰ +۴۰ -۹ -۱۴ -۱۰ -۱۴ +۳۷ +۴۰ +۳۶ +۴۰

گیا تھا گئے تھے گئی تھی گئی تھیں گیا تھا گئے تھے گئی تھی گئی تھیں گیا تھا گئے تھے گئی تھی گئے تھے

+۳۸۲ +۲۹۰ +۳۹۰ +۴۴۰ +۳۸۲ +۳۹۰ +۳۹۰ +۴۴۰ +۳۸۲ +۳۹۰ +۳۹۰ +۳۹۰

گیا ہو گئے ہوں گئی ہوں گیا ہو گئے ہو گئی ہو گیا ہوں گئے ہوں گئی ہوں گئے ہوں

-۱۳ +۳۶ -۱۴ +۳۶ -۱۳ -۱۴ +۳۶ -۱۴ +۳۷ +۳۶ +۳۶ +۳۶

گیا ہوگا گئے ہونگے گئی ہوگی گئی ہونگی گیا ہوگا گئے ہونگے گئی ہوگی گئی ہونگی گیا ہونگا گئے ہونگے گئی ہوگی گئے ہونگے

×۶۶ +۶۶ +۶۶ +۵۸ +۶۶ +۱۶ +۶۶ +۸ +۶۶ +۶۶ +۸

گیا ہوتا گئے ہوتے گئی ہوتی گئی ہوتیں گیا ہوتا گئے ہوتے گئی ہوتی گئی ہوتیں گیا ہوتا گئے ہوتے

+۳۹۶ +۳۸۸ +۴۴۶ +۳۸۸ +۳۹۶ +۳۹۶ +۴۴۶ +۳۹۶ +۳۸۸ +۳۹۶ +۳۹۶ +۳۹۶



جدول نمبر ۷

ہنسنا" اوران سارے افعال کی گردان جوضمیمہ کی دوسری جدول کے تحت نہیں آتے اور مشتق الفاظ کے اعداد نکالنے کا طریقہ

مذکر واحد	جمع مذکر واحد	مونث واحد	جمع مونث واحد	مذکر تو	مذکر جمع تم	مونث تو	مونث جمع تم	مذکر میں	مذکر جمع ہم	مونث میں	تانث جمع ہم
ہنسا	ہنسے	ہنسی	ہنسیں	ہنسا	ہنسے	ہنسی	ہنسیں	ہنسا	ہنسے	ہنسا	ہنسے
۵۰ —	۴۱ —	۴۱ —	۹ +	۵۰ —	۴۱ —	۴۱ —	۹ +	۵۰ —	۴۱ —	۵۰ —	۴۱ —
ہنسا ہے	ہنسے ہیں	ہنسی ہے	ہنسی ہیں	ہنسا ہے	ہنسے ہو	ہنسی ہے	ہنسی ہو	ہنسا ہوں	ہنسے ہیں	ہنسی ہوں	ہنسے ہیں
۳۵ —	۲۴ +	۲۶ —	۲۴ +	۳۵ —	۳۰ —	۲۶ —	۳۰ —	۱۱ +	۲۴ +	۲۰ +	۲۴ +
ہنسا تھا	ہنسے تھے	ہنسی تھی	ہنسی تھیں	ہنسا تھا	ہنسے تھے	ہنسی تھی	ہنسی تھیں	ہنسا تھا	ہنسے تھے	ہنسی تھی	ہنسے تھے
۳۵۶ +	۳۷۴ +	۳۷۴ +	۴۲۴ +	۳۵۶ +	۳۷۴ +	۳۷۴ +	۴۲۴ +	۳۵۶ +	۳۷۴ +	۳۷۴ +	۳۷۴ +
ہنسا ہو	ہنسے ہوں	ہنسی ہو	ہنسی ہوں	ہنسا ہو	ہنسے ہو	ہنسی ہو	ہنسا ہوں	ہنسا ہوں	ہنسے ہوں	ہنسی ہوں	ہنسی ہوں
۳۹ —	۲۰ +	۳۰ —	۲۰ +	۳۹ —	۳۰ —	۳۰ —	۳۰ —	۱۱ +	۲۰ +	۲۰ +	۲۰ +
ہنسا ہوگا	ہنسے ہونگے	ہنسی ہوگی	ہنسی ہونگی	ہنسا ہوگا	ہنسے ہوگے	ہنسی ہوگی	ہنسی ہونگی	ہنسا ہونگا	ہنسے ہونگے	ہنسی ہونگی	ہنسی ہوں
۱۸ —	۵۰ +	۰	۵۰ +	۱۸ —	۰	۰	۵۰ +	۳۳ +	۵۰ +	۵۰ +	۵۰ +
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓
ہنسا ہوتا	ہنسے ہوتے	ہنسی ہوتی	ہنسی ہوتیں	ہنسا ہوتا	ہنسے ہوتے	ہنسی ہوتی	ہنسی ہوتیں	ہنسا ہوتا	ہنسے ہوتے	ہنسی ہوتی	ہنسے ہوتے
۳۶۲ +	۳۸۰ +	۳۸۰ +	۴۳۰ +	۳۶۲ +	۳۸۰ +	۳۸۰ +	۴۳۰ +	۳۶۲ +	۳۸۰ +	۳۸۰ +	۳۸۰ +
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓
✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓	✓



(۳۰) زیادہ تر الفاظ اس جدول کے طریقے کی گرفت میں آ جاتے ہیں مگر حسب معمول کچھ مستثنیات بھی ہیں مثلاً "کرنا" ۔ صاد کے نشان کا مطلب یہ ہے کہ ان صیغوں میں جدول ۷ اور ۵ میں کوئی فرق نہیں ہے۔

جدول ۵۸

"دینا" ("لینا" پر بھی عائد ہے) کی گردان اور اعداد جوڑنے کا طریقہ

مذکر	مؤنث	مؤنث	مذکر	مؤنث جمع	مذکر جمع	مؤنث	مؤنث جمع	مذکر	مذکر جمع	مؤنث	مؤنث جمع
وہ	وہ	وہ	تو	وہ	تم	تو	تم	میں	ہم	میں	
دیا	دئے	دی		دیں							
-۵۰	-۵۱	-۵۱		-۱							
دیا ہے	دئے ہیں	دی ہے		دی ہیں							
-۳۵	+۱۴	-۳۶		+۱۴							
دیا تھا	دئے تھے	دی تھی		دی تھیں							
+۳۵۶	+۳۶۴	+۳۶۴		+۴۱۴							
دیا ہو	دئے ہوں	دی ہو		دی ہوں							
-۳۹	+۱۵	-۴۰		+۱۵							
دیا ہوگا	دئے ہونگے	دی ہوگی		دی ہونگی							
-۱۸	+۴۰	-۱۰		+۴۰							
ـــ	ـــ	ـــ		ـــ							
ـــ	ـــ	ـــ		ـــ							
دیا ہوتا	دئے ہوتے	دی ہوتی		دی ہوتیں							
+۳۶۲	+۳۷۰	+۳۷۰		+۴۲۰							
ـــ	ـــ	ـــ		ـــ							
ـــ	ـــ	ـــ		ـــ							

دینگا
۲۰-
دینگے
۲۹
دے گا
۳۰ —
دیگی
۲۹ +
دیں گے
۲۹ +
دیگا
۳۰ -
دے گی
۲۱ —
دوگے
۲۵ -
دیں گی
۲۹ +
دے
۵۱ -
دیگی
۲۱ -
دے گی
۲ —
دو
۵۵ -
دوگی
۲۵ -
دو گی
۲۵ —
دے
۵۱ -
دونگا
۱۶+
دوں گا
۱۶ +
دو
۵۵ -
دبنگے
۲۹ +
دیں گے
۲۹ +
دوگی
۲۵ +
دوں گی
۲۵ +
دیں گے
۲۹ +
دینگے
۳۹ +
دیں گے
۲۹ +
دبنگی
۲۹ +

جدول ۹

فعل ہونا (" روپوش ہونا" وغیرہ بھی) کی گردان وغیرہ

"ہونا" ــــ اس کی گردان اور حساب ضمیمہ جدول ۸ کے مطابق ہے سوا تین سطروں کے۔ دو تثنانی کی گردانیں ہیں اور ایک مستقبل کی دیے تو ہونا کے لیے الفاظ کے اعداد براہ راست دیدینا زیادہ آسان ہوتا۔ مگر دوسری جدولوں سے موازنہ کے لیئے یہاں بھی اعداد مصدر سے فرق کی صورت میں دیے گئے ہیں۔

ہو	ہوں	ہو	ہوں	ہو	ہو	ہو	ہو	ہوں	ہوں	ہوں	ہوں
۵۱-	۱-	۵۱-	۱-	۵۱-	۵۱-	۵۱-	۵۱-	۱-	۱-	۱-	۱-
ہونا	ہوتے	ہوتی	ہوتیں	ہونا	ہوتی	ہوتے	ہونا	ہوتیں	ہوتی	ہوتے	ہوتے
۳۵۰+	۳۵۹+	۳۵۹+	۴۰۹+	۳۵۰+	۳۵۹+	۳۵۹+	۳۵۰+	۴۰۹+	۳۵۹+	۳۵۹+	۳۵۹+
ہوگا	ہونگے	ہوگی	ہونگی	ہوگا	ہوگی	ہوگے	ہونگا	ہونگی	ہونگی	ہونگے	ہونگے
۳۰-	۲۹+	۲۱-	۲۹+	۳۰-	۲۱-	۲۱-	۲۰+	۲۹+	۲۹+	۲۹+	۲۹+

جدول سنہ ۵

اسماء اور صفات کی جمع اور تانیث وغیرہ کے اعداد حاصل کرنا۔

	۱	۲
۱۔ لڑکی (خوبی، مذی)	لڑکیاں	لڑکیوں
	+۵۱	+۵۶
۲۔ لڑکا (بڑا۔ پیڑا)	کڑکے	لڑکوں
	+۹	+۵۵
۳۔ پردہ (بچھ وغیرہ)	پردے	پردوں
	+۵	+۵۱
۴۔ گڑیا (چڑیا وغیرہ)	گڑیاں	گڑیوں
	+۵۰	+۵۵
۵۔ مالن (جوگن کتاب)	مالنیں	مالنوں
	+۶۰	+۵۶
۶۔ پانچ (سات، آٹھ، بیس)	پانچواں	پانچویں
	+۷۵	+۶۶
۷۔ چھ	چھٹا	چھٹی
	+۴۰۱	+۴۱۰
۸۔ دھواں	دھوئیں	دھوؤں
	+۹	+۵
۹۔ دفا (چتا وغیرہ)	دفائیں	دفاؤں
	+۹۰	+۵۶
۱۰۔ جواب (سوال وغیرہ)	جوابات	جوابوں
	+۴۰۱	+۵۶

ا

ابجد کے حساب میں اس کو ایک شمار کرتے ہیں

آ	۱	آگے بڑھنے کا حکم
آب (مذکر)	۳	پانی۔ پسینہ۔ چمک۔ عزت
آب پاش	۳۰۶	پودوں کو پانی دینے کا برتن
آب پاشی	۳۱۶	سینچنا۔ چھڑکاؤ
آب تاب	۴۰۶	دیکھئے آب و تاب
آب جو	۱۲	چشمہ۔ ندی۔ نالا
آب جوش	۳۱۲	یخنی۔ گوشت کا عرق۔ سوڈا واٹر
آب چک	۲۶	پانی ٹپکنے کی جگہ
آب حیات	۴۲۲	امرت۔ جس کے پینے سے موت نہیں آتی
آبخورا	۸۱۰	پانی پینے کا چھوٹا سا مٹی کا برتن
آب دار	۲۰۸	تازہ و سیراب۔ چمکیلا۔ صاف
آب دانہ	۶۳	دیکھئے آب و دانہ
آب دوز	۲۰	ڈبکنی کشتی۔ وہ جنگی کشتی جو سطحِ آب کے نیچے اور اوپر چلتی ہے
آبِ دیدہ	۲۶	آنسو۔ آنکھ کا پانی
آبدیدہ	۲۶	وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ہوں
آبِ رحمت	۶۵۱	بارش۔ مینہہ۔ بخشش
آبِ رواں	۲۶۰	ایک قسم کا باریک کپڑا۔ بہتا ہوا پانی

آبِ زمزم		۹۷	زمزم کا پانی۔ مکہ معظمہ کا ایک خاص چشمہ کا پانی
آبشار		۵۰۴	جھرنا۔ اونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی
آبکار		۲۲۴	شراب فروش۔ کلال ۔
آبکاری		۲۳۴	شراب کھینچنے اور بیچنے کا کارخانہ یا جگہ۔ وہ محکمہ جس میں مسکرات کا محصول لیا جاتا ہے۔
آبِ کوثر		۷۲۹	کوثر کا پانی۔ کوثر جنت کی ایک نہر ہے
آبِ گل		۵۳	گلاب کا عرق۔ گلاب کے پھولوں کا رس
آبِ گلگوں		۱۲۹	گلاب کے پھول کے رنگ کا پانی۔ مراد سرخ شراب
آبگوں		۷۹	پانی کے رنگ کا۔ شیشہ۔ آسمان
آبگیر		۲۳۳	حوض۔ تالاب
آبگینہ		۸۸	شیشہ۔ بلور۔ آئینہ
آبنائے		۶۴	پانی کا وہ تنگ راستہ جو خشکی کے دو بڑے حصوں کو الگ کرے اور پانی کے دو حصے کو ملائے
آب و تاب		۴۱۲	چمک دمک۔ رونق۔ آرائش
آب و دانہ		۶۹	دانہ پانی۔ اَن جَل۔ رزق
آب و گل		۵۹	پانی اور مٹی۔ طینت۔ عادت
آب و ہوا		۲۱	پانی اور ہوا۔ موسم۔ رُت
آبیاری		۲۲۴	باغوں اور کھیتوں کو سینچنا۔ پانی دینا
آبیانہ		۶۹	پانی کا محصول
آبا	(مذکر)	۴	اب کی جمع۔ باپ دادا
آبا و اجداد		۲۳	باپ دادا۔ مورث۔ پُرکھے
آباد		۸	بھرا ہوا۔ آدمیوں سے بسا ہوا۔ پررونق
آبادی	(مؤنث)	۱۸	بستی۔ رونق۔ گھما گھمی
آبائی		۱۴	موروثی۔ باپ دادا کی۔ خاندانی
آبرو	(مؤنث)	۲۰۹	عصمت۔ ناموری۔ شرم۔ عزت

آبرو دار		۴۱۴	ذی عزت ۔ مرتبے والا
آبلہ	(مذکر)	۳۸	پھپھولا ۔ چھالا
آبلہ پا		۴۱	وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں
آبلہ پائی		۵۱	پاؤں میں چھالے پڑنا
آبنوس	(مذکر)	۱۱۹	ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے
آبنوسی		۱۲۹	آبنوس سے بنا ہوا۔
آبی		۱۳	پانی سے منسوب ۔ پانی میں رہنے والا
آپ		۳	خود ۔ اپنی ذات سے ۔ روح
آپ بیتی		۴۲۵	اپنی کہانی ۔ خود نوشت حالاتِ زندگی
آپا	(مذکر)	۴	اپنی اصلیت ۔ ہستی ۔ خودی ۔ سُدھ بدھ
آپا	(مؤنث)	۴	بڑی بہن ۔ بہن
آپس	(مؤنث)	۶۳	ایک دیگر ۔ باہم ۔ قرابت
آپس داری		۲۷۸	رشتہ داری ۔ قرابت
آت		۴۰۱	بعض کلمات میں بطور لاحقہ کے استعمال ہو کر مصدری فائدہ دیتا ہے
آتا	(مذکر)	۴۰۲	آنے والا ۔ قرضہ ۔ علم
آتا جاتا		۸۰۷	مہارت ۔ مشق ۔ مسافر
آتش	(مؤنث)	۷۰۱	آگ
آتش افروز		۹۹۵	آگ بھڑکانے والا
آتش انگیز		۷۸۹	آگ بھڑکانے والا
آتش بار		۹۰۴	آگ برسانے والا
آتش باز		۷۱۱	آتش بازی بنانے والا
آتش بازی		۷۲۱	آگ کا کھیل ۔ پھلجھڑی ۔ مہتاب وغیرہ جو گندھک اور کوئلہ سے بنتی ہے اور جنھیں آگ لگا کر تماشا دیکھتے ہیں
آتش بیان		۷۶۴	شعلہ بیان
آتش پا		۷۰۴	بے قرار ۔ تیز رفتار

آتش پرست		۱۳۶۳	آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ زرتشت کو ماننے والا
آتشِ خاموش		۱۶۴۸	کھلائی ہوئی آگ۔ خاموش گرمی مراد محبت
آتش خانہ		۱۳۵۷	آتش پرستوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے
آتش دان		۷۵۶	آگ جلانے کی جگہ۔ چولھا۔ انگیٹھی
آتش زبان		۷۶۱	شعلہ بیان۔ پرجوش تقریر کرنے والا
آتش زیرپا		۹۲۱	جس کے پیر کے نیچے آگ ہو۔ بے قرار۔ بے چین مضطرب
آتشِ طور		۹۱۶	وہ آگ جو پہاڑ پر حضرت موسیٰ کو نظر آئی تھی
آتش فشاں		۱۱۳۲	آگ برسانے والا۔ شعلے اور چنگاریاں چھوڑنے والا
آتش کدہ		۷۳۰	آتش پرستوں کا معبد
آتش گیر		۹۳۱	جلدی آگ پکڑنے والی۔ بھڑک اٹھنے والی چیز۔ دست پناہ۔
آتش نمرود		۱۰۰۱	وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیم کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی
آتشک	(مؤنث)	۷۲۱	ایک جنسی بیماری۔ گرمی
آتشکیا		۷۳۲	وہ شخص جس کو آتشک کی بیماری ہو
آتشی		۷۱۱	آگ سے نسبت رکھنے والا۔ آگ سے بنا ہوا۔ گرم مزاج
آتشیں		۷۶۱	آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ آگ کی طرح سرخ
آتم ہتیا	(مؤنث)	۸۵۷	خودکشی
آتما	(مؤنث)	۴۴۲	دل۔ روح۔ بھوک۔ محبت
آتو	(مؤنث)	۴۰۷	استانی۔ لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے والی
آتوں	(مؤنث)	۴۵۷	دیکھئے آتو
آتی پاتی	(مؤنث)	۸۲۴	بچوں کا ایک کھیل
آٹا	(مذکر)	۴۰۲	پسا ہوا غلہ۔ خشک پسی ہوئی چیز
آٹے		۴۱۱	بہت سا آٹا
آٹنا		۴۵۲	دبانا۔ بند کرنا۔ توپ دینا

آٹوگراف	(مذکر)	۷۰۸	اپنے ہاتھ کی تحریر۔ خصوصاً دستخط
آٹومیٹک		۸۷۷	خودکار۔ خود چلنے والا
آٹھ		۴۰۶	سات اور ایک۔ چار کا دُگنا
آٹھ پہر		۶۱۳	چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔ ہر لحظہ
آٹھواں		۴۶۳	ساتواں کے بعد
آٹھوں		۴۶۲	ہولی کا آٹھواں دن۔ آٹھ کے آٹھ
آٹھویں		۴۷۲	مہینے کی آٹھویں تاریخ گنتی میں سات کے بعد کی چیز
آثار	(مذکر)	۷۰۲	اثر کی جمع۔ طور طریقے۔ انداز۔ علامات
آثم		۵۴۱	عاصی۔ گناہگار
آج		۴	جو دن گذر رہا ہو۔ ان دنوں۔ موجودہ زمانہ
آج کل		۵۴	ان دنوں۔ ٹال مٹول
آجر		۲۰۴	کام پر لگانے والا۔ اجرت پر کام لینے والا
آچا	(مذکر)	۵	باپ۔ دادا۔ بزرگ۔ دائی۔ آیا
آچار		۲۰۵	دیکھئے اچار
آحاد		۱۴	حد کی جمع۔ ایک سے نو تک کی گنتی
آخ	(مؤنث)	۶۰۱	کھانسنے، کھنکارنے کی آواز
آخ تھو		۱۰۱۲	کلمۂ حقارت۔ لعنت۔ پھٹکار۔ گھن
آختہ		۱۰۰۶	وہ جانور جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں خصی
آخر		۸۰۱	پیچھے پچھلا۔ انجام۔ حد
آخرکار		۱۰۲۲	انجام کار۔ نتیجہ
آخرت	(مؤنث)	۱۲۰۱	عاقبت۔ پرلوک
آخری		۸۱۱	آخر سے منسوب۔ پچھلا۔ انیرا
آخری دم		۸۵۵	زندگی کا آخری سانس۔ نزع کا عالم
آخریں	(مؤنث)	۸۶۱	آخر کا۔ سب سے بعد کا
آخور	(مذکر و مونث)	۸۰۷	چوپایوں کے گھاس چارے کی جگہ۔ ردی چیز۔ بے کار

آخون	(مذکر)	۶۵۷	استاد۔ معلم
آداب	(مذکر)	۸	ادب کی جمع۔ مرتبے کا پاس لحاظ۔ تہذیب
آدرش	(مذکر)	۵۰۵	آئینہ۔ نمونہ۔ نصب العین
آدم	(مذکر)	۴۵	آدمی۔ انسان۔ حضرتِ آدم
آدم خور		۸۵۱	آدمی کو کھاجانے والا
آدم زاد		۵۷	آدمی کی اولاد۔ انسان
آدمی	(مذکر)	۵۵	انسان۔ سمجھ دار۔ خاوند۔ آشنا
آدمیت	(مؤنث)	۴۵۵	انسانیت۔ مروت۔ سلیقہ
آدھ		۱۰	آدھا کا مخفف۔ نصف
آدھا		۱۱	نصف۔ دو برابر حصوں میں سے ایک
آدھواں آدھ		۷۷	نصفا نصف۔ برابر کے دو حصے
آدھی		۲۰	آدھا کی تانیث
آدیش	(مذکر)	۳۱۵	حکم۔ ہدایت۔ ارشاد
آدینہ	(مذکر)	۷۰	جمعہ
آڈٹ	(مذکر)	۴۰۵	محاسبہ کرنا۔ حساب جانچنا
آڈنا		۴۵۶	آموجود ہونا۔ آدھمکنا
آڈیٹر	(مذکر)	۶۱۵	محاسب۔ محتسب۔ جانچ پڑتال کرنے والا
آذار	(مذکر)	۹۰۲	چھٹا رومی مہینہ۔ چیت یا مارچ کا مہینہ
آذر	(مذکر)	۹۰۱	شمسی سال کا نواں مہینہ۔ پوس یا جنوری کے مطابق۔ آگ
آر	(مؤنث)	۲۰۱	لوہے کی پتلی کیل۔ جو سانچے یا سینٹے میں لگی ہوتی ہے
آرا		۲۰۲	سنوارنے والا
آرا	(مؤنث)	۲۰۲	رائے کی جمع۔ خیالات۔ مشورے
آرا	(مذکر)	۲۰۲	لوہے کا ایک دانتے دار اوزار جس سے لکڑی چیری جاتی ہے
آرا کش		۵۲۲	آرے سے لکڑی چیرنے کا پیشہ کرنے والا

آراکشی		۵۳۲	آرا چلانا۔ لکڑیاں چیرنے کا پیشہ
آراستگی	(مؤنث)	۶۹۲	سجاوٹ۔ تکلف
آراستہ		۶۶۷	سجایا ہوا۔ سنوارا ہوا
آراستہ پیراستہ		۱۳۴۵	سجا سجایا۔ درست۔ مسلح
آراضی		۱۰۱۲	دیکھئے اراضی
آرام	(مذکر)	۲۴۲	قرار۔ اطمینان۔ آسائش۔ استراحت
آرام پانا		۲۹۶	سکھ پانا۔ راحت پانا۔ فرصت پانا
آرام پسند		۳۵۸	سست۔ کاہل
آرام جاں		۲۹۶	جان کی راحت۔ معشوق۔ محبوب
آرام طلب		۲۸۳	آرام چاہنے والا۔ کاہل۔ سست
آرام گاہ		۲۶۸	آرام کرنے کی جگہ۔ خواب گاہ
آرائش	(مؤنث)	۵۰۲	زیبائش۔ سجاوٹ۔ بناؤ سنگھار
آر پار		۴۰۴	یہ کنارا اور وہ کنارا۔ یہ سرا اور وہ سرا
آرتی	(مؤنث)	۶۱۱	پوجا کی ایک قسم جس میں دیوتاؤں کے سامنے جلتی ہوئی بتی دیا پھرایا جاتا ہے
آرٹ	(مذکر)	۶۰۱	ہنر۔ فن۔ سلیقہ
آرٹسٹ	(مذکر)	۱۰۶۱	صناع۔ مصور۔ نقاش
آرٹیکل	(مذکر)	۶۶۱	مضمون۔ کسی تحریر کا جزو یا حصہ
آرچ بشپ	(مذکر)	۵۰۸	لاٹ پادری۔ پادریوں کا اعلیٰ افسر
آرد	(مذکر)	۲۰۵	آٹا۔ چون۔ پسائی
آرڈر	(مذکر)	۴۰۵	حکم۔ ارشاد۔ فرمان
آرڈنری		۴۶۵	معمولی
آرڈی نینس	(مذکر)	۳۸۵	وہ ضابطہ جو حکومت ملکی خدمت کے پیشِ نظر وقتی طور پر نافذ کرتی ہے
آرزو	(مؤنث)	۲۱۴	خواہش۔ چاہ۔ مقصد

آرزو مند		۳۰۸	خواہشمند۔ مشتاق
آرزو مندی		۳۱۸	امیدواری۔ خواہش
آرسی	(مؤنث)	۲۷۱	آئینہ
آرکیسٹرا	(مذکر)	۸۹۲	سازندوں کا طائفہ
آرگن	(مذکر)	۲۷۱	ارگن باجا۔ آلہ۔
ارمیڈا	(مذکر)	۲۵۶	جنگی جہازوں کا بیڑا
آرندہ		۲۶۰	لانے والا
آروغ	(مذکر)	۱۲۰۷	ڈکار
آرہنا		۲۵۷	آپہنچنا۔ چلے آنا۔ آباد ہونا
آری	(مؤنث)	۲۱۱	لکڑی چیرنے کا ایک اوزار۔ جوتا سینے کا سُوا
آرے		۲۱۱	بے شک۔ ہاں
آریہ	(مؤنث)	۲۱۶	بزرگ۔ معزز۔ ایک قدیم قوم
آڑ	(مؤنث)	۲۰۱	اوٹ۔ حفاظت۔ بچاؤ
آڑ کرنا		۴۷۲	پردہ کرنا
آڑ لینا		۲۹۲	پناہ لینا۔ کسی چیز کی اوٹ میں ہونا
آڑ ہونا		۲۶۳	حجاب ہونا۔ اوٹ ہونا۔ پردہ ہونا
آڑے آنا		۲۶۳	بیچ میں آنا۔ حائل ہونا۔ پشت پناہ ہونا
آڑا		۲۰۲	ترچھا۔ ٹیڑھا
آڑا ترچھا		۸۱۱	ٹیڑھا بانکا
آڑو	(مذکر)	۲۰۷	ایک مشہور پھل۔ شفتالو
آڑھت	(مؤنث)	۶۰۶	دکان یا کوٹھی جہاں سوداگروں کا مال کمیشن لے کر بیچا جاتا ہے
آڑھتی	(مذکر)	۶۱۶	آڑھت کی دوکان رکھنے والا۔ تھوک فروش
آڑھتیا		۶۱۷	دیکھئے آڑھتی
آڑی	(مؤنث)	۲۱۱	ٹیڑھی ترچھی

آز	(مؤنث)	۸	حرص۔ طمع۔ لالچ
آزاد		۱۳	خود مختار۔ فارغ۔ کنوارا
آزاد رو		۲۱۹	آزاد طبیعت والا۔ خود مختار۔ بے تعصب۔ نڈر
آزادانہ		۶۹	آزادی کے ساتھ۔ کسی روک ٹوک کے بغیر
آزادی	(مؤنث)	۲۳	رہائی۔ خود مختاری۔ بے پروائی
آزار	(مذکر)	۲۰۹	بیماری۔ جنجال۔ ایذا
آزاری	(مؤنث)	۲۱۹	بیماری
آزر		۲۰۸	حضرت ابراہیم کے چچا کا نام جو بت تراش تھے
آزردگی	(مؤنث)	۲۴۲	خفگی۔ رنجش۔ اُداسی
آزردہ		۲۱۷	ناراض۔ اُداس۔ رنجیدہ
آژقہ	(مذکر)	۱۱۳	تھوڑی سی غذا۔ کم تنخواہ
آزما		۴۹	آزمانے والا
آزمانا		۱۰۰	جانچنا۔ امتحان کرنا
آزمائش	(مؤنث)	۳۴۹	جانچ پڑتال۔ امتحان۔ تجربہ
آزمائشی		۳۵۹	امتحانی
آزمودہ		۶۳	جانچا ہوا۔ آزمایا ہوا
آزمودہ کار		۲۸۴	تجربہ کار۔ مستعد۔ عقل مند
آس	(مؤنث)	۶۱	امید۔ خواہش
آسا		۶۲	مثل۔ مانند
آسان		۱۱۲	سہل۔ سہج
آسائش	(مؤنث	(۳۶۲)	راحت۔ آرام۔ سکھ
آس پاس		۱۲۴	اردگرد۔ قرب وجوار
آستان	(مذکر)	۵۱۲	ڈیوڑھی۔ چوکھٹ۔ بزرگوں کے مزار
آستانہ	(مذکر)	۵۱۷	دیکھئے آستان
آستانی	(مؤنث)	۵۲۲	کسی گیت کا ابتدائی ٹکڑا

آستین	(مؤنث)	۵۲۱	شیروانی، کوٹ، کرتے یا قمیص وغیرہ کی بانہہ
آسرا	(مذکر)	۲۶۲	سہارا۔ بھروسہ۔ آس
آسمان	(مذکر)	۱۵۲	چکی کی مانند۔ فلک۔ آکاش
آسمان جاہ		۱۶۱	آسمان کی طرح بلند۔ بہت عزت والا
آسمانی		۱۶۲	آسمان کا۔ بالائی۔ ناگہانی
آسن	(مذکر)	۱۱۱	بیٹھک۔ جانگھ۔ مباشرت کرنے کا طریقہ
آسودگانِ خاک	(مذکر)	۷۶۳	خاک میں آرام کرنے والے۔ اہلِ قبور
آسودگی	(مؤنث)	۱۰۱	امن و امان۔ آرام۔ دولت مندی
آسودہ		۷۶	آرام کرنے والا۔ مطمئن خوشحال
آسیا	(مذکر)	۷۲	چکی
آسیب	(مذکر)	۷۳	صدمہ۔ نقصان۔ جن۔ پریت۔
آسیبی		۸۳	آسیب زدہ
آش	(مؤنث)	۳۰۱	حریرا۔ شوربا۔ رقیق غذا
آشا	(مؤنث)	۳۰۲	امید۔ آرزو
آشام		۳۴۲	پینے والا۔
آشتی	(مؤنث)	۷۱۱	صلح۔ دوستی۔ اتفاق
آشرم	(مذکر)	۵۴۱	رشیوں اور سادھوؤں کے رہنے کی جگہ۔ مٹھ۔ مدرسہ
آشفتگی	(مؤنث)	۸۱۱	پریشانی۔ پراگندگی۔ دیوانہ پن
آشفتہ		۷۸۶	پریشان۔ سراسیمہ۔ بدحواس۔
آشفتہ بیان		۸۴۹	یاوہ گو۔ فضول باتیں کرنے والا
آشفتہ بیانی		۸۵۹	یاوہ گوئی۔ بکواس
آشفتہ حال		۸۲۵	پریشان حال۔ خلب خستہ۔ کنایۃً عاشق
آشفتہ حالی		۸۳۵	پریشان حالی۔ پراگندگی
آشفتہ سر		۱۰۴۶	سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل
آشفتہ سری		۱۰۵۶	دیوانگی۔ جنون۔ پاگل پن

آشفتہ نوا		۸۴۳	جس کی آواز، نالہ و فریاد سے پریشانی کا اظہار ہو
آشکار		۵۲۲	ظاہر۔ نمایاں۔ فاش ۔
آشکارا		۵۲۳	دیکھئے آشکار
آشنا	(مذکر و مؤنث)	۳۵۲	واقف کار۔ شناسا۔ ملاقاتی
آشنائی	(مؤنث)	۳۶۲	شناسائی۔ دوستی۔ محبت
آشوب	(مذکر)	۳۰۹	ہلچل۔ فتنہ و فساد۔ بلوہ
آشوب چشم		۶۵۲	آنکھ دُکھنا
آشوبِ زمانہ		۴۱۲	زمانے کا فتنہ۔ کنایۃً معشوق
آشوبِ محشر		۸۵۷	ہنگامۂ قیامت۔ بہت زیادہ شور و خوغا
آشیاں	(مذکر)	۳۶۲	گھونسلا۔ نشیمن
آشیانہ	(مذکر)	۳۶۷	دیکھئے آشیاں
آشیرباد	(مونث)	۵۱۸	دعائے خیر
آصف	(مذکر)	۱۷۱	جمع کرنا۔ حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام۔ مجازاً ہر لائق وزیر
آصف الدولہ		۲۴۷	دولت (سلطنت) کا آصف
آصف جاہ		۱۸۰	آصف کے مرتبے والا
آصفی		۱۸۱	آصف کی طرف منسوب
آصفیہ		۱۸۱	دیکھئے آصفی
آغا	(مذکر)	۱۰۰۲	آقا۔ مالک۔ بڑا بھائی
آغاز	(مذکر)	۱۰۰۹	شروع۔ ابتدا۔ عنوان
آغشتہ		۱۴۰۶	لتھڑا ہوا۔ آلودہ
آغوش	(مذکر و مونث)	۱۳۰۷	گود۔ بغل
آغوں	(مونث)	۱۰۵۷	دودھ پیتے بچے کی آواز
آفات	(مونث)	۴۸۲	آفت کی جمع۔ آفتیں۔ مصیبتیں
آفاق	(مذکر)	۱۸۲	افق کی جمع۔ آسمان کے کنارے

آفاقی		۱۹۲	ساری دنیا کا۔ عالم گیر
آفت	(مؤنث)	۴۸۱	مصیبت۔ صدمہ۔ فتنہ انگیز۔ شوخ
آفتِ جاں		۵۳۵	جان کا روگ۔ مجازاً معشوق
آفت رسیدہ		۷۶۰	دُکھیا۔ مصیبت زدہ
آفت زدہ		۴۹۷	آفت کا مارا۔ تباہ حال
آفتِ سماوی		۵۹۸	دیکھئے آفاتِ سماوی
آفتاب	(مذکر)	۴۸۴	سورج۔ دھوپ۔ شراب کا پیالہ
آفتابہ	(مذکر)	۴۸۹	ڈھکنے دار دستہ لگا ہوا لوٹا
آفتابی		۴۹۴	آفتاب سے منسوب۔ چمکدار۔ ایک قسم کی آتشبازی
آفریدگار		۵۱۶	پیدا کرنے والا۔ خالق
آفریدگان		۳۶۶	آفریدہ کی جمع۔ پیدا کئے ہوئے۔ مخلوق
آفریدہ		۳۰۰	پیدا کیا گیا۔ مخلوق
آفریدی	(مذکر)	۳۰۵	پٹھانوں کی ایک قوم
آفریں	(مذکر)	۳۴۱	شاباش۔ مبارکباد۔ واہ واہ۔ مرحبا۔
آفرینش	(مؤنث)	۶۴۱	پیدائش۔ مخلوق۔ دنیا
آفرینندہ		۴۰۰	پیدا کرنے والا۔ مراد خداوند تعالیٰ
آفس	(مذکر)	۱۴۱	دفتر۔ عہدہ۔ منصب
آفندی	(مذکر)	۱۴۵	صاحب۔ بزرگ۔ آقا
آفیسر	(مذکر)	۳۵۱	افسر۔ حاکم
آقا	(مذکر)	۱۰۲	مالک۔ صاحب۔ خاوند
آک	(مذکر)	۲۱	ایک درخت کا نام۔ مدار۔ اکوا
آکا	(مذکر)	۲۲	بڑا بھائی۔ میاں۔ صاحب
آکاس	(مذکر)	۸۲	دیکھئے آکاش
آکاش	(مذکر)	۳۲۲	آسمان۔ خلا
آکاش وانی		۳۸۹	غیبی آواز۔ الہام۔ مکاشفہ

آکسیجن	(مؤنث)	۱۴۴	ایک بے رنگ اور بے ذائقہ گیس جو زندگی کے لیے ضروری ہے۔
آکھر	(مؤنث)	۲۲۶	چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔ شیر کا مسکن
آکھلاپن	(مذکر)	۱۰۹	گھوڑے کی کود پھاند۔ شرارت
آگ	(مؤنث)	۲۱	آتش۔ جلن۔ بھوک۔ انگارا
آگ بھولا		۶۲	دہکتا ہوا۔ سرخ
آگ بگولا		۸۰	آگ بھولا
آگ بھبھوکا		۶۲	دیکھئے آگ بھولا
آگ لگاؤ		۷۸	جلانے والا۔ دکھ دینے والا۔ لڑائی کرادینے والا
آگا	(مذکر)	۲۲	کسی چیز کا اگلا حصہ۔ سامنا۔ آئندہ
آگاہ		۲۷	خبردار۔ واقف۔ جاننے والا
آگاہی	(مؤنث)	۳۷	واقفیت۔ خبر۔ علم
آگہ		۲۶	آگاہ کا مخفف
آگہی		۳۶	آگاہی کا مخفف
آگے		۳۱	پیچھے کی ضد۔ سامنے۔ زندگی میں دوبارہ
آگے آگے		۶۲	رفتہ رفتہ۔ چند روز میں۔ آئندہ کو۔
آگے پیچھے		۶۱	سامنے اور عقب میں۔ ایک کے بعد ایک۔ دیر سویر
آگیا	(مؤنث)	۳۲	فرمان۔ ہدایت۔ اجازت
آل	(مؤنث)	۳۱	اولاد۔ بیٹے پوتے۔ کنبہ
آل		۳۱	کُل۔ سب۔ تمام
آلا		۳۲	گیلا۔ تر۔ نم۔ ہرا زخم
آلا بالا	(مذکر)	۶۶	ٹال مٹول۔ بہانہ۔ سستی
آلاپ	(مؤنث)	۳۴	آواز۔ نغمہ۔ سُر
آلات	(مذکر)	۴۳۲	آلہ کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار
آلام	(مذکر)	۷۲	الم کی جمع۔ رنج و غم

آلان	(مذکر و مؤنث)	۸۲	وہ کپڑا یا زنجیر جس سے ہاتھی کا پاؤں باندھا جاتا ہے
آلائش	(مؤنث)	۳۳۲	آلودگی۔ غلاظت۔ میل کچیل
آلپٹنا		۴۸۴	آکر چمٹ جانا
آلت	(مذکر)	۴۳۱	آلہ۔ اوزار۔ برتن۔ عضو تناسل
آلتی پالتی	(مؤنث)	۸۸۴	ایک قسم کی بیٹھک۔ چارزانو
آلسی		۱۰۱	سست۔ کاہل۔ دھیما
آلکس		۱۱۱	سستی۔ کاہلی۔ اونگھ
آلکسیا		۱۲۲	کاہل۔ سست۔ مجہول
آلگنا		۱۰۲	قریب تر ہونا۔ پڑ جانا۔ گھات میں بیٹھ رہنا
آلو	(مذکر)	۳۷	ایک مشہور ترکاری
آلو بخارا		۸۴۱	ایک قسم کا شیریں و ترش پھل
آلوچہ		۴۵	آلو بخارا سے مشابہ ایک ترش میوہ
آلود		۴۱	لتھڑا ہوا
آلودگی	(مؤنث)	۷۱	ناپاکی۔ گندگی۔ گنہگاری
آلودہ		۴۶	لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ناپاک
آلہ	(مذکر)	۳۶	اوزار۔ ہتھیار
آلۂ کار		۲۵۷	کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ
آلی		۴۱	تر۔ گیلی۔ خام۔ سکھی سہیلی
آلے بالے	(مؤنث)	۸۴	حیلے۔ حوالے۔ بہانے۔ ٹال مٹول
آم	(مذکر)	۴۱	ایک مشہور اور لذیذ پھل۔ انبہ
آماج	(مذکر)	۴۵	نشانہ۔ ہدف
آماجگاہ		۷۱	نشانہ کی جگہ
آمادگی	(مؤنث)	۷۶	رضامندی۔ مستعدی
آمادہ		۵۱	رضامند۔ مستعد
آماس	(مذکر)	۱۰۲	سوجن۔ ورم

آمال	(مؤنث)	۷۲	امل کی جمع ۔ امیدیں
آمد	(مؤنث)	۴۵	آنا۔ تشریف لانا ۔ بے ساختگی
آمد آمد		۹۰	آنے کا چرچا۔ جلد آنے کی توقع
آمدن		۹۵	آنا۔ آمدنی ۔ یافت
آمدنی		۱۰۵	حاصل ۔ فائدہ ۔ بچت
آمدہ		۵۰	آیا ہوا
آمر		۲۴۱	حاکم۔ حکم دینے والا
آمرانہ		۲۹۷	آمر سے منسوب ۔ حاکمانہ
آمرزش	(مؤنث)	۵۴۸	بخشش
آمرزگار		۴۶۹	بخشنے والا۔ معاف کرنے والا۔ خدا تعالیٰ
آمرزگاری	(مؤنث)	۴۷۹	بخشش
آمریت	(مؤنث)	۶۵۱	آمر یا ڈکٹیٹر کا منصب۔ کلی اختیار و اقتدار
آملنا		۱۲۲	مل جانا ۔ لپٹ جانا
آملہ	(مذکر)	۷۶	ایک ترش پھل ۔ آنولہ
آملیٹ	(مذکر)	۴۸۱	انڈوں کا چلّا
آمنا سامنا	(مذکر)	۲۴۴	مقابلہ ۔ مڈبھیڑ۔ لڑائی
آمنّا وصدّقنا		۳۴۳	ہم ایمان لائے۔ اور ہم نے تصدیق کی۔ بجا ہے۔ درست ہے
آمنے سامنے		۲۶۲	ایک دوسرے کے سامنے
آموختنی		۱۱۰۷	سیکھنے کے لائق ۔ سکھانے کے قابل
آموختہ	(مذکر)	۱۰۵۲	پڑھا ہوا سبق ۔ سیکھا ہوا
آموز		۵۴	سیکھنے والا یا سکھانے والا
آموزش	(مؤنث)	۳۵۴	سکھائی
آموزگار	(مذکر)	۲۷۵	سکھانے والا۔ معلّم
آمیختہ		۱۰۵۶	ملایا ہوا
آمیز		۵۸	ملنے والا۔ ملانے والا

آمیزش	(مؤنث)	۳۵۸	ملاوٹ
آمیزہ	(مذکر)	۶۳	محلول (دواؤں کا) مکسچر
آمین		۱۰۱	اے خدا ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے
آن	(مؤنث)	۵۱	قسم۔ عہد۔ ضد۔ تمنا۔ شان و شوکت
آن بان		۱۰۴	شان و شوکت۔ ٹھاٹ
آن	(مؤنث)	۵۱	وقت۔ لمحہ۔ ساعت
آنجناب		۱۰۷	جناب والا۔ عالی قدر
آنحضرتؐ		۴۵۹	وہ بزرگ۔ وہ سردار۔ تعظیماً حضور اکرم کیلئے نام کی جگہ پر بولتے ہیں
آنا		۵۲	جانا کی ضد۔ نازل ہونا۔ واقف ہونا
آناً فاناً		۱۸۴	ایکا ایکی۔ جھٹ پٹ
آنا کانی	(مؤنث)	۱۳۳	سُنی اَن سُنی کرنے کی حالت۔ ٹال مٹول
آنب	(مذکر)	۵۳	آم
آنت	(مؤنث)	۴۵۱	انتڑی۔ کنایتہً لمبی چیز
آنتوں		۵۰۷	بہت سی آنتیں
آنتیں		۵۱۱	بہت سی آنتیں
آنٹ	(مؤنث)	۴۵۱	ہتھیلی میں انگوٹھے اور انگلی کے درمیان کی جگہ۔ دلوں۔ ٹیچنی۔ پولا
آنٹ سانٹ		۹۶۲	سازش۔ توڑ جوڑ
آنٹی	(مؤنث)	۴۶۱	پولا۔ سوت یا ریشم کی پچی
آنچ	(مؤنث)	۵۴	گرمی۔ شعلہ۔ شہوت
آنچل	(مذکر)	۸۴	ڈوپٹے کا سرا۔ اوڑھنی کا پلو
آندھی	(مؤنث)	۷۰	تیز ہوا کا جھکڑ۔ گرد و غبار
آندھی آنا		۱۲۲	جھکڑ چلنا۔ اندھیاؤ آنا
آنر	(مؤنث)	۲۵۱	عزت۔ مرتبہ
آنریبل		۲۹۳	ذی عزت۔ صاحب مرتبہ
آنریری		۴۷۱	اعزازی۔ بلا تنخواہ کام کرنے والا

آنسو	(مذکر)	۱۱۷	اشک
آنسوؤں		۱۷۳	اشکوں
آنسہ		۱۱۶	کنواری لڑکی۔ مس)
بادخواں		۶۶۴	خوشامدی۔
بادرفتار		۸۸۸	ہوا کی طرح تیز چلنے والا۔
بادِ رہیہ		۲۲۲	چھت کا ہوادان۔
بادِ سموم		۱۵۳	بہت گرم ہوا۔ لُو۔
بادِ صبا		۱۰۰	صبح کے وقت کی ٹھنڈی ہوا۔ نسیم۔ پُروا۔
بادگرد		۲۳۱	بگولا۔
بادِ مخالف		۷۵۸	آگے بڑھنے سے روکنے والی ہوا۔ آندھی
بادام	(مذکر)	۴۸	ایک خشک میوہ۔
بادامی		۵۸	بادام کے رنگ کا۔ ہلکا زرد۔ خواجہ سرا۔ ایک قسم کا چاول۔
بادرنج		۲۶۰	بادرنگ کا معرّب۔
بادرنگ	(مذکر)	۲۷۷	ایک قسم کا کھیرا۔ ترنج۔
بادشاہ	(مذکر)	۳۱۳	سلطان۔ سردار۔ اُستاد۔
بادشہ	(مذکر)	۳۱۲	دیکھئے بادشاہ۔
بادشاہزادہ		۳۳۰	بادشاہ کا بیٹا۔
بادشاہزادی		۳۳۵	بادشاہ کی بیٹی۔
بادشاہانہ		۳۶۹	بادشاہوں سے متعلق۔ بادشاہوں کے لائق۔
بادشاہت	(مؤنث)	۷۱۳	راج۔ سلطنت۔
بادشاہی	(مؤنث)	۳۲۳	سلطنت۔
بادل	(مذکر)	۳۷	ابر۔ گھٹا۔
بادل اُمنڈنا		۱۸۳	بادل گھر کے آنا۔ گھٹا چھانا۔
بادل پھٹنا		۴۹۵	ابر کھُلنا۔ مطلع صاف ہونا۔
بادل چھانا		۹۷	بادلوں کا آنا۔
بادل چھٹنا		۴۹۶	آسمان کھل جانا۔
بادل کھُلنا		۱۴۳	آسمان کا بادلوں سے صاف ہوجانا۔
بادل گھِرنا		۳۱۳	آسمان پر بادلوں کا جمع ہونا۔

بادلا	(مذکر)	۳۸	سونے چاندی کا تار جس سے گوٹا وغیرہ بناتے ہیں۔
بادلہ	(مذکر)	۴۲	دیکھئے بادلا۔
بادمہرہ	(مذکر)	۲۵۷	سانپ کا مہرہ جو سانپ کے کاٹے کے لئے تریاق ہے۔
بادنجان	(مذکر)	۱۱۱	بیگن۔
بادہ	(مذکر)	۱۲	شراب۔ مے۔ خمر۔
بادہ پرست		۶۷۴	شراب پینے والا۔ شرابی۔
بادہ کش		۳۳۲	شراب پینے والا۔ شرابی۔
بادہ گسار		۲۹۳	شراب پینے والا۔ شرابی۔
بادہ نوش		۳۶۸	شراب پینے والا۔ شرابی۔
بادہ پرستی		۶۸۴	شراب خوری۔
بادہ کشی		۳۴۲	شراب خوری۔
بادہ گساری		۳۰۳	شراب خوری۔
بادہ نوشی		۳۷۸	شراب خوری۔
بادی		۱۷	ہوا پیدا کرنے والا۔ پنکھا۔
بادی		۱۷	شروع۔ شروع کرنے والا۔
بادیان	(مؤنث)	۶۸	سونف۔
بادیہ	(مذکر)	۲۲	صحرا۔ جنگل۔ دشت۔
بادیہ پیما		۷۵	جنگل میں پھرنے والا۔
بادیہ پیمائی		۸۵	جنگل میں پھرنا۔
بادیہ	(مذکر)	۲۲	بڑا پیالہ۔ بڑا کٹورا۔
باڈی	(مؤنث)	۱۷	جسم۔ دھڑ۔ آدمی۔ جماعت
باڈی گارڈ		۲۴۲	محافظ دستہ۔ (کسی شخص کا)
بار	(مؤنث)	۲۰۳	عرصہ۔ نوبت۔ مرتبہ۔
بار	(مذکر)	۲۰۳	نیکی کرنے والا۔ نیکوکار۔
بار	(مذکر)	۲۰۳	بوجھ۔ اسباب۔ برسانے والا۔

بارآور		۴۱۰	پھل لانے والا۔ نتیجہ خیز۔
بارالٰہ		۲۳۹	خدا کی جناب۔۔
بارخدا		۸۰۸	اے بزرگ خدا۔۔۔
بارالٰہا		۲۴۰	اے خدائے بزرگ۔
بارخدایا		۸۱۹	دیکھئے بارالٰہا۔
بار بار		۴۰۶	گھڑی گھڑی۔ لگاتار۔ متواتر۔
باربردار		۶۱۰	بوجھ اٹھانے والا۔ قلی۔
باربرداری		۶۲۰	بوجھ اٹھانا۔ مزدوری۔
بارخاص		۸۹۴	خاص اجازت۔ دربارِ خاص۔
بارخاطر		۱۰۱۳	ناگوار۔ خلافِ طبع۔ ناپسند۔
باردانہ		۲۶۳	کسی چیز کے رکھنے کا برتن۔ باورچی خانے کا سامان۔
بارِعام		۳۱۴	عام اجازت۔ دربارِ عام۔
بارکش		۵۲۳	بوجھ کھینچنے والا۔ سامان لے جانے والا۔
بارگاہ		۲۲۹	اجلاس کی جگہ۔ عدالت۔ دربار کا مقام۔
باردر		۴۰۹	دیکھئے بارآور۔
بارہا		۲۰۹	بار کی جمع۔ بار بار۔ بہت دفعہ۔
باریاب		۲۱۶	اجازت پانے والا۔ ملاقات کرنے والا۔
باریابی		۲۲۶	بارگاہ میں حاضری۔ دربار میں داخلہ۔
بار	(مذکر)	۲۰۳	وکیلوں کی جماعت۔ شراب خانہ۔
بارات		۶۰۴	دیکھئے برات۔
باراں	(مذکر)	۲۵۴	مینہ۔ بارش۔ برسنے والا۔
بارانِ رحمت		۹۰۲	رحمت کی بارش۔
بارانی		۲۶۴	جس کی سرسبزی بارش پر منحصر ہو۔ برساتی۔
باربر	(مذکر)	۴۰۵	نائی۔ حجام۔ اصلاح ساز۔
بارد		۲۰۷	سرد۔ ٹھنڈا۔

بارڈر	(مذکر)	۴۰۷	حد۔حصار۔کنارہ۔
بارش	(مؤنث)	۵۰۳	برکھا۔برشگال۔
بارک	(مذکر)	۲۲۳	فوجیوں کے رہنے کے مکانات۔
بارک اللہ	—	۲۸۹	اللہ تجھے برکت دے۔
بارگی	(مؤنث)	۲۳۳	دفعہ۔عرصہ۔مرتبہ۔
بارندہ		۲۶۲	برسنے والا۔
بارود	(مؤنث)	۶۰۹	گندھک، شورے اور کوئلے وغیرہ کا مرکب۔
بارود	(مؤنث)	۲۱۳	دیکھئے بارود۔
بارہ		۲۰۸	دس اور دو۔
بارہ دری		۴۲۲	بارہ دروازوں والا مکان۔ مجازاً ہوا دار مکان۔
بارہ سنگھا		۳۳۹	ایک قسم کا ہرن جس کے شاخ در شاخ سینگ ہوتے ہیں۔
بارہ ماسہ		۳۱۴	بارہ ٹکڑوں کا ہندی گیت۔
بارہ وفات		۶۹۵	ربیع الاول کا مہینہ۔ ربیع الاول کے وہ ابتدائی بارہ دن جن میں حضورؐ بیمار رہے اور وفات پائی۔
باری	(مونث)	۲۱۳	مرتبہ۔پہرا۔کھڑی۔
باری		۲۱۳	پیدا کرنے والا۔خالق۔اللہ کا ایک صفاتی نام۔
باری تعالیٰ		۷۲۴	خداوند تعالیٰ۔بزرگ و برتر خدا۔
بارے		۲۱۳	لیکن۔الغرض۔آخرالامر۔
باریک		۲۳۳	پتلا۔مہین۔خفیف۔
باریک بیں		۲۹۵	تیز فہم۔باریک باتیں سمجھنے والا۔
باریک بینی		۳۰۵	تیز فہمی۔بات کی تہہ کو سمجھنا۔
باریکہ	(مذکر)	۲۳۸	باریک بالوں کا قلم جس سے مصور باریک خط کھینچتے ہیں۔
باریکی	(مؤنث)	۲۴۳	پتلاپن۔نزاکت۔نکتہ۔
باڑ	(مونث)	۲۰۳	دھار۔کنارہ۔حاشیہ۔چڑھاؤ۔
باڑھ		۲۰۸	دیکھئے باڑ۔
باڑا	(مذکر)	۲۰۴	احاطہ۔چار دیواری۔دنگل۔خانقاہ۔

باڑھیا	(مذکر)	۲۱۹	دھار تیز کرنے والا صیقل گر۔
باڑی	(مؤنث)	۲۱۳	رہنے کی جگہ۔ باغیچہ۔
باز	(مذکر)	۱۰	شکرا۔ دوبارہ۔ واپس۔ کھیلنے والا۔
بازآنا		۶۲	واپس آنا۔ توبہ کرنا۔
بازپُرس		۲۷۲	پوچھ گچھ۔ محاسبہ۔
بازخواہ		۶۲۲	جواب طلب کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔
بازدعویٰ		۱۰۰	دعویٰ سے دست بردار ہونا۔
بازدہی		۲۹	واپسی۔ واپس دینا۔
بازرکھنا		۲۸۶	روکنا۔ منع کرنا۔
بازگشت		۷۳۰	واپسی۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔
بازگیری		۲۵۰	ضبطی۔
بازیاب		۲۳	پھر پانے والا۔ دوبارہ حاصل کرنے والا۔
بازیابی		۳۳	پھر پانا۔ دوبارہ حاصل کرنا۔
بازیافت		۵۰۱	کھوئی ہوئی چیز کی دست یابی۔ بازیابی۔
بازار	(مذکر)	۲۱۱	دکانوں کا سلسلہ۔ منڈی۔ خرید و فروخت۔
بازار اُٹھ جانا		۶۷۲	بازار بند ہو جانا۔
بازار چمکنا		۳۲۵	زیادہ مانگ ہونا۔
بازار لگانا		۳۱۳	منڈی لگانا۔ چیزوں کا پھیلانا۔
بازارو		۲۱۷	عام بکری کی چیز۔ نمائشی کی چیز۔
بازاری		۲۲۱	بازار سے متعلق۔ عام آدمی۔ اوباش۔
بازو	(مذکر)	۱۶	کہنی سے شانہ تک کا حصّہ۔
بازوبند		۷۲	بازو پر باندھنے کا زیور۔
بازو تولنا		۵۰۳	اُڑنے کے لیے مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔
بازی	(مؤنث)	۲۰	کھیل تماشہ۔ دھوکا۔ شرط کی رقم۔
بازی اٹھنا		۴۷۷	کھیل ختم ہونا۔

بازی بَدنا		۷۷	شرط لگانا۔ داؤ لگانا۔
بازی گاہ		۴۶	کھیلنے کی جگہ۔ کھیل کا میدان۔
بازی گر		۲۴۰	تماشہ دکھانے والا۔ شعبدہ باز۔
بازی لگانا		۱۲۲	شرط لگانا۔
بازی لے جانا		۱۱۵	غالب آجانا۔ فتح پانا۔ جیت جانا
بازیچہ	(مذکر)	۲۸	کھیل تماشہ۔ کھلونا۔
بازیچۂ اطفال	(مؤنث)	۱۴۹	بچوں کا کھیل۔
باس	(مؤنث)	۶۳	بو۔ بدبو۔ خوشبو۔
باسمتی		۵۱۳	خوشبو والا۔ ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول۔
باس	(مذکر)	۶۳	آقا۔ سیٹھ۔ افسر۔
باسٹھ		۴۶۸	ساٹھ اور دو۔
باسِط		۷۲	فراخی دینے والا۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
باسک		۸۳	سانپوں کا بادشاہ۔ وہ سانپ جس پر ہندو زمین کو قائم خیال کرتے ہیں۔
باسکی		۹۳	دیکھئے باسک۔
باسکٹ	(مؤنث)	۴۸۳	ٹوکری۔ پٹاری۔
باسلیق	(مؤنث)	۲۰۳	ایک رگ کا نام جو دل اور جگر میں ہوتی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے
باسن	(مذکر)	۱۱۳	برتن۔ ظرف۔
باسور	(مذکر)	۲۶۹	ایک قسم کا مسا جو مقعد میں ہوتا ہے۔
باسی		۷۳	رات کا پکا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ باشندہ۔
باشد		۳۰۷	ہو۔ ہوا کرے۔ پروا نہیں۔
باشندگان	(مذکر)	۴۲۸	باشندہ کی جمع۔
باشندہ	(مذکر)	۳۶۲	ساکن۔ رہنے والا۔
باشہ	(مذکر)	۳۰۸	ایک شکاری پرندے کا نام۔
باصِر		۲۹۳	دیکھنے والا۔ بینائی رکھنے والا۔

باصرہ		۲۹۸	دیکھنے والی۔ دیکھنے کی قوت۔
باطل		۴۲	غلط۔ بے اصل۔ ناحق۔ جھوٹا۔
باطن	(مذکر)	۶۲	پوشیدہ چیز۔ دل۔ ضمیر۔
باطنی		۷۲	اندرونی۔ پوشیدہ۔ فرقۂ باطنیہ کا پیرو۔
باطنیہ	(مذکر)	۷۷	ایک سیاسی فرقے کا نام جس کا لیڈر حسن بن صباح تھا۔
باعث	(مذکر)	۵۷۳	وجہ۔ سبب۔ بنیاد۔
باغ	(مذکر)	۱۰۰۳	پھلواڑی۔ چمن۔ مجازاً بال بچے۔
باغ باغ		۲۰۰۶	نہایت خوش۔ بہت خوش و خرم۔
باغبان		۱۰۵۶	مالی۔ باغ کا محافظ۔
باغبانی		۱۰۶۶	مالی کا کام۔ باغ کی حفاظت۔
باغ رضواں		۲۰۶۰	جنت۔ بہشت۔
باغ قدس		۱۱۶۷	بہشت۔
باغ وان		۱۰۶۰	دیکھئے باغبان۔
باغ و بہار		۱۲۱۷	آراستہ۔ بارونق۔ مجازاً ہنس مکھ۔
باغات	(مذکر)	۱۴۰۴	باغ کی جمع (عربی قاعدے سے)
باغاتی		۱۴۱۴	باغ کا۔ باغ سے متعلق۔
باغچہ	(مذکر)	۱۰۱۱	چھوٹا سا باغ۔
باغی	(مذکر)	۱۰۱۳	بغاوت کرنے والا۔ نافرمان۔
باف		۸۳	بننے والا۔
بافت	(مؤنث)	۴۸۳	بنائی۔ بناوٹ۔
بافتہ		۴۸۸	بنا ہوا۔
بافندگی	(مؤنث)	۱۶۷	بننے کا کام۔ بنائی۔
بافندہ	(مذکر)	۱۴۲	کپڑا بننے والا۔
باقر		۳۰۳	بہت بڑا عالم۔
باقرخوانی		۹۷۰	ایک قسم کی روغنی چپاتی۔

باقی		۱۱۳	بچی ہوئی چیز۔ ہمیشہ موجود رہنے والا۔
باقی جمع		۲۲۶	معاملے کی رقم جو گزشتہ سالوں کے معاملے میں سے باقی ہو۔
باقی دار		۳۱۸	جس پر کوئی مطالبہ باقی ہو۔
باقی ماندہ		۲۱۳	باقی بچا ہوا۔ باقی رہا ہوا۔
باقیات	(مؤنث)	۵۱۴	باقی کی جمع۔ باقی ماندہ چیزیں یا لوگ۔
باقیاتُ الصالحات		۱۰۴۵	ایسے نیک کام جن کا ثواب ہمیشہ ملتا رہے صدقۂ جاریہ۔ نیک اولاد۔
باک	(مذکر)	۲۳	خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔
باکرہ	(مؤنث)	۲۲۸	دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔
باکس	(مذکر)	۸۳	بکس۔ صندوق۔ تھیٹر وغیرہ میں علیحدہ نشستگاہ۔
باکسر	(مذکر)	۲۸۳	مکے باز۔
باکسنگ	(مؤنث)	۱۵۳	مکے بازی۔ (کھیل)
باگ	(مؤنث)	۲۳	لگام، راس۔ عنان۔
باگ اُٹھانا		۴۸۱	باگ ہاتھ میں لینا۔ چل پڑنا۔
باگ چھوڑ دینا		۳۰۲	گھوڑے کو اسکی مرضی پر جانے دینا۔ نگرانی اُٹھا لینا۔
باگ ڈور		۲۳۳	وہ رسّی جو سائیس گھوڑے کی لگام میں ڈال کر اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔
باگڑ بلّا	(مذکر)	۲۵۶	باگڑ کا بلّا۔ ایک بڑا بلا۔
باگھ	(مذکر)	۲۸	شیر۔ چیتا۔
باگیسری	(مؤنث)	۳۰۳	ایک راگنی۔
بال	(مؤنث و مذکر)	۳۳	گیہوں وغیرہ کا خوشہ۔ بالی۔ بچہ۔ مو۔ شیشہ وغیرہ پر صدمہ کا نشان۔
بال آنا		۸۵	شکاف پیدا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔ بدن پر بال اگنا۔
بال بال		۶۶	ہر ایک بال۔ بالکل۔ تھوڑے فرق سے۔
بال بال بچنا		۱۲۲	حادثے کی لپیٹ میں آتے آتے بچ جانا۔
بال برابر		۴۳۸	ذرا سا۔ نہ ہونے کے برابر۔
بال بنانا		۱۳۷	کنگھی کرنا۔ حجامت بنانا۔
بال بیکا		۶۶	صدمہ۔ آنچ۔

بال پکنا		۱۰۶	بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔
بال توڑ		۶۳۹	پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے۔
بال صفا		۲۰۴	بال اڑانے والی دوا۔
بال	(مذکر)	۳۳	پرندوں کے بازو۔ پر۔
بال و پر		۲۴۱	بال اور پر۔
بال	(مؤنث)	۳۳	گیند۔ اون یا سوت کا گولا۔ مجلسِ رقص۔
بال روم		۲۷۹	ناچ گھر۔ رقص گاہ۔
بال	(مذکر)	۳۳	حال۔ دل۔ دماغ۔
بالا	(مذکر)	۳۴	کان میں پہننے کا ایک زیور۔ بچہ۔
بالا بالا		۶۸	اوپر ہی اوپر۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ پوشیدہ۔
بالاخانہ		۶۹۰	مکان کے اوپر کا کمرہ۔ چوبارہ۔ کوٹھا۔
بالادست		۴۹۸	زبردست۔ بااختیار۔
بالانشیں		۴۴۴	کرسی نشیں۔ معزز۔ امیر مجلس۔
بالائے طاق		۱۵۴	طاق پر۔ دھیان سے الگ۔
بالاپن	(مذکر)	۸۶	بچپن۔
بالائی		۴۴	اوپری۔ فالتو۔ ملائی۔
بالائی آمد		۸۹	رشوت۔ کمیشن۔
بالائی آمدنی		۱۴۹	دیکھئے بالائی آمد۔
بالٹی	(مؤنث)	۴۴۳	ٹین، جست یا لوہے کا ڈول۔
بال چھڑ	(مذکر)	۲۴۱	ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
بالشت	(مذکر)	۷۳۳	بارہ انگل کا پیمانہ۔
بالشتیا	(مذکر)	۷۴۴	بالشت کے برابر کا آدمی۔ بونا۔
بالشوک	(مذکر)	۳۵۹	انقلاب پسند۔ روسی کمیونسٹ پارٹی کا رکن۔
بالغ	(مذکر)	۱۰۳۳	پہنچا ہوا۔ پورا۔ جوان۔
بالغ نظر		۲۱۸۳	ذہین۔ سمجھ دار۔

بالغہ	(مؤنث)	۱۰۳۸	جوان عورت ۔ پوری عورت ۔
بالک	(مذکر)	۵۳	بچہ ۔ کم عمر ۔ نادان ۔
بالکا	(مذکر)	۵۴	جوگی کا مرید ۔ شاگرد ۔ بچہ ۔
بالکپن	(مذکر)	۱۰۵	بچپن ۔ بالاپن ۔
بالکونی	(مؤنث)	۱۱۹	بالاخانے کا برآمدہ ۔
بالم	(مذکر)	۷۳	خاوند ۔ عاشق ۔
بالو	(مذکر)	۳۹	ریت ۔ ریگ ۔
بالوشاہی		۳۵۵	ایک مٹھائی ۔
بالی		۴۳	چھوٹی بچھوٹی بچی ۔ خوشہ ۔
بالیدگی	(مؤنث)	۷۷	افزائش ۔ روئیدگی ۔
بالین	(مذکر)	۹۳	تکیہ ۔ سرہانہ ۔
بام		۴۳	سانپ کی شکل کی مچھلی ۔
بام		۴۳	بالاخانہ ۔ کوٹھا ۔ مرہم ۔
بامن		۹۳	دیکھئے براہمن ۔ بونا ۔ ٹھگنا ۔
بان		۵۳	اسما کے آخر میں آکر محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے ۔
بان	(مؤنث)	۵۳	عادت ۔ تیر ۔
بانا	(مذکر)	۵۴	لباس ۔ ایک قسم کا ہتھیار ۔
بانات	(مؤنث)	۴۵۴	ایک قسم کا موٹا گرم اونی کپڑا ۔
بانٹ	(مؤنث)	۴۵۳	حصہ ۔ بٹوارہ ۔ حاصلِ قسمت ۔
بانٹنا		۵۰۴	تقسیم کرنا ۔ حصہ لگانا ۔
بانجھ	(مؤنث)	۶۱	وہ عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہوا ۔ بنجر زمین ۔
باندھ	(مؤنث)	۶۲	قید ۔ پشتہ ۔ بند ۔
باندھنا		۱۱۳	بندھن لگانا ۔ بندھن ۔
باندی	(مؤنث)	۶۷	لونڈی ۔ کنیز ۔ چھوکری ۔
بانڈ	(مذکر)	۵۷	معاہدہ ۔ بندھن ۔

بانس	(مذکر)	۱۱۳	ایک لمبا اور پتلا گرہ دار درخت۔
بانس واڑی		۳۳۰	بانسوں کا جنگل۔
بانسا	(مذکر)	۱۱۴	ریڑھ کی ہڈی۔
بانسری	(مؤنث)	۳۲۳	لے۔ مُرلی۔
بانسی	(مؤنث)	۱۲۳	ایک ہلکی قسم کا رسّہ جس سے مچھلی کے پھنسے بناتے ہیں۔
بانک	(مؤنث)	۷۳	ٹیڑھاپن۔ جرم۔ خنجر جس کا پھل خمدار ہوتا ہے۔
بانکا		۷۴	ٹیڑھا۔ البیلا۔ بہادر۔
بانکپن	(مذکر)	۱۲۵	ٹیڑھاپن۔ البیلاپن۔ شہدا پن۔
بانکی		۸۳	بانکا کی تانیث۔
بانکی ادا		۸۹	اندازِ معشوقانہ۔
بانگ	(مؤنث)	۷۳	آوازہ۔ اذان۔ مرغ کی آواز۔
بانگِ جرس		۳۳۶	گھنٹی کی آواز۔
بانگِ درا		۲۷۸	قافلے کی رخصت کے وقت گھنٹی کی آواز۔
بانگر	(مذکر)	۲۷۳	اونچی ہموار زمین۔
بانگڑو		۲۷۹	بے وقوف۔ بے تمیز۔
بانگی	(مذکر)	۸۳	بانگ دینے والا۔
بانگی	(مؤنث)	۸۳	نمونہ۔
بانو	(مؤنث)	۵۹	بیگم۔ بیوی۔ ملکہ۔
بانوے		۶۹	نوّے اور دو۔
بانہہ	(مؤنث)	۵۸	بازو۔ کنایۃً سہارا۔ مددگار۔
بانی	(مؤنث)	۶۳	آواز۔ تقریر۔
بانی	(مذکر)	۶۳	بنیاد رکھنے والا۔ موجد۔
بابا	(مذکر)	۱۰	باپ۔ درویش۔ استاد۔
بابا آدم		۵۵	حضرتِ آدم۔
باور	(مذکر)	۲۰۹	یقین۔ بھروسہ۔ اعتبار۔

باورچن	(مؤنث)	۲۶۲	باورچی کی تانیث ۔
باورچی	(مذکر)	۲۲۲	کھانا پکانے والا ۔ طباخ ۔
باورچی خانہ		۸۷۸	مطبخ ۔ کھانا پکانے کی جگہ ۔
بادرا		۲۱۰	دیکھئے بادلا ۔
بادلا		۴۰	دیوانہ ۔ پاگل ۔
بادلی		۴۹	دیوانی ۔ پکا کنواں جس کے اندر سیڑھیاں ہوتی ہیں ۔
باون		۵۹	پچاس اور دو ۔
باہ	(مؤنث)	۸	قوتِ مردی ۔
باہر		۲۰۸	روشن ۔ واضح ۔ بیرون ۔ خارج ۔
باہر باہر		۴۱۶	اوپر ہی اوپر ۔ دور دور ۔ الگ الگ ۔
باہر جانا		۲۶۳	سفر کو جانا ۔ احاطے سے نکل جانا ۔
باہر کرنا		۴۷۹	نکال دینا ۔ قطع تعلق کرنا ۔
باہم		۴۸	ساتھ ساتھ ۔ بالاتفاق ۔
باہمد گر		۲۷۲	ایک دوسرے کے ساتھ ۔ آپس میں ۔
باہمی		۵۸	آپس کا ۔ ساتھ کا ۔
باہنا		۵۹	پھیلانا ۔ ہل چلانا ۔ داخل کرنا ۔
بائع	(مذکر)	۷۳	بیچنے والا ۔
بائن		۵۳	جدا کر دینے والی ۔ ایسی طلاق جسکے بعد رجوع نہ ہو سکے ۔
باؤ	(مؤنث)	۹	ہوا ۔ گھمنڈ ۔ آتشک
باؤسول		۱۰۵	دردِ ریح ۔
باؤگولا		۶۶	وہ درد جو تلی میں ہوا بھر جانے سے ہوتا ہے ۔
بائی	(مؤنث)	۱۳	رانی ۔ بہن ۔ گانے والی عورت ۔ سرسام ۔
بائیس		۷۳	بیس اور دو ۔
بائیکاٹ	(مذکر)	۴۳۴	قطع تعلق ۔ مقاطعہ ۔
بائیں		۶۳	بایاں کا مؤنث ۔ الٹی ۔

بایاں		۶۴	الٹا۔ وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔
بایدوشا		۳۳۸	جیسا چاہیئے۔ نہایت مناسب۔
بب	(مذکر)	۴	وہ چھوٹا سا کپڑا جو ننھے بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ہے تاکہ لباس خراب نہ ہو۔
ببر	(مذکر)	۲۰۴	ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں۔
ببوا	(مذکر)	۱۱	مٹی یا پلاسٹک کا پتلا جس سے بچے کھیلتے ہیں۔ بچہ۔ لڑکا۔
ببول	(مذکر)	۴۰	ایک خاردار درخت۔ مغیلاں۔
ببولا	(مذکر)	۴۱	دیکھئے ببولا۔
بپا		۵	برپا۔ کھڑا۔ قائم۔
بپت	(مؤنث)	۴۰۴	بلا۔ مصیبت۔ آفت۔ دکھ۔
بپتا	(مؤنث)	۴۰۵	دیکھئے بپت۔
بپتسما	(مذکر)	۵۰۵	اصطباغ۔ عیسائی مذہب کی ایک رسم جس میں بچے کے پیدا ہونے پر اس کے سر پر مقدس پانی کے چھینٹے ڈالے جانے پر اسے عیسائی مان لیا جاتا ہے۔
بپھارا	(مذکر)	۲۱۱	بھاپ۔ پسینہ لانے والی دوا۔
بپھرنا		۲۶۰	ضد کرنا۔ مچلنا۔ جوش میں آنا۔
بت	(مؤنث)	۴۰۲	ایک قسم کی مرغابی۔ بات کا مخفف۔ بط۔
بت بنا		۴۵۵	باتونی۔ چرب زبان۔
بُت	(مذکر)	۴۰۲	مورتی۔ مجازاً معشوق۔ پانسہ پھینکنے کا تمغہ۔ گھونسا۔
بُت پرست		۱۰۶۴	مورتی پوجنے والا۔
بُت پرستی		۱۰۷۴	بتوں کی پوجا۔ مورتی پوجا۔
بُت تراش		۱۳۰۳	مورتی بنانے والا۔
بُت تراشی		۱۳۱۳	مورتیاں بنانے کا کام۔
بُت خانہ		۱۰۵۸	مندر۔ مورتی پوجا کی جگہ۔
بُت شکن		۷۷۲	بُت توڑنے والا۔ موحد۔
بُتّا	(مذکر)	۴۰۳	فریب۔ حیلہ۔ گھونسا۔

بُتا بتانا		۸۵۷	دھوکہ دینا۔ ٹالنا۔
بُتے بازی		۴۳۲	حیلہ سازی۔ فریب دہی۔
بتاسا	(مذکر)	۴۶۴	بُلبلا۔ ایک قسم کی شیرینی۔ آتش بازی کا چھوٹا انار۔
بتاشا		۷۰۴	دیکھئے بتاسا۔
بَتانا		۴۵۴	کہنا۔ جتانا۔ دکھانا۔ اشارہ کرنا۔
بِتانا		۴۵۴	گزارنا۔ بسر کرنا۔
بتاؤں		۴۵۹	کہوں۔ سمجھاؤں۔ بیگن۔
بتلانا		۴۸۴	دیکھئے بتانا۔
بتنگڑ	(مذکر)	۶۷۲	مبالغہ۔ ذرا سی بات کو طول دینا۔
بتول	(مؤنث)	۴۳۸	کنواری۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
بتھوا	(مذکر)	۴۱۴	ایک قسم کا ساگ جو گیہوں کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔
بَتی	(مؤنث)	۴۱۲	فتیلہ۔ سوت کی ڈوری جو چراغ میں جلائی جاتی ہے۔
بتیس		۴۷۲	تیس اور دو۔
بتیسا	(مذکر)	۴۷۳	بتیس دواؤں سے تیار کیا گیا مقوی حلوہ۔ ایک مٹھائی۔
بتیسی	(مؤنث)	۴۸۲	آدمی کے دانتوں کی دونوں لڑیاں۔
بتیسی دکھانا		۵۶۳	بیہودہ ہنسنا۔ منہ چڑانا۔ عاجزی کرنا۔
بٹ	(مذکر)	۴۰۲	ٹکڑا۔ سلوٹ۔ بات کا صنعت۔ پگڈنڈی۔
بٹ مار		۶۴۳	راہزن۔ ڈاکو۔
بٹ ماری		۶۵۳	رہزنی۔ ڈاکہ۔
بٹا	(مذکر)	۴۰۳	تولنے کا وزن۔ کٹوتی۔ فرق۔ عیب۔
بٹا دینا		۴۶۸	کمی پوری کرنا۔
بٹانٹا		۸۶۴	ایک قسم کی غدہ۔ سازش۔ لین دین۔
بٹا لگنا		۵۰۴	کمی ہونا۔ عیب لگنا۔
بٹے باز		۴۲۲	دغاباز۔ بازی گر۔
بٹے بازی		۴۳۲	چالاکی۔ دغابازی۔
بٹالین	(مؤنث)	۴۹۳	فوجی دستہ جس میں لگ بھگ ایک ہزار سپاہی ہوتے ہیں۔

بٹانا		۴۵۴	تقسیم کرنا۔ دوسری طرف کرنا (خیال)
بٹائی	(مؤنث)	۴۱۳	پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پائے۔
بٹلر	(مذکر)	۶۳۲	خانساماں۔ رکابدار۔
بٹلوہی	(مؤنث)	۴۵۳	پیتل کا وہ برتن جس میں پانی بھرتے یا دودھ دوہتے ہیں۔
بٹلوئی	(مؤنث)	۴۴۸	دیکھئے بٹلوہی۔
بٹن	(مذکر)	۴۵۲	بوتام۔ گھنڈی۔
بٹنا		۴۵۳	تقسیم ہونا۔ ایک طرف سے دوسری طرف ہونا (خیال)
بٹوا	(مذکر)	۴۰۹	پیسے وغیرہ رکھنے کا جیبی کیسہ۔
بٹوارا		۶۱۰	حصہ۔ تقسیم۔ بانٹ۔
بٹوانا		۴۶۰	تقسیم کرانا۔ بل دلوانا۔
بٹوائی	(مؤنث)	۴۱۹	بٹنے کی اجرت۔
بٹورا	(مذکر)	۶۰۹	سوکھے اُپلوں کا ڈھیر۔
بٹورنا		۶۵۹	جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
بٹونا		۴۵۹	بکھیرنا۔ چھڑکنا۔
بٹھا رکھنا		۶۸۴	کنوارا رکھنا۔ بیکار رکھنا۔ گھر پر رکھنا۔
بٹھانا		۴۵۹	بیٹھنا کا متعدی۔ کھڑا کرنا کی ضد۔
بٹھلانا		۴۸۹	بٹھانا۔
بٹی	(مؤنث)	۴۱۲	چھوٹا پھل۔ ناریل کا گولا۔
بٹیا	(مؤنث)	۴۱۳	بیٹی کی تصغیر۔
بٹیر	(مذکر و مؤنث)	۶۱۲	تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔
بٹیر باز		۶۳۲	بٹیر پالنے اور لڑانے والا۔
بجا		۶	درست، جائز۔ مناسب موقع پر۔
بجا آوری		۳۲۳	تعمیل حکم۔ انجام دہی۔
بجا لانا		۸۸	تعمیل حکم کرنا۔ انجام دینا۔
بجاج	(مذکر)	۹	بزاز کا بگاڑ۔ ہندوؤں کی ایک ذات۔

بجار	(مذکر)	۲۰۶	سانڈ۔ خوب تندرست آدمی۔
بجانا		۵۷	باجے کی آواز نکالنا۔ پرکھنا۔ خدمت کرنا۔
بجائے		۱۶	بدلے میں۔ قائم مقام کے طور پر۔
بچ بجانا		۶۲	سٹرجانا۔ اُبس جانا۔
بجٹ	(مذکر)	۴۰۵	میزانیہ۔ ملکی جمع خرچ کا حساب۔
بجر	(مذکر)	۲۰۵	سخت اور بھدی پتھر۔ جواہر۔ برق۔ سست۔
بجرا	(مذکر)	۲۰۶	ایک مسم کی لوں اور خوبصورت کشتی۔
بجرنگ	(مذکر)	۲۷۵	ہنومان کا لقب۔
بجری	(مؤنث)	۲۱۵	سنگ ریزہ۔ اولوں کی بھوار۔
بجلی	(مؤنث)	۴۵	برق عورت کے کان کا ایک زیور۔ پھرتیلا۔
بجلی گرانا		۳۱۷	آفت ڈھانا۔ صدمہ پہنچانا۔
بجلی گرنا		۳۱۶	آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔
بجنا		۵۶	آواز نکلنا۔ مشہور ہونا۔ بجنے والا۔
بجو	(مذکر)	۱۱	ایک گوشت خور جانور جس کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ چالاک آدمی۔
بجوانا		۶۳	بجانا کا متعدی۔
بجوگ		۳۱	جدائی۔ حادثہ۔ بدنصیبی۔
بجوگی		۴۱	بدنصیب۔ مصیبت زدہ۔
بجھا بجھا		۲۲	افسردہ۔ غمگین۔ بجھا ہوا۔
بجھارت	(مؤنث)	۶۱۱	معمہ۔ حساب کا تصفیہ۔
بجھانا		۶۲	آگ پر پانی ڈالنا۔ گل کرنا۔ حل کرانا۔ (پہیلی)
بجھ بجھول	(مؤنث)	۵۶	پہیلی۔ چیستان۔ بجھارت۔
بجھنا		۶۱	جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا۔ سیری ہونا۔ مایوس ہونا۔
بجھوتا	(مذکر)	۴۱۷	حساب نہی۔ سالانہ پیداوار کا اوسط۔
بجھول	(مؤنث)	۴۶	دیکھئے بجھ بجھول۔
بجھی بجھی		۴۰	بجھا بجھا کی تانیث۔

بچ	(مؤنث)	۵	ایک مشہور کڑوی دوا۔
بچا		۶	باقی رہا ہوا۔ بقیہ۔
بچا بچایا		۲۳	باقی ماندہ۔ بقیہ۔
بچا کھچا		۳۵	باقی ماندہ۔ بقیہ۔
بچا جانا		۶۱	زد سے بچ جانا۔ مقابلے سے ہٹ جانا۔
بچا لانا		۸۸	چھڑا لانا۔
بچا		۶	کان کٹا۔ چھوٹے کان والا۔
بچار	(مؤنث)	۲۰۶	سوچ۔ غور۔ خیال۔
بچارا		۲۰۷	دیکھئے بے چارہ۔
بچالی	(مؤنث)	۴۶	ایک قسم کی گھاس۔
بچانا		۵۷	محفوظ رکھنا۔ پناہ دینا۔ چھڑانا۔
بچاؤ	(مذکر)	۱۲	حفاظت۔ سلامتی۔
بچپن	(مذکر)	۵۷	لڑکپن۔ کم عمری۔
بچپنا	(مذکر)	۵۸	بچپن۔
بچت	(مؤنث)	۴۰۵	بچا کر رکھی ہوئی چیز۔ بقیہ۔ نفع۔
بچکانا		۷۷	بچوں کا۔ بچوں کا سا۔
بچکانی		۸۶	بچکانا کی تانیث۔ چھوٹی لڑکی۔
بچگی	(مؤنث)	۳۵	کم سنی۔ نابالغی۔
بچن	(مذکر)	۵۵	بات۔ عہد و پیماں۔
بچن دینا		۱۲۰	قول کرنا۔ زبان دینا۔ عہد و پیماں کرنا۔
بچن ہارنا		۳۱۲	زبان دینا۔ اقرار کرنا۔ قول سے پھرنا۔
بچنا		۵۶	الگ رہنا۔ باقی رہنا۔ نفع ہونا۔
بچو		۱۱	بچہ کی تصغیر۔

بچولیا	(مذکر)	۵۲	دلال ۔ ضامن ۔ فیصلہ کرنے والا ۔
بچونگڑا	(مذکر)	۲۸۲	بچہ ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔
بچہ	(مذکر)	۱۰	طفل ۔ نادان شخص ۔
بچہ دان		۶۵	رحم ۔
بچہ کشی		۳۴۰	بال ہتیا ۔ بچے کا قتل ۔
بچے کچے		۴۸	لڑکے بالے ۔ چھوٹے بڑے بچے ۔
بچھا جانا		۶۶	انکسار کرنا ۔ بہت تواضع و مدارات کرنا ۔
بچھانا		۶۲	فرش کرنا ۔ زمین پر لٹانا ۔
بچھڑا	(مذکر)	۲۱۱	گائے کا بچہ ۔ بچھیرا ۔
بچھڑا ہوا		۲۲۳	گم شدہ ۔ جدا ۔ الگ ۔
بچھڑے ہوئے		۲۴۱	گم شدہ ۔ جدا ۔ الگ (جمع)
بچھڑ جانا		۲۶۵	جدا ہونا ۔ پیچھے رہ جانا ۔ کھو جانا ۔
بچھڑنا		۲۶۱	دیکھئے ۔ بچھڑ جانا ۔
بچھنا		۶۱	فرش ہونا ۔ انکساری کرنا ۔ آؤ بھگت کرنا ۔
بچھو	(مذکر)	۱۶	عقرب ۔
بچھوا	(مذکر)	۱۷	چھوٹا چھرا ۔ ایک زیور ۔ بچھو ۔
بچھوانا		۶۸	فرش کرانا ۔
بچھونا	(مذکر)	۶۷	بستر ۔
بچھونا بچھانا		۱۲۹	بچھونا کرنا ۔ فرش کرنا ۔
بچھیا	(مؤنث)	۲۱	گائے کا مادہ بچہ ۔
بچھیرا	(مذکر)	۲۲۱	گھوڑے کا نر بچہ ۔
بچھیری	(مؤنث)	۲۳۰	گھوڑے کا مادہ بچہ ۔
بچی	(مؤنث)	۱۵	چھوٹی لڑکی ۔ ڈاڑھی کا امام ۔
بچی		۱۵	کان کٹی ۔
بحار	(مذکر)	۲۱۱	بحر کی جمع ۔ سمندر ۔ بحور ۔

بحال		۴۱	اصلی حالت پر۔ خوش۔ شفایافتہ۔
بحال رکھنا		۳۱۷	قائم رکھنا۔ بدستور رکھنا۔
بحال ہونا		۱۰۳	تندرست ہونا۔ پھر اسی عہدے پر مقرر ہونا۔
بحالی	(مؤنث)	۵۱	افاقہ۔ پھر اُسی عہدے پر تقرر۔ تازگی۔
بحث	(مؤنث)	۵۱۰	مباحثہ۔ حجت۔ جھگڑا۔
بحثنا		۵۶۱	بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔
بحر	(مذکر)	۲۱۰	مہاساگر۔ بڑا سمندر۔ شعر کا وزن۔
بحران	(مذکر)	۲۶۱	بیماری کے زور کا دن۔ تعطل۔ اتھل پتھل۔
بحری		۲۲۰	بحر سے منسوب۔ سمندری۔
بحریہ	(مؤنث)	۲۲۵	جنگی جہازوں کا بیڑا۔ بحری فوج۔
بحور	(مذکر)	۲۱۶	بحر کی جمع۔
بحیرہ	(مذکر)	۲۲۵	بحر کی تصغیر۔ چھوٹا سمندر۔
بخار	(مذکر)	۸۰۳	دھواں بھاپ۔ حرارت۔ غصہ۔
بخارات	(مذکر)	۱۲۰۴	بخار کی جمع۔ ابخرے۔
بخاری		۸۱۳	شہر بخارا سے منسوب۔ بخارا کا باشندہ مشہور محدث۔
بخت	(مذکر)	۱۰۰۲	حصہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت۔
بخت آزمائی		۱۰۶۱	تقدیر آزمانا۔ جدوجہد۔
بخت آور (بختاور)		۱۲۰۹	خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
بخت آوری (بختاوری)		۱۲۱۹	خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔
بخت اُلٹنا		۱۴۸۴	قسمت کا ناموافق ہونا۔
بختِ خفتہ		۲۰۸۷	سوئی ہوئی قسمت۔ بدنصیبی۔
بختِ رسا		۱۲۹۳	اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔
بختِ واژوں		۱۰۷۲	اوندھی قسمت۔ بگڑا ہوا نصیب۔
بخت یار (بختیار)		۱۲۱۳	خوش نصیب۔ اقبال مند۔
بخت یاری (بختیاری)		۱۲۲۳	خوش بختی۔ اقبال مندی۔

بختوں جلی		۱۱۰۱	بدقسمت عورت۔ بے اولاد عورت۔
بختی	(مذکر)	۱۰۱۲	ایک قسم کا بڑا اونٹ۔ تیز رفتار اونٹ۔
بختے	(مذکر)	۱۰۱۲	بھنے ہوئے چنے جن پر چھلکا نہ ہو۔
بخرا	(مذکر)	۸۰۳	حصہ۔ بھاگ۔
بخرہ		۸۰۷	دیکھئے بخرا۔
بخش		۹۰۲	معاف کرنے والا۔ دینے والا۔ حصہ۔ عطیہ۔
بخش دینا		۹۶۷	منت دے دینا۔ معاف کر دینا۔
بخشائش	(مؤنث)	۱۲۰۳	گناہ کی معافی۔
بخشش	(مؤنث)	۱۲۰۲	انعام۔ معافی۔ درگذر۔
بخشنا		۹۵۳	عطا کرنا۔ معاف کرنا۔ ثواب پہنچانا۔
بخشندہ		۹۶۱	بخشنے والا۔
بخشوانا		۹۶۰	معاف کرانا۔ عفو کرانا۔
بخشی	(مذکر)	۹۱۲	چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا۔ سپہ سالار۔
بخل	(مذکر)	۶۳۲	لالچ۔ حرص۔ تنگ دلی۔
بخلا	(مذکر)	۶۳۳	بخیل کی جمع۔
بخور	(مذکر)	۸۰۸	عود۔ لوبان۔
بخیل		۶۴۲	کنجوس۔ تنگ دل۔
بخیلی	(مؤنث)	۶۵۲	کنجوسی۔
بخیہ	(مذکر)	۶۱۷	ایک قسم کی مضبوط سیون۔
بخیے اُدھیڑنا		۸۸۳	ٹانکے کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔
بد	(مؤنث)	۶	چھوٹا جو چڈوں میں نکلتا ہے۔ دمّہ۔
بد		۶	بُرا۔ خراب۔ نکما۔ شریر۔
بداختر		۱۲۰۷	بدنصیب۔
بداخلاق		۷۳۸	ناشائستہ۔ نالائق۔

بداسلوب	۱۰۵	بے ڈھنگا۔ بدچلن۔ بدکردار۔
بداطوار	۲۲۳	بُرے چال چلن کا۔ بُرے ڈھنگوں کا۔
بداعتقاد	۵۸۲	جس کا عقیدہ خراب ہو۔
بداعمال	۱۴۸	بدچلن۔ بُرے کام کرنے والا۔
بدامنی	۱۰۷	گڑبڑ۔ انتشار۔ بغاوت۔
بدانتظامی	۱۴۰۸	بدعملی۔ اندھیر۔ انتظام کی خرابی۔
بداندیش	۳۷۱	بُرا چاہنے والا۔ مخالف۔ دشمن۔
بدباطن	۶۸	کینہ پرور۔ بُرے دل والا۔
بدبخت	۱۰۰۸	بدقسمت۔ بدنصیب۔
بدبو	۱۴	سڑاند۔ خراب بو۔
بدپرہیز	۲۳۰	پرہیز نہ کرنے والا۔ بے احتیاط۔
بدپرہیزی	۲۴۰	بے احتیاطی۔
بدتر	۶۰۶	زیادہ خراب۔ بہت خراب۔
بدچلن	۸۹	بداطوار۔ بدکار۔ بدوضع۔
بدچلنی	۹۹	بدکرداری۔
بدحال	۴۵	بُری حالت والا۔ بدحیثیت۔
بدحواس	۸۱	بے ہوش۔ بے حواس۔ حیران پریشان۔
بدخُلق	۷۰۶	بدمزاج۔ بُرے اخلاق کا۔
بدخو	۶۱۲	بری خصلت والا۔
بدخوابی	۶۲۵	ڈراؤنا خواب۔ احتلام۔ بے چینی۔
بددُعا	۸۱	کوسنا۔
بددل	۴۰	ناخوش۔ ناراض۔
بددماغ	۱۰۵۱	چڑچڑا۔ نازک مزاج۔ گھمنڈی۔
بددیانت	۴۷۱	خیانت کرنے والا۔ دغاباز۔ بے ایمان۔
بددیانتی	۴۸۱	بے ایمانی۔ خیانت۔ دغابازی۔

بدذات	۱۱۰۷	کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی۔
بدراہ	۲۱۲	بدوضع۔ بدچلن۔ گمراہ۔
بدرنگ	۲۷۶	خراب رنگ کا۔ رنگ اڑا ہوا۔
بدزبان	۶۶	گستاخ۔ گالی گلوچ بکنے والا۔
بدزیب	۲۵	بے ڈول۔ نازیبا۔ ناموزوں۔
بدشگونی	۳۹۲	نحوست۔ بدفالی۔
بدصورت	۷۰۲	بُری شکل والا۔ بدشکل۔
بدطینت	۴۷۵	بری عادت والا۔ بدخصلت۔
بدظن	۹۵۶	شکی۔ بدگمان۔
بدعملی	۱۵۶	اندھیر۔ بدنظمی۔ بدانتظامی۔
بدعنوانی	۱۹۳	بے ضابطگی۔ بدانتظامی۔
بدعہد	۸۵	بے وفا۔ قول سے پھر جانے والا۔
بدعہدی	۹۵	بے وفائی۔ وعدہ خلافی۔
بدفرجام	۳۳۰	وہ شخص جس کا انجام بخیر نہ ہو۔
بدفعلی	۱۹۶	حرام کاری۔ بدچلنی۔
بدقماش	۴۴۷	بدوضع۔ بدچلن۔
بدکار	۲۲۷	فاسق۔ بدچلن۔ بدکردار۔
بدکاری	۲۳۷	حرام کاری۔ بدچلنی۔ بدفعلی۔
بدکیش	۳۳۶	بے دین۔ بدخو۔
بدگمان	۱۱۷	بُرا گمان رکھنے والا۔ بُرا خیال رکھنے والا۔
بدگمانی	۱۲۷	بے جا شبہ۔ خیالِ فاسد۔ بدظنی۔
بدگو	۳۲	گالیاں بکنے والا۔ بُری باتیں کہنے والا۔
بدگوشت	۷۳۲	وہ زائد گوشت جو کسی مادۂ فاسد کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔
بدگوہر	۲۳۷	بدذات۔ بداصل۔ کمینہ۔
بدگوئی	۴۲	غیبت۔ بُرائی۔ جھوٹ۔

بدلحاظ		۹۴۵	بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ۔
بدلحاظی		۹۵۵	بے شرمی۔ گستاخی۔
بدلگام		۹۷	وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔ بے ادب۔
بدمزاج		۵۷	چڑچڑا۔ تندخو۔
بدمزاجی		۶۷	ترشروئی۔ تندخوئی۔
بدمزگی		۸۳	بدذائقہ پن۔ رنجش۔ مخالفت۔
بدمزہ		۵۸	بے سواد۔ بدذائقہ۔
بدمست		۵۰۶	مدہوش۔ مست۔ پُرشہوت۔
بدمستی		۵۱۶	مدہوشی۔ شہوت پرستی۔
بدمعاش		۴۱۷	حرام خور۔ لُچا۔
بدمعاشی		۴۲۷	شرارت۔ حرام خوری۔ بدذاتی۔
بدمعاملہ		۱۹۲	لین دین کا کھوٹا۔ بے ایمان۔ بدعہد۔
بدنام		۹۷	رسوا۔ وہ شخص جس کی نسبت کوئی خراب شہرت ہو۔
بدنامی		۱۰۷	رسوائی۔ ذلت۔ بُری شہرت۔
بدنصیب		۱۵۸	کم بخت۔ بدقسمت۔
بدنما		۹۷	بدزیب۔ بھونڈا۔ بدشکل۔
بدنہاد		۶۶	بدخو۔ بُری عادت والا۔
بدنیت		۴۶۶	بُرے ارادے والا۔ لالچی۔
بدنیتی		۴۷۶	نیت کی خرابی۔
بدہ ضع		۸۸۲	بدچلن۔ بداطوار۔ بھونڈا۔
بدہضمی		۸۶۱	غذا کا ہضم نہ ہونا۔
بدہیئت		۴۲۱	بدصورت۔ بدشکل۔
بدا		۷	طے شدہ۔ مقرر۔ قسمت میں لکھا ہوا۔
بدابدی		۲۳	شرطی۔ حکمی۔ تکرار۔
بَداہت	(مؤنث)	۴۱۲	فی البدیہہ بات کہنا۔ ناگہانی واقعہ۔

بدائع	(مذکر)	۷۷	بدیع کی جمع۔ عجائبات۔ نئی چیزیں۔
بُدبُدانا		۶۴	چپکے چپکے کہنا۔
بدر	(مذکر)	۲۰۶	چودھویں رات کا چاند۔
بدر		۲۰۶	بیرون۔ باہر۔
بدرو		۲۱۲	پانی جانے کا راستہ۔ موری۔
بدرکرنا		۴۷۷	نکالنا۔ خارج کرنا۔
بُدر بُدر		۴۱۲	آہستہ آہستہ۔
بَدرَقہ	(مذکر)	۳۱۱	رہنما۔ ہمسفر۔ سہارا۔ محافظ۔ ترکیب۔
بدرہ	(مذکر)	۲۱۱	تھیلی۔ توڑا۔
بدری	(مؤنث)	۲۱۶	چھوٹی تھیلی۔
بدعت	(مؤنث)	۴۷۶	دین میں کوئی نئی بات نکالنا۔ نیا رسم و رواج۔
بدعتی	(مذکر)	۴۸۶	مذہب میں نیا طریقہ نکالنے والا۔ فساد پھیلانے والا۔
بِدکانا		۷۸	بھڑکانا۔ چمکانا۔
بِدکنا		۷۷	بھڑکنا۔ چمکنا۔ چونکنا۔
بدل	(مذکر)	۳۶	عوض۔ اُجرت۔
بدل جانا		۹۱	پھر جانا۔ تبدیل ہو جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔
بدل لینا		۱۲۷	ایک چیز دے کر دوسری چیز لے لینا۔
بدلا	(مذکر)	۳۷	عوض۔ معاوضہ۔ صلہ۔
بدلہ		۴۱	دیکھئے بدلا۔
بدلا اُتارنا		۶۹۰	عوض کرنا۔ احسان اتارنا۔
بدلا لینا		۱۲۸	عوض لینا۔ قصاص لینا۔ انتقام لینا۔
بدلانا		۸۸	تبدیل کرانا۔
بدلنا		۸۷	تبادلہ کرنا۔ پلٹنا۔ تبدیل ہونا۔
بدلی	(مؤنث)	۴۶	تبدیلی۔ منتقلی۔ بادل کی تصغیر۔
بدن	(مذکر)	۵۶	تن۔ جسم۔ شرمگاہ۔ ستر۔

بدن توڑنا		۷۱۳	انگڑائیاں لینا۔ ورزش کرنا۔
بدن ٹوٹنا		۹۱۳	اعضا شکنی ہونا۔ کسمساہٹ ہونا۔
بدن چرانا		۳۱۱	شرم سے جسم کو سکیڑنا۔
بدن ملوانا		۱۸۴	جسم کی مالش کرانا۔
بَدنا		۵۷	شرط لگانا۔ اقرار کرنا۔ سمجھنا۔
بَدَنی		۶۶	بدن سے متعلق۔ جسمانی۔
بَدو	(مؤنث)	۱۲	ابتدا۔ شروع۔ جنگل۔
بدو	(مذکر)	۱۲	بدوی۔ عرب کے خانہ بدوش لوگ۔ بدنام۔
بدوی	(مذکر)	۲۲	خانہ بدوش عرب۔ جنگل سے متعلق۔
بدھ	(مذکر)	۱۱	سیارہ عطارد۔ چہار شنبہ۔
بدھائی	(مؤنث)	۲۲	خوشی کا گیت۔ مبارک باد۔
بدھنا	(مذکر)	۶۲	لوٹا۔ ٹونٹی والا برتن۔
بدھنی	(مؤنث)	۷۱	مٹی کی ٹونٹی دار کٹیا۔
بدّھو	(مذکر)	۱۷	بے وقوف۔ نادان۔ کم عقل۔
بِدھوا	(مؤنث)	۱۸	بیوہ۔
بَدّھی	(مؤنث)	۲۱	پھولوں کا ہار۔ استرا تیز کرنے کا چمڑا۔
بُدّھی	(مؤنث)	۲۱	دانائی۔ عقل۔ سمجھ۔
بَدھیا	(مؤنث)	۲۲	فوطے نکلا ہوا بیل۔ دوشاخہ گنّا۔
بدی	(مؤنث)	۱۶	برائی۔ بدخواہی۔ غیبت۔
بِدّیا	(مؤنث)	۱۷	علم۔ ہُنر۔ دھوکا۔ جادو۔
بدیس	(مذکر)	۷۶	پردیس۔
بدیسی		۸۶	پردیسی۔ مسافر۔ اجنبی۔
بدیع		۸۶	نادر۔ نوایجاد شئے۔
بدیہہ		۲۱	ظاہر۔ برجستہ۔
بدیہہ گوئی		۵۷	برجستہ کہنا۔ برمحل کہنا۔

بدیہی		۳۱	وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو۔ ظاہر۔
بدیہیات	(مؤنث)	۴۳۲	بدیہہ کی جمع۔ وہ باتیں جن میں غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے
بڈھا	(مذکر)	۱۲	بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔
بڈھا پھونس		۱۳۵	بہت بوڑھا۔
بڈھی		۲۱	بڈھا کی تانیث۔ بوڑھی۔
بذل	(مذکر)	۷۳۲	انعام۔ بخشش۔ جود و سخا۔
بر	(مذکر)	۲۰۲	انتخاب۔ پسند۔ منگیتر۔ دعا۔ برکت۔
برِ دکھوا		۲۳۸	شادی سے قبل سسرال میں منگیتر کی رونمائی۔
بر		۲۰۲	اوپر۔ باہر۔ حفظ۔ غالب۔
برآمد		۲۴۷	باہر آنے کا فعل۔ ظہور۔ روانگی۔ ایکسپورٹ۔
برآمدہ		۲۵۲	بالاخانہ۔ سائبان۔
برآنا		۲۵۴	کامیاب ہونا۔ حاصل ہونا۔
برآورد		۴۱۳	تخمینے کی فرد۔ گوشوارہ۔ بل۔
برافروختہ		۱۴۹۴	آگ پر رکھا ہوا۔ جلتا ہوا۔ غصے میں بھرا ہوا۔
برانداز		۲۶۵	ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ نقاب۔ برباد کرنے والا۔
برانگیختہ		۱۲۸۸	بھڑکایا ہوا۔ مشتعل۔
برپا		۲۰۵	پاؤں پر قائم۔ برقرار۔
برتر		۸۰۲	بہتر۔ افضل۔
برتری		۸۱۲	فضیلت۔ عمدگی۔ بہتری۔
برجستہ		۶۷۰	برموقع۔ بے ساختہ۔ بے تکلف۔
برحق		۳۱۰	ٹھیک۔ درست۔ بجا۔
برخاست		۱۲۶۳	ملازمت سے علیحدہ۔ برطرف۔ موقوف۔

برخاستگی	۱۲۹۳	برطرفی ۔ موقوفی ۔ رخصت ۔
برخلاف	۹۱۳	اُلٹا ۔ مخالف ۔
برخوردار	۱۲۱۳	زندگی کا پھل کھانے والا ۔ بیٹا ۔ فرزند ۔
برخوردارانہ	۱۲۶۹	بیٹے کی طرح ۔ سعادت مندی سے ۔
برخورداری	۱۲۲۳	سعادت مندی ۔ اولاد کی کثرت ۔
برداشت	۹۰۷	صبر ۔ تحمل ۔ قرض پر سودا لینا ۔
برداشت خانہ	۱۵۶۳	وہ مکان جس میں مال و اسباب رکھتے ہیں ۔
برداشتہ	۹۱۲	اُٹھایا ہوا ۔ ہٹایا ہوا ۔
برداشتہ خاطر	۱۷۲۲	اچاٹ ۔ بیدل ۔ گھبرایا ہوا ۔

برعکس	۳۵۲	برخلاف ۔ اُلٹ ۔
برگزیدہ	۲۴۸	منتخب ۔ چنا ہوا ۔
برگشتگی	۹۵۲	پھرنا ۔ بغاوت ۔
برگشتہ	۹۲۷	پھرا ہوا ۔ منحرف ۔
برلانا	۲۸۴	پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا (آرزو تمنا کے ساتھ)
برمحل	۲۸۰	موقع پر ۔ اچھے وقت پر ۔ برجستہ ۔
برملا	۲۷۳	کھلم کھلا ۔ علانیہ ۔
برومند	۳۰۲	پھل کھانے والا ۔ پھل لانے والا ۔ فائدہ حاصل کرنے والا ۔
برومندی	۳۱۲	کامیابی ۔
بَرّ	(مذکر) ۲۰۲	خشکی ۔ بیابان ۔
برّاعظم	۱۲۱۳	خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک ہوں ۔
بِرّ	(مؤنث) ۲۰۲	نیکی ۔ بخشش ۔
بُرّ	(مؤنث) ۲۰۲	فرج ۔ کپڑے کے اوپر کا رواں ۔
بُرا	۲۰۳	خراب ۔ نکما ۔ بدذات ۔ مخالف ۔

بُرا ماننا		۳۴۵	خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
برابر		۴۰۵	مساوی۔ ہم عمر۔ یکساں۔ مقابل۔ مسلسل۔
برابری	(مؤنث)	۴۱۵	ہمسری۔ ہمواری۔ مقابلہ۔
برات	(مؤنث)	۶۰۳	حصہ۔ فرمان۔ وہ تحریر جس کے ذریعہ تنخواہ ملے۔
برات	(مؤنث)	۶۰۳	دولھا کی سواری کا جلوس۔ انبوہ۔ گنجفہ کی ایک بازی۔
براتی	(مذکر)	۶۱۳	دولھا کے ہمراہی۔
براجمان		۲۹۷	روشن۔ عظیم الشان۔ صدرِ مجلس۔
براجنا		۲۵۷	رونق افروز ہونا۔ تشریف لانا۔
برادر	(مذکر)	۴۰۷	بھائی۔ ہم قوم۔ ہم پیشہ۔
برادرِ حقیقی		۶۳۵	سگا بھائی۔
برادرِ نسبتی		۹۲۹	سالا۔ بہنوئی۔
برادرانہ		۴۶۳	بھائی کی طرح۔ آپس کا۔
برادری	(مؤنث)	۴۱۷	ذات۔ بھائی بندی۔
بُرادہ	(مذکر)	۲۱۲	سفوف۔ چورا۔
براڈکاسٹ		۶۸۸	نشر۔
بَراز	(مذکر)	۲۱۰	فضلہ۔ گوہ۔ پائخانہ۔
براعت	(مؤنث)	۶۷۳	روشنی۔ فصاحت۔ کمال۔
بَراق		۳۰۳	چمکدار۔ بجلی کی طرح تیز رفتار۔
بُراق	(مذکر)	۳۰۳	وہ بہشتی چوپایہ جس پر رسول صلی اللہ علیہ وسلم (شب معراج) سوار ہو کر آسمان پر تشریف لے گئے تھے۔
بُتّاں		۲۵۳	بہت کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز۔
بَتانا		۲۵۴	بکنا۔ بے معنی گفتگو کرنا۔ بڑبڑانا۔
برانچ	(مؤنث)	۲۵۶	شاخ۔ شعبہ۔
برانڈ	(مذکر)	۲۵۷	تجارتی مارکہ۔ خاص قسم کا مال۔
برانڈی	(مؤنث)	۲۶۷	اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔ برساتی مشہور انگریزی شراب۔

بڑاہٹ	(مؤنث)	۶۰۸	فضول بکواس۔ سوتے میں بولنا۔
براہمن	(مذکر)	۲۹۸	عالم۔ ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات۔
براہمنی	(موث)	۳۰۸	براہمن کی بیوی۔ براہمن ذات کی عورت۔
بَراہمّہ	(مؤنث)	۲۵۳	برہمن کی فارسی جمع۔
براہین	(مذکرومؤنث)	۲۶۸	برہان کی جمع۔ دلائل۔
براءت	(مؤنث)	۶۰۳	نجات۔ چھٹکارا۔ صفائی۔
براؤن	(مذکر)	۲۵۹	بھورا رنگ یا روغن۔ بادامی۔
بُرائی	(مؤنث)	۲۱۳	بدی۔ نقصان۔ خرابی۔ غیبت۔ جھوٹ۔
برائے		۲۱۳	لئے۔ وسیلے۔ برکت سے۔
برائے خدا		۸۱۸	خدا کے لئے۔ فی سبیل اللہ۔
برائے نام		۳۰۴	صرف نام کے طور پر۔ فرضی۔
برایا	(مؤنث)	۲۱۴	بریّہ کی جمع۔ مخلوق۔ دنیا۔
برباد		۲۰۹	تباہ۔ ویران۔ تلف۔
بربادی	(مؤنث)	۲۱۹	تباہی۔ ویرانی۔ خرابی۔
بربری		۴۱۴	علاقہ بربر۔ شمالی افریقہ سے متعلق۔ اس علاقے کی بکری۔
بربری خانہ		۱۰۷۰	بکریوں کے رہنے کی جگہ۔ باڑا۔
بربریّت	(مؤنث)	۸۱۴	وحشی پن۔ خونخواری۔
بربط	(مؤنث)	۲۱۳	ایک قسم کا ساز۔ عود۔
برت	(مذکر)	۶۰۲	روزہ۔ صوم۔
برتا	(مذکر)	۶۰۳	طاقت۔ بھروسہ۔ حوصلہ۔
برتاؤ	(مذکر)	۶۰۹	میل جول۔ سلوک۔ طریقہ۔
برتن	(مذکر)	۶۵۲	ظرف۔ باسن۔
برتنا		۶۵۳	استعمال کرنا۔ تجربہ کرنا۔ نباہنا۔
برتھ کنٹرول	(مذکر)	۱۳۳	ضبطِ تولید۔ پیدائش پر قابو۔
برج بھاشا		۵۱۴	برج کی بول چال متھرا اور بندرابن کی زبان۔

بُرج	(مذکر)	۲۰۵	گنبد۔ راس یعنی ستارے کا مقام۔
بُرجِ آتشی		۹۱۶	برج اسد اور برج قوس
برجِ اسد		۲۷۰	آسمان کا وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر شیر کی شکل میں واقع ہیں۔
بُرجِ حمل		۲۸۳	آسمان کے برجوں میں سے پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہے۔
برجِ خاکی		۸۳۶	بُرجِ ثور۔ برجِ سنبلہ اور برجِ جدی۔
برجی	(مؤنث)	۲۱۵	برج کی تصغیر۔ چھوٹا بُرج۔
برجیس	(مذکر)	۲۷۵	ایک ستارہ جو چھٹے آسمان پر ہے مشتری۔ قاضیِ فلک۔
برچھا	(مذکر)	۲۱۱	بھالا۔ بلم۔ نیزہ۔
برچھک	(مذکر)	۲۳۰	برجِ عقرب۔ آسمان کا آٹھواں برج۔
برچھی	(مؤنث)	۲۲۰	چھوٹا بھالا۔ بلم۔ نیزہ۔
بُرد	(مؤنث)	۲۰۶	لے جانے یا اٹھانے کا عمل۔ نفع۔ رشوت۔ شرط۔
بُردبار		۴۰۹	برداشت کرنے والا۔ صابر۔ متحمل۔
بردباری		۴۱۹	تحمل۔ صبر۔ برداشت۔
بردار		۴۰۷	اُٹھانے والا۔
برداران		۴۵۰۸	اُٹھانے والے۔
برداری	(مؤنث)	۴۱۷	اُٹھانا۔ اٹھانے کا عمل۔
بردہ	(مذکر)	۲۱۱	غلام۔ داس۔ بندہ۔
بردہ فروش		۷۹۷	غلاموں کی تجارت کرنے والا۔
بردہ فروشی		۸۰۷	غلاموں کی سوداگری۔
برزخ	(مذکر و مؤنث)	۸۰۹	آڑ۔ پردہ۔ مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ۔
برس	(مذکر)	۲۶۲	سال۔ سنہ۔
برسویں دن		۳۸۲	ہر سال۔ سال میں ایک بار۔
برسات	(مؤنث)	۶۶۳	بارش کا موسم۔ برکھا رُت۔
برساتی	(مؤنث)	۶۷۳	گھوڑوں اور اونٹوں کی ایک بیماری جو برسات میں ہو جاتی ہے۔ سائبان۔ برسات سے متعلق۔

برسام	(مذکر)	۳۰۳	سینے کا درد۔ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔
برسانا		۳۱۴	بارش کرنا۔ اناج کو ہوا میں اڑا کر بھوسا علیحدہ کرنا۔
برساؤ		۲۶۹	برسنے والا۔ برسنے کے لائق۔
برس پڑنا		۵۱۵	گالیاں دینا۔ غصے ہونا۔ مینہ کا یکایک برسنا۔
برسنا		۳۱۳	مینہ پڑنا۔ غصہ اُتارنا۔
برسی	(مؤنث)	۲۷۲	مردے کے سال پورا ہونے کی فاتحہ خوانی۔
برش	(مذکر)	۵۰۲	موقلم۔ کوچی۔ کپڑا وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔
برشتہ		۹۰۷	بھونا ہوا۔ بریاں۔
برشگال	(مؤنث)	۵۵۳	برسات۔ بارش۔
برص	(مذکر)	۲۹۲	سفید کوڑھ۔ ایک مرض۔
برف	(مؤنث)	۲۸۲	جما ہوا پانی۔ پالا۔ بہت ٹھنڈا۔
برفاب	(مذکر)	۲۸۵	سرد پانی جو برف کے گھلنے سے نکلتا ہے۔
برفانی		۳۴۳	برف سے متعلق۔ نہایت سرد۔
برفی	(مؤنث)	۲۹۲	ایک قسم کی مٹھائی۔
برق	(مؤنث)	۳۰۲	آسمانی بجلی۔ مصنوعی بجلی۔ تیز۔ چالاک۔
برق خرام		۱۱۴۳	برق رفتار۔ تیز رفتار۔
برق دم		۳۴۶	تیز دھار والی۔ (تلوار وغیرہ)
برق زدہ		۳۱۸	بجلی کا جلایا ہوا۔ وہ جس پر بجلی گری ہو۔
برق وش		۶۰۸	بجلی کی طرح۔ شوخ۔ چمکیلا۔
برقاب	(مؤنث)	۳۰۵	پانی سے نکالی ہوئی بجلی۔ ہائیڈرو الیکٹریسٹی۔
برقع	(مذکر)	۳۷۲	نقاب۔ وہ کپڑا جسے عورتیں پردے کے لئے سر سے پاؤں تک اوڑھتی ہیں۔
برقع اُٹھانا		۸۳۰	منہ سے نقاب اُٹھانا۔ راز فاش کرنا۔
برقنداز	(مذکر)	۳۶۴	بندوقچی۔ چپراسی۔ اردلی۔
برقی		۳۱۲	برق سے منسوب۔ بجلی کا۔

برقیہ	(مذکر)	۳۱۷	تار۔ ٹیلی گرام۔ الیکٹرون۔
برکات	(مؤنث)	۶۲۳	برکت کی جمع۔
برکت	(مؤنث)	۶۲۲	کثرت۔ نعمت کی زیادتی۔ خوش قسمتی۔
برکت دینا		۶۸۷	ترقی دینا۔ بڑھانا۔
برکنا		۲۷۳	جھڑکنا۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔
برکھ	(مذکر)	۲۲۷	آسمان کے دوسرے برج کا نام۔
برکھا	(مؤنث)	۲۲۸	بارش۔ برسات۔
برکھارت		۸۲۸	برسات کا موسم۔
بُرکی	(مؤنث)	۲۳۲	چٹکی بھر سفوف۔
برگ	(مذکر)	۲۲۲	پتا۔ ورق۔ سامان۔
برگ وبار		۴۳۱	پھل اور پتے۔
برگا	(مذکر)	۲۲۳	چھوٹی لکڑی۔ چھوٹی کڑی۔
برگد	(مذکر)	۲۲۶	بڑ کا درخت۔ بڑ۔
برما	(مذکر)	۲۴۳	لکڑی میں چھید کرنے کا اوزار۔ سُنبا۔
بَرمانا		۹۴	برمے سے چھید کرنا۔ چھیدنا۔
برمانا		۲۹۴	مطیع کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔
برن	(مذکر)	۲۵۲	رنگ۔ نقشہ۔ بدن۔ قوم۔ نسل۔
برنا		۲۵۳	جوان۔ نوعمر۔
برنائی	(مؤنث)	۲۶۳	جوانی۔
برنج	(مذکر)	۲۵۵	چاول۔ پیتل۔
برنجن	(مؤنث)	۳۰۵	سونے چاندی کی چوڑی۔
برنجی	(مذکر)	۲۶۵	پیتل کا برتن۔ چھوٹی کیل۔
برِوا	(مذکر)	۲۰۹	پودا۔ درخت۔ ایک راگنی کا نام۔
بُروت	(مؤنث)	۶۰۸	مونچھ۔
بروج	(مذکر)	۲۱۱	بُرج کی جمع۔

بُرودت	(مؤنث)	۶۱۲	سردی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈک ۔
بروکر	(مذکر)	۴۲۸	دلاّل ۔ ایجنٹ ۔
بروگ	(مذکر)	۲۲۸	جدائی ۔ ہجر ۔ فراق ۔
بروگن	(مؤنث)	۲۷۸	فراق زدہ عورت ۔
بروگی	(مذکر)	۲۳۸	فراق زدہ مرد ۔
بُرول		۲۵۸	بیرون کا مخفف ۔
برّہ	(مذکر)	۲۰۷	بکری کا چھوٹا بچہ ۔
بِرَہ	(مذکر)	۲۰۷	ہجر ۔ جدائی ۔ فراق ۔ جدائی کا گیت ۔
برہا	(مذکر)	۲۰۸	دیکھئے برہ ۔
بُرہان	(مؤنث)	۲۵۸	قطعی دلیل ۔ پکی دلیل ۔
برہسپت	(مذکر)	۶۶۹	ایک ستارے کا نام ہشتری ۔ جمعرات ۔
برہم		۲۴۷	رَبّ الارباب ۔ خالقِ کائنات ۔ خدائے تعالیٰ ۔
برہما		۲۴۸	دیکھئے برہم ۔
برہمچاری		۴۶۱	ایشور کا متلاشی ۔ مجازاً تارک الدنیا ۔
بَرہم		۲۴۷	رنجیدہ ۔ ناراض ۔ بے ترتیب ۔
برہمن		۲۹۷	دیکھئے براہمن ۔
برہن	(مؤنث)	۲۵۷	برہ گن ۔ فراق زدہ عورت ۔
برہنگی	(مؤنث)	۲۸۷	عریانی ۔ ننگاپن ۔
برہنہ		۲۶۲	ننگا ۔ عریاں ۔ کھلا ہوا ۔
بری	(مؤنث)	۲۱۲	ساچق کا سامان ۔ میوہ ، پارچہ ۔
بری		۲۱۲	آزاد ۔ چھوٹا ہوا ۔ بے قصور ۔
بری الذمہ		۹۸۸	ذمہ داری سے محفوظ ۔ جواب دہی سے مستثنیٰ ۔
بَری		۲۱۲	عشقی کا ۔ زمین کا ۔
بُری		۲۱۲	بُرا کی تانیث ۔
			بھنا ہوا ۔

بریانی	(مؤنث)	۲۷۳	ایک قسم کا پلاؤ۔
بریت	(مؤنث)	۶۱۲	رہائی۔ آزادی۔ بے قصور ہونا۔
برید	(مذکر)	۲۱۶	قاصد۔ ایلچی۔ ڈاک۔
برید فلک		۳۴۶	چاند۔ برجِ زحل۔ سنیچر۔
بریشم		۵۵۲	ابریشم۔ ریشم۔
بریک	(مذکر)	۲۳۲	گاڑی روکنے کا آلہ۔ گارڈ کا ڈبہ۔
بریکٹ	(مذکر)	۶۳۲	قوسین ( )، { } جن میں جملہ معترضہ یا مشکوک عبارت بند کی جاتی ہے۔ چھوٹی دیوار گیرا الماری۔
بریگیڈ	(مذکر)	۲۴۶	کوئی منتظم جماعت۔ فوج کا ایک حصہ۔
بریگیڈیر	(مذکر)	۴۵۶	بریگیڈ کا سالارِ اعلیٰ۔
بریل	(مذکر)	۲۴۲	اندھوں کے لیے ایک نظام تحریر و طباعت۔
بریں		۲۶۲	اعلیٰ۔ برتر۔ برایں۔ اس پر۔
بریّہ	(مؤنث)	۲۱۷	مخلوق۔ خلق اللہ۔
بڑ	(مؤنث)	۲۰۲	ایک درخت۔ برگد۔ بکواس۔ جھک۔ بڑا کا مخفف۔
بڑا		۲۰۳	بزرگ۔ کلاں۔ اونچا۔ بہت۔ عمر میں زیادہ۔
بڑا بول		۲۴۱	شیخی۔ غرور۔ تکبر۔
بڑا گھر		۴۲۸	امیر گھرانہ۔ قید خانہ۔
بڑاپا	(مذکر)	۲۰۶	بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔
بڑاپن	(مذکر)	۲۵۵	دیکھئے بڑاپا۔
بڑائی	(مؤنث)	۲۱۳	عظمت۔ بزرگی۔ کشادگی۔ غرور۔
بڑبڑانا		۴۵۶	چپکے چپکے بکنا۔ چپکے چپکے پڑھنا۔
بڑبڑیا		۴۱۵	بڑ ہانکنے والا۔ جھکی۔ بیہودہ گو۔
بڑبھس	(مؤنث)	۲۶۹	بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔ بوالہوسی۔
بڑولی	(مؤنث)	۲۴۸	بڑ کے درخت کا پھل۔
بڑھاپا		۲۱۱	پیری۔ کہن سالی۔ پیرانہ سالی۔

بڑھاچڑھاکر		۶۳۷	مبالغہ کے ساتھ۔
بڑھادینا		۲۷۳	آگے کھسکانا۔ بجھادینا (چراغ)
بڑھانا		۲۵۹	زیادہ کرنا۔ بڑاکرنا۔ لمباکرنا۔
بڑھاوا	(مذکر)	۲۱۵	زیادتی۔ جھوٹی تعریف۔ خوشامد۔ فریب۔
بڑھاوَ	(مذکر)	۲۱۴	زیادتی۔ ترقی۔
بڑھتی		۶۱۷	فاضل۔ فالتو۔ زیادتی۔
بڑھ جانا		۲۶۲	زیادہ ہوجانا۔ ترقی کرنا۔ آگے نکل جانا۔
بڑھ چڑھ کے		۴۴۵	بہتر۔ برتر۔ بالاتر۔
بڑھ چلنا		۲۹۱	گستاخ اور مغرور ہوجانا۔
بڑھ کے لینا		۳۲۸	پیشوائی کرنا۔
بڑہل	(مذکر)	۲۳۷	ایک درخت کانام جس کا پھل گول اور زرد ہوتاہے۔
بڑھنا		۲۵۸	بلند ہونا۔ حد سے گزرنا۔ دکان بند ہونا۔
بڑھوتری	(مؤنث)	۸۲۳	زیادتی۔ ترقی۔ منافع۔
بڑھئی	(مذکر)	۲۱۷	ترکھان۔ کھٹ بڑھئی۔
بَڑھیا		۲۱۸	اعلیٰ درجے کا۔ بیش قیمت۔
بُڑھیا	(مؤنث)	۲۱۸	بوڑھی عورت۔
بڑھیل		۲۴۷	تحقیراً بہت بوڑھی عورت۔
بڑی		۲۱۲	بڑا کی تانیث۔ مونگ یا اُڑد کی دال سے بنی ٹکیہ۔
بڑی اسامی		۳۲۴	مالدار شخصیت۔ امیر آسامی۔
بڑی بات		۶۱۵	مشکل بات۔ امرمحال۔ عمدہ بات۔
بڑی بہو		۲۲۵	بڑے بیٹے کی بیوی۔ تحقیراً بے وقوف بہو۔
بڑی چیز		۲۳۲	قرآن شریف۔ غیرمعمولی۔ بھاری۔ قیمتی۔
بُز	(مؤنث)	۹	بکرا۔ بکری۔ گوسفند۔
بُزدل		۴۳	ڈرپوک۔ بے ہمت۔ کم حوصلہ۔
بُزدلا		۴۴	دیکھئے بُزدل۔

بُزدلی		۵۳	ڈرپوک پن ۔ کم ہمتی ۔
بزاز		۱۷	کپڑا بیچنے والا ۔
بزازا		۱۸	کپڑا منڈی ۔ کلاتھ مارکیٹ ۔
بزازی	(مؤنث)	۲۷	پارچہ فروشی ۔ کپڑا بیچنے کا پیشہ ۔
بُزرگ		۲۲۹	بڑا ۔ بڑی عمر ۔ عارف ۔ ولی ۔
بزرگانِ دین		۳۴۴	اولیائے کرام ۔
بزرگوار		۴۳۶	بزرگ کی مانند ۔ بزرگ ۔
بزرگواری		۴۴۶	عظمت ۔ بزرگی ۔
بزرگانہ		۲۸۵	بزرگ سے منسوب ۔ بزرگوں کی طرح ۔ بزرگوں کے لائق ۔
بزرگی	(مؤنث)	۲۳۹	بڑائی ۔ عظمت ۔ شرافت ۔
بزلہ	(مذکر)	۴۴	دیکھئے بذلہ ۔
بزم	(مؤنث)	۴۹	سبھا ۔ محفل ۔ مجلس ۔
بزم آرا		۲۵۱	مجلس آراستہ کرنے والا ۔ امیر مجلس ۔
بزم افروز		۳۴۳	مجلس کو رونق بخشنے والا ۔
بزمِ سخن		۷۵۹	شعر خوانی کی محفل ۔ مشاعرہ ۔
بزم گاہ		۷۵	عیش کی جگہ ۔ مجلس کی جگہ ۔
بزمِ ماتم		۵۳۰	غم کی مجلس ۔
بزمِ نشاط		۴۰۹	خوشی کی مجلس ۔ مجلس رقص و سرود ۔
بِزَن	(مذکر)	۵۹	قتل ۔ قتل کا حکم ۔ قتل عام ۔
بزن کرنا		۳۳۰	قتلِ عام کرنا ۔
بزنس	(مؤنث)	۱۱۹	پیشہ ۔ شغل ۔ کاروبار ۔ کام ۔
بس	(مذکر)	۶۲	قابو ۔ اختیار ۔ مجال ۔ کرایہ کا بڑا موٹر ۔
بس چلنا		۱۴۶	اختیار کرنا ۔ زور چلنا ۔ قبضہ ہونا ۔
بس میں کرنا		۴۳۳	قابو میں لانا ۔ زیر کرنا ۔
بس		۶۲	بہت ۔ فقط ۔ بمعنی امر چُپ رہو ۔

بس کرنا		۳۳۳	ختم کرنا۔ موقوف کرنا۔
بس کرو		۲۸۸	جانے دو۔ ختم کرو۔ ٹھہرو۔
بس کہ		۸۷	چونکہ۔ القصہ۔ حاصل کلام۔ غرض کہ۔
بس	(مذکر)	۶۲	زہر۔ عیب۔ جھگڑا۔ فتنہ پرداز۔
بس اگلنا		۱۶۴	زہر تھوکنا۔ چغلی کھانا۔ بُرا کہنا۔
بس بھری		۲۷۹	زہریلی۔ فسادی۔
بس گھولنا		۱۷۴	زہر پھیلانا۔ فساد پھیلانا۔
بَسا		۶۳	بہت۔ اکثر۔
بسا اوقات		۵۷۱	بہت دفعہ۔ اکثر مرتبہ۔
بِساط	(مؤنث)	۷۲	بستر فرش شطرنج وغیرہ کا تخت۔ سرمایہ۔ وسعت۔ قدرت۔
بساط خانہ		۷۲۸	وہ مقام جہاں بساطی بیٹھتے ہیں۔ بساطیوں کا بازار۔
بساط سے باہر		۳۵۰	مقدور سے زیادہ۔
بساط کیا ہے		۱۱۸	حیثیت کیا ہے۔ ہستی کیا ہے۔
بساطی	(مذکر)	۸۲	خردہ فروش۔ چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔
بساطن		۱۲۲	بساطی کی تانیث۔
بَسالت	(مؤنث)	۴۹۳	بہادری۔ دلیری۔
بَسان		۱۱۳	مانند۔ مثل۔ مشابہ۔
بسانا		۱۱۴	آباد کرنا۔ معطر کرنا۔
بِساند		۱۱۸	بدبودار۔ بدمزہ۔
بسائط	(مذکر)	۷۲	بسیط کی جمع۔ اربع عناصر۔
بست	(مؤنث)	۴۶۲	اسباب۔ (تنہا مستعمل نہیں۔ چیز بست کہتے ہیں۔)
بست		۴۶۲	بستہ کا مخفف۔ بندھا ہوا۔ بند۔
بست وکشاد		۷۹۳	بند اور کھلا ہوا۔ حل وعقد۔
بست		۴۶۲	بیس (۲۰)
بُستان		۵۱۳	بوستان کا مخفف۔ باغ۔

بُستان پیرا		۷۲۶	باغ کو کاٹ چھانٹ کے آراستہ کرنے والا۔
بُستان سرا		۷۷۴	وہ مکان جس میں باغیچہ لگا ہوا ہو۔
بُستانی		۵۲۳	بوستان سے منسوب ۔ باغ۔
بِستر		۶۶۲	بچھونا۔ فرش۔
بستر بچھانا		۷۲۴	بستر لگانا۔ قیام کرنا۔
بسترا	(مذکر)	۶۶۳	بچھونا۔ بستر۔
بستگی	(مؤنث)	۴۹۲	بندش۔ آراستگی ۔ پیوند لگانا۔
بستنی	(مؤنث)	۵۲۲	غلاف۔
بستہ		۴۶۷	بندھا ہوا۔ جما ہوا۔ جندان۔
بستی	(مؤنث)	۴۷۲	گاؤں ۔ قصبہ ۔ آباد جگہ۔
بسر	(مؤنث)	۲۶۲	گزر۔
بسر اوقات		۷۷۰	گزر بسر۔ وقت کاٹنا۔ وقت گزارنا۔
بسر کرنا		۵۳۳	گزر کرنا۔ نباہنا۔
بِسر	(مذکر)	۲۶۲	بھول۔
بسر جانا		۳۱۷	بھول جانا۔ چوک جانا۔ یاد نہ رہنا۔
بِسرا		۲۶۳	بھولا ہوا۔
بِسرام	(مذکر)	۳۰۳	آرام ۔ سکھ ۔ ٹھہراؤ ۔
بِسرانا		۳۱۴	بھلانا۔ دل سے اُتارنا۔
بَسط		۷۱	فراخی ۔ کشادگی ۔ تفصیل ۔
بسکٹ	(مذکر)	۴۸۲	ایک قسم کی میٹھی یا نمکین ٹکیا۔
بسم اللہ		۱۶۸	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم		۷۸۶	دیکھیں بسم اللہ ۔
بِسمل		۱۳۲	بسم اللہ اللہ اکبر کا مخفف جو جانوروں کو ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں ۔ زخمی۔ تڑپنے والا۔ مجازاً عاشق ۔
بَسنا		۱۱۳	رہنا۔ آباد ہونا۔ معطر ہونا۔
بُسنا		۱۱۳	سڑنا۔ باس دینا ۔

بسنت	(مذکر و مؤنث)	۵۱۲	بہار کا موسم۔ بہار کا ایک تیوہار۔ سرسوں کے پھول۔
بسنت پھولنا		۶۰۶	زردی چھانا۔ سرسوں کے پھولوں کا کھلنا۔
بسنتی		۵۲۲	زرد۔ زعفرانی۔ چیچک کی دیوی۔ سیتلا مائی۔
بِسواس	(مذکر)	۱۲۹	وشواش۔ یقین۔ اعتقاد۔
بسوانسی	(مؤنث)	۱۸۹	بسوے کا بیسواں حصہ۔
بِسورنا		۳۱۹	رونے کی شکل بنانا۔ رونے کا ارادہ کرنا۔
بَسُولا	(مذکر)	۹۹	تیشہ۔ لکڑی چھیلنے کا ایک اوزار۔
بسولی	(مؤنث)	۱۰۸	معماروں کا تیشہ۔ اینٹیں گھڑنے کا اوزار۔
بِسوہ	(مذکر)	۷۳	بیگھہ کا بیسواں حصہ۔
بسیار		۲۷۳	بہت زیادہ۔
بسیار گو		۲۹۹	بکّی۔ جھکّی۔
بسیرا	(مذکر)	۲۷۳	شب باشی۔ قیام۔ رات کو ٹھہرنے کی جگہ۔
بسیرا کرنا		۵۴۴	رات کو ٹھہرنا۔
بسیرا لینا		۳۶۴	دیکھئے بسیرا کرنا۔
بسیط		۸۱	کشادہ۔ عروض کی ایک بحر۔
بِسیندھا		۱۳۲	بدبُودار۔ سڑا ہوا۔ بُسا ہوا۔
بشارت	(مؤنث)	۹۰۳	خوش خبری۔ الہام۔
بشاش		۶۰۳	خوش و خرم۔ مسرور۔ تر و تازہ۔
بشاشت	(مؤنث)	۱۰۰۳	خوشی۔ فرحت۔ خندہ روئی۔
بِشپ	(مذکر)	۳۰۴	بڑا پادری۔ دین عیسوی کا مجتہد۔
بشر	(مذکر)	۵۰۲	آدمی۔ انسان۔
بُشرہ	(مذکر)	۵۰۷	چہرہ۔ مکھڑا۔ حلیہ۔ قیافہ۔
بُشریٰ	(مؤنث)	۵۱۲	خوش خبری۔ بشیر کی تانیث۔
بَشری		۵۱۲	بَشر سے منسوب۔ انسانی۔
بشریت	(مؤنث)	۹۱۲	آدمیت۔ انسانیت۔

بشیر		۵۱۲	خوش خبری دینے والا۔ رسول اللہؐ کا ایک صفاتی نام۔
بصارت	(مؤنث)	۶۹۳	نظر۔ بینائی۔ آنکھ کی روشنی۔
بصائر	(مؤنث)	۲۹۳	بصیرت کی جمع۔
بصر	(مؤنث)	۲۹۲	نظر۔ بینائی۔ مجازاً آنکھ۔
بصل	(مذکر)	۱۲۲	پیاز۔
بصیر		۳۰۲	دیکھنے والا۔ دانا۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
بصیرت	(مؤنث)	۷۰۲	بینائی۔ دل کی بینائی۔
بضاعت	(مؤنث)	۱۲۷۳	دولت۔ سامان۔ حصّہ۔
بُضعہ	(مذکر)	۸۷۷	گوشت کا ٹکڑا۔
بط	(مؤنث)	۱۱	ایک آبی جانور۔ بطخ۔
بطِ مے		۶۱	شراب کی صراحی۔
بطحا	(مذکر)	۲۰	فراخ اور کشادہ زمین۔ مراد مکّہ معظمہ۔
بطخ	(مؤنث)	۶۱۱	پالتو بط۔
بطنا	(مذکر)	۶۱۲	نر بط۔
بطنی	(مؤنث)	۶۲۱	بارود کی کپّی۔
بطریق	(مذکر)	۳۲۱	پادریوں کا سردار۔ آتش پرستوں کا پیشوا۔
بُطلان	(مذکر)	۹۲	تردید۔ ضائع ہونا۔ باطل ہونا۔
بَطَل	(مذکر)	۴۱	بہادر۔ ہیرو۔
بَطن	(مذکر)	۶۱	پیٹ۔ شکم۔ کسی چیز کا اندرونی حصّہ۔
بطنی		۷۱	بطن سے منسوب۔ پیٹ کا۔
بطون	(مذکر)	۶۷	بطن کی جمع۔ راز۔ بھید۔ (واحد مستعمل)
بطی		۲۱	دیر کرنے والا۔
بعث	(مذکر)	۵۷۲	بھیجنا۔ پیغامبر بھیجنا۔ قیامت۔
بعثت	(مؤنث)	۹۷۲	رسالت۔
بَعد		۷۶	پیچھے آخر۔

بُعد	(مذکر)	۷۶	دوری۔ فاصلہ۔ مسافت۔
بُعدالمشرقین		۸۰۷	پورب پچھم کی دوری۔ بہت زیادہ فرق۔
بعض		۸۷۲	چند۔ متعدد۔ مختلف۔ کوئی۔
بعید		۸۶	دور۔ فاصلے پر۔ علیحدہ۔
بعیدالعقل		۳۱۷	عقل کے خلاف۔ سمجھ میں نہ آنے والا۔
بعیدالقیاس		۲۸۸	قیاس کے خلاف۔
بُغچہ	(مذکر)	۱۰۱۰	گٹھڑی۔
بغچی	(مؤنث)	۱۰۱۵	چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی۔
بُغدا	(مذکر)	۱۰۰۷	قصابوں کا قیمہ کوٹنے کا چھرا۔
بغدی	(مذکر)	۱۰۱۶	ایک اعلیٰ نسل کا بوٹ۔
بُغض	(مذکر)	۱۸۰۲	نفرت۔ عداوت۔ حسد۔
بغض للّٰہی		۱۸۷۷	خدا واسطے کا بیر۔ ناحق کی دشمنی۔
بغضی		۱۸۰۲	بُغض رکھنے والا۔ کینہ ور۔
بغل	(مؤنث)	۱۰۳۲	شانے کے نیچے کا حصہ۔ پہلو۔ برابر۔
بغل گرم کرنا		۱۵۶۳	پہلو میں لینا۔
بغل گیر		۱۲۶۲	گلے ملے ہوئے۔
بغل گیر ہونا		۱۳۲۴	گلے لگنا۔ ہم آغوش ہونا۔
بغل گیری		۱۲۷۲	گلے ملنا۔ کشتی کے ایک داؤ کا نام۔
بغلیں بجانا		۱۱۴۹	کسی کے دکھ یا مصیبت پر خوش ہونا۔ خوشی میں اُچھلنا۔
بغلیں جھانکنا		۱۲۲۲	شرمندہ ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا۔ پریشان ہونا۔
بُغلول		۱۰۶۸	کوڑھ مغز۔ احمق۔ بے وقوف۔ ــ ــ ــ
بغلی		۱۰۴۲	پہلو کا۔ ایک طرف کا۔ مگدر ہلانے کا ایک طریقہ۔
بغلی گھونسا		۱۱۸۴	آستین کا سانپ۔ قریبی دشمن۔
بغیا	(مؤنث)	۱۰۱۳	چھوٹا سا باغ۔ باغیچہ۔
بغا	(مؤنث)	۸۳	وہ خشکی جو انسان کے سر سے نکلتی ہے۔
بقا	(مؤنث)	۱۰۳	قیام۔ دوام۔ ہمیشگی۔ پائیداری۔

بقال	(مذکر)	۱۳۳	سبزی فروش۔ مجازاً بنیا۔
بقایا	(مذکر)	۱۱۴	بقیہ کی جمع۔ واجب الادا چیز۔
بقچہ	(مذکر)	۱۱۰	دیکھئے بغچہ۔
بقر		۳۰۲	گائے۔ بیل۔
بقرعید	(مذکر)	۳۸۶	عیدالاضحیٰ۔
بقعہ	(مذکر)	۱۷۷	خانقاہ۔ جگہ۔ گھر۔
بقعۂ نور		۴۳۳	نور کا گھر۔
بقیہ	(مذکر)	۱۱۷	بچا کھچا۔ بچا ہوا۔
بقیۃ السیف		۲۹۸	وہ لوگ جو قتل ہونے سے بچ جائیں۔
بقیۃُ السیف		۶۹۳	دیکھئے بقیۃ السیف۔
بک	(مؤنث)	۲۲	بڑ۔ بکواس۔ فضول گوئی۔
بک بک		۴۴	بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔ فضول باتیں۔
بُک	(مؤنث)	۲۲	کتاب۔ لکھنے کی کاپی۔
بُک اِسٹال		۵۱۴	کتابوں کی عارضی دوکان جو میلوں ٹھیلوں یا کسی خاص جگہ لگائی جائے۔
بک کرنا		۲۹۳	کسی کو مال بھیجنا۔ نشست محفوظ کرنا۔
بکا	(مؤنث)	۲۳	چیخ پکار۔ فریاد۔ دہائی۔
بکا	(مذکر)	۲۳	منھی۔ لپ۔
بُکارت	(مؤنث)	۶۲۳	دوشیزگی۔ کنوارپن۔
بکان	(مذکر)	۷۳	ایک درخت کا نام جس کی پتی نیم کی طرح ہوتی ہے۔
بکائن		۷۳	دیکھئے بکان۔
بکاول	(مذکر)	۵۹	باورچی۔ خانساماں۔
بِکاؤ		۲۹	بکری کا۔ قابلِ فروخت۔
بکتر	(مذکر)	۶۲۲	لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ۔ زرہ۔
بُکٹ	(مذکر)	۴۲۲	پنجہ۔ چنگل۔
بُکنا	(مذکر)	۴۲۳	وہ مقدار جو چنگل میں آجائے۔

بکر	(مؤنث)	۲۲۲	دوشیزگی ۔ کنوارپن ۔ ہرنیا کام ۔
بکرا	(مؤنث)	۲۲۳	بکری کا نر ۔
بکرم	(مؤنث)	۲۶۲	کوٹ وغیرہ کی آستینوں میں تہہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا۔
بکری	(مؤنث)	۲۳۲	بجھائی مادہ۔ مجازاً مسکین طبع ۔
بکری	(مؤنث)	۲۳۲	فروخت ۔ حاصل فروخت ۔
بکس	(مذکر)	۸۲	صندوق ۔ پیٹی ۔ ڈبا ۔
بکسا		۸۳	کپڑوا ۔ تلخ ۔ صندوق ۔ بکس ۔
بکساہٹ	(مؤنث)	۴۸۸	کسیلا پن ۔
بکسوا	(مذکر)	۸۹	وہ لوہے کا کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کے لیے حلقہ لگا رہتا ہے ۔
بکل	(مذکر و مؤنث)	۵۲	دوپٹے کی لپیٹ ۔
بکل مارنا		۳۴۴	دوپٹہ وغیرہ اوڑھ کر ایک سرا پیٹھ کی طرف ڈال دینا ۔
بکم		۶۲	ابکم کی جمع ۔ گونگے ۔
بکنا		۷۳	بکواس کرنا ۔ بک بک کرنا ۔
بکنا		۷۳	فروخت ہونا ۔ غلام بننا ۔
بکنگ آفس	(مذکر)	۲۳۳	ٹکٹ گھر ۔
بکواس	(مؤنث)	۸۹	بک بک ۔ فضول باتیں ۔
بکواسی		۹۹	بہت بکنے والا ۔
بکوانا		۸۰	بیچنا کا متعدی ۔
بکوائی		۳۹	بیچنے کی اجرت ۔
بکولی	(مؤنث)	۶۸	سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے ۔
بکھان	(مذکر)	۷۸	تعریف ۔ تشریح ۔ فضیحت ۔
بکھان کرنا		۳۴۹	برا بھلا کہنا ۔ پوشیدہ حال بتا دینا ۔
بکھاننا		۱۲۹	راز کھولنا ۔ گالی دینا ۔
بکھراجانا		۲۸۳	منتشر ہو جانا ۔ گر پڑنا ۔ قابو سے باہر ہونا ۔
بکھرنا		۲۷۸	منتشر ہونا ۔ خستہ ہونا ۔ بپھرنا ۔

بکھیر	(مؤنث)	۲۳۷	وہ چیز جو بکھیر دی جائے۔
بکھیرنا		۲۸۸	پھیلانا۔ گرانا۔ منتشر کرنا۔
بکھیڑا	(مذکر)	۲۳۸	الجھاؤ۔ جھگڑا۔ ہنگامہ۔ کام۔
بکھیڑا ڈالنا		۳۲۴	جھگڑا ڈالنا۔ کام بڑھانا۔
بکّی		۳۲	بکواسی۔ بہت باتیں کرنے والا۔
بُکّی	(مؤنث)	۳۲	وہ کپڑا جو بغل کے نیچے سے کندھے پر لاکر باندھ دیتے ہیں
بگ		۲۲	باگ کا مخفف۔ لگام۔ عنان۔
بگ ٹٹ		۸۲۲	باگ ٹوٹی ہوئی۔ سرپٹ۔ بہت تیز۔
بگاڑ	(مذکر)	۲۲۳	خرابی۔ رنجش۔ دشمنی۔ نقصان۔
بگاڑنا		۲۷۴	خراب کرنا۔ بہکانا۔ نقصان پہنچانا۔
بگاڑو		۲۲۹	بگاڑنے والا۔ دشمنی کرنے والا۔ فضول خرچ۔
بگانا		۷۴	بیگانا کا بگاڑ۔ اجنبی۔
بگانی		۸۳	بگانا کی تانیث۔
بگٹ	(مذکر)	۲۲۲	چاول کی ایک قسم۔
بگڑا		۲۲۳	بگڑا ہوا۔ ناقص۔ ناکارہ۔
بگڑ بیٹھنا		۶۹۰	ناراض ہو جانا۔ لڑ پڑنا۔
بگڑنا		۲۷۳	خراب ہونا۔ باغی ہونا خفا ہونا۔ ٹوٹ پھوٹ جانا۔
بگڑی		۲۳۲	بگڑا کی تانیث۔ خراب شدہ۔
بگڑی بات بنانا		۷۳۹	خراب معاملہ کو سدھارنا۔
بگڑی زبان		۲۹۲	وہ زبان جو سخت کلامی کی عادی ہو۔
بگل		۵۲	قرنا۔ ترم۔
بگلا	(مذکر)	۵۳	ایک سفید آبی پرند۔ نہایت سفید۔
بگلا بھگت		۴۸۰	وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں شریر ہو۔
بگولا	(مذکر)	۵۹	گرد باد۔ ہوا کا چکر۔
بگھار	(مذکر)	۲۲۸	داغ دیا ہوا پیاز یا مسالہ۔

بگھارنا		۲۷۹	چھونکنا۔ داغ دینا۔ شراب پی کر حقہ پینا۔
بگھی	(مؤنث)	۳۷	گھوڑا گاڑی۔ ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت ستاتی ہے۔
بگھیل	(مذکر)	۶۷	راجپوتوں کے ایک قبیلے کا نام۔ شیر کا بچہ۔
بگھیلا		۶۸	دیکھئے بگھیل۔
بل		۳۲	زور۔ طاقت۔ مروڑ۔ فرق۔ نذر۔
بل آنا		۸۴	زور آنا۔ پیچ پڑنا۔ شکن پڑنا۔
بل بوتا		۴۴۱	زور۔ طاقت۔
بل پڑنا		۲۸۵	شکن پڑنا۔ فرق پڑنا۔ مروڑی پڑنا۔
بل دار		۲۳۷	مڑا ہوا۔ خمیدہ۔ ترچھا۔
بل دینا		۹۷	بٹنا۔ مروڑنا۔ نذر چڑھانا۔
بل ڈالنا		۱۱۸	شکن ڈالنا۔ فرق ڈالنا۔
بل کھانا		۱۰۹	پیچ و تاب کھانا۔ اکڑنا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔
بل نکالنا		۱۸۴	کجی دور کرنا۔ سزا دینا۔ صحیح کرنا۔
بلوان		۸۹	زور آور۔ طاقت ور۔
بلہار		۲۳۸	صدقے۔ قربان۔
بلہاری		۲۴۸	دیکھئے بلہار۔
بِل	(مذکر)	۳۲	فرد حساب۔ مسودۂ قانون۔ ہنڈی۔
بِل	(مذکر)	۳۲	سوراخ۔ چھید۔ حشرات الارض کے رہنے کا سوراخ
بَلا	(مؤنث)	۳۳	مصیبت۔ غضب۔ خوفناک۔ نہایت۔
بلا پالنا		۱۱۷	بکھیڑے کی چیز لگا رکھنا۔
بلا سے		۱۰۳	کیا پروا ہے۔
بلا کا		۵۴	غضب کا۔ بے حد۔ چالاک۔
بلاکش		۳۵۳	آفت جھیلنے والا۔ مصیبت برداشت کرنے والا۔
بلائوں		۱۱۹	قربان جاؤں۔ صدقے ہو جاؤں۔
بلا لینا		۱۲۴	صدقے جانا۔ نہایت پیار کرنا۔

بلانوش		۳۸۹	بہت شراب پینے والا۔ جو مے کھا جانے والا۔
بلائے آسمانی		۲۰۵	قہرِ خدا۔ ناگہانی مصیبت۔
بلائے بے درماں		۳۵۰	لاعلاج مصیبت۔
بلائے جان		۹۷	جی کا جنجال۔
بلائیں لینا		۱۸۴	واری جانا۔ صدقے قربان ہونا۔ پیار کرنا۔
بِلا		۳۳	بغیر۔ سوا۔ بنا۔
بِلا ارادہ		۲۴۴	ارادے کے بغیر۔ قصد کے بغیر۔
بِلا اشتباہ		۷۴۲	بے شبہ۔ شک وشبہ کے بغیر۔
بِلّا	(مذکر)	۳۳	بلی کا نر۔
بُلا بھیجنا		۱۰۴	بلوانا۔ طلب کرنا۔
بِلاد	(مذکر)	۳۷	بلدہ کی جمع۔ شہر۔ قصبے۔
بَلاغ	(مذکر)	۱۰۳۳	پہنچانا۔
بلاغت	(مؤنث)	۱۴۳۳	فصیح کلام۔ حسبِ موقع گفتگو۔
بُلاق	(مذکر)	۱۳۳	ناک میں پہننے کا ایک زیور۔
بلاک	(مذکر)	۵۳	لکڑی کا کندہ۔ چھپائی کے سانچے کا قالب سلسلعامت۔
بُلانا		۸۴	طلب کرنا۔ پکارنا۔ آواز دینا۔
بُلاوا	(مذکر)	۴۰	طلب۔ دعوت۔ طلبی۔ خواہش۔
بلاول	(مؤنث)	۶۹	رات کو گانے کی ایک راگنی۔
بلاوَ	(مذکر)	۳۹	گربۂ نر۔ بلّا۔
بلاوَز	(مذکر)	۴۶	عورتوں کی کرتی۔
بلب	(مذکر)	۳۴	قمقمہ۔ برقی قمقمہ۔
بُلبل	(مذکر)	۶۴	عندلیب۔ ایک خوش آواز پرند۔
بُلبلا	(مذکر)	۶۵	حباب۔ مجازاً ناپائدار چیز۔
بلبلا اُٹھنا		۵۲۲	بے قرار ہوجانا۔
بُلبُلانا		۱۱۶	اونٹ کا آواز نکالنا۔ مستی میں بکنا۔

بِلبِلانا		۱۱۶	تڑپنا۔ بے حد مشتاق ہونا۔ گڑگڑانا۔
بَل بَل جانا		۱۱۹	واری جانا۔ بلائیں لینا۔
بلتوڑ	(مذکر)	۶۳۸	دیکھئے بال توڑ۔
بلّی	(مؤنث)	۴۴۲	چھوٹا بل۔ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے۔
بلد	(مذکر)	۳۶	شہر۔ نگر۔ بستی۔
بلدہ	(مذکر)	۴۱	شہر۔ نگر۔ بستی۔ قصبہ۔
بلدیہ	(مؤنث)	۵۱۰	میونسپلٹی۔ میونسپل کارپوریشن
بُلڈاگ	(مذکر)	۵۷۰	بڑے سر کا خوفناک کتا۔
بلسان	(مذکر)	۱۴۳۰	مصر کے ایک مشہور درخت کا نام۔
بُلَغا	(مذکر)	۱۰۳۳	بلیغ کی جمع۔ فاضل لوگ۔ عالم۔
بلغم	(مذکر)	۱۰۷۲	کف۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط۔
بلغمی		۱۰۸۲	بلغم پیدا کرنے والی چیز۔ وہ جسم جس میں بلغمی خلط زیادہ ہو۔
بلقیس	(مؤنث)	۲۰۲	ایک ملکہ کا نام جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں ملک شام میں ریاستِ سبا کی ملکہ اور مذہب سے سورج پرست تھی۔ مگر حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو آپ کے زہد اور عبادت سے متاثر ہو کر حلقۂ اسلام میں داخل ہونے کے بعد حضرت کے نکاح میں آ گئی۔
بِلکانا		۱۰۴	رُلانا۔ بھڑکانا۔ بے قرار کرنا۔
بِلکنا		۱۰۳	رونا۔ بلبلانا۔ بے تاب ہونا۔
بلکہ		۵۷	حرفِ ربط۔ پھر۔ لیکن۔ مگر نہ۔
بلّا		۶۳	احمق۔ بے وقوف۔ بیہودہ۔
بلّم	(مذکر)	۷۲	بھالا۔ برچھا۔ عصا۔
بَلَم		۷۲	خاوند۔ خصم۔ عاشق۔

بلما		۷۳	دیکھئے بلم۔
بلمانا		۱۲۴	شادی کرانا۔ خاوند بنانا۔ محبت لگانا۔
بَلنا		۸۳	جلنا۔ سلگنا۔ بھڑکنا۔
بلند		۸۶	اونچا۔ عالی۔ لمبا۔ طویل۔
بلند آواز	(مؤنث)	۱۰۱	بڑی آواز۔ اونچا سُر۔ بڑی آواز والا۔
بلند پرواز		۳۰۲	اونچی۔ اونچا اڑنے والا۔ عالی خیال۔ گہری فکر۔
بلند حوصلہ		۲۲۵	عالی ہمت۔ دل چلا۔ بہادر۔
بلند نظر		۱۲۳۶	بڑے حوصلے والا۔ بصیرچشم۔
بلندی	(مؤنث)	۹۶	اونچائی۔ ارتفاع۔ برتری۔ عزت۔
بلوا	(مذکر)	۳۹	ہنگامہ۔ دنگا۔ ہجوم۔ بدانتظامی۔
بلوہ	(مذکر)	۴۳	دیکھئے بلوا۔
بلوا بنانا		۱۴۳	نہایت چالاکی سے دھتا بتانا۔
بلوان		۸۹	زورآور۔ طاقتور۔ مستحکم۔
بلوانا		۹۰	بلانا کا متعدی
بلوائے عام	(مذکر)	۱۶۰	بہت سے آدمیوں کی سرتابی۔
بِلّور	(مذکر)	۲۳۸	ایک چمکدار معدنی جوہر کا نام۔ صاف۔ شفاف۔
بِلّوریں		۲۹۸	بلور کا بنا ہوا۔ بلور کی مانند۔
بلوط	(مذکر)	۴۷	ستیاسپاری۔ ایک قسم کا درخت۔
بلوغ		۱۰۳۸	جوانی۔ شباب۔ حد کو پہنچنا۔
بلوغت		۱۴۳۸	دیکھئے بلوغ۔
بلونا		۸۹	متھنا۔ گھنگھولنا۔ پے در پے حرکت دینا۔
بلہاری	(مؤنث)	۲۴۸	صدقے۔ واری۔ قربان۔
بَنّی	(مؤنث)	۴۲	لمبا بانس یا درخت۔ لکڑی یا بانس کا تھم۔
بِلّی	(مؤنث)	۴۲	گربہ۔ ایک چھوٹا سا جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے۔
بَلیّات	(مؤنث)	۴۴۳	الا بلا۔
بلید		۴۶	کُند ذہن۔ بُرا۔

بلیڈ		۴۶	دھار. پھل چاقو وغیرہ کا۔
بلیغ		۱۰۴۲	کامل. مکمل. انتہا کو پہنچا ہوا۔ فاضل۔
بلینڈا	(مذکر)	۹۷	چھت کی کڑی. سخت مزاج آدمی کا نام۔
بلیۃ	(مؤنث)	۴۷	بلا۔
بم	(مؤنث)	۴۲	بگھی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے. چشمہ. غل. شور۔
بم پولیس	(مذکر)	۱۵۰	عام جائے ضرور۔
بمان	(مذکر)	۹۳	دیوتاؤں کا رتھ۔ اڑن کھٹولا۔ ہوائی جہاز۔
بوان	(مذکر)	۵۹	دیکھئے بمان۔
بم	(مذکر)	۴۲	جھک سے اڑ جانے والا مادّہ۔
بمب	(مذکر)	۴۴	دیکھئے بم۔
بمبا	(مذکر)	۴۵	چشمہ۔ نہر۔ نالا۔
بمبو	(مذکر)	۵۰	بانس۔ بم۔ چنڈو پینے کی نلکی۔
بمبئی		۵۴	ہندوستان کے مشہور شہر کا نام۔ ایک قسم کا آم۔
بمنزلہ		۱۳۴	بجائے۔ بطور۔ بالعوض۔
بموجب		۵۳	موافق. مطابق۔ حسب۔
بَن	(مذکر)	۵۲	جنگل۔ بیلا۔ باڑی۔ کپاس۔
بن باس	(مذکر)	۱۱۵	جنگلوں میں رہنا۔ دیس نکالا۔
بن باس کرنا		۳۸۶	آبادی سے نکال دینا. جنگل میں رہنے کا حکم دینا۔
بن باسی	(مذکر)	۱۲۵	جنگل میں رہنے والا. جنگلی. آبادی سے باہر رہنے والا۔
بن مانس	(مذکر)	۲۰۳	جنگلی آدمی۔ وحشی انسان۔
بَن		۵۲	بننا کا صیغۂ امر۔ ۔ ۔
بن آنا		۱۰۴	حسب مراد ہونا۔ قسمت کھل جانا۔ ممکن ہونا۔
بن بیٹھنا		۵۲۰	تیار ہو جانا۔ مالدار ہو جانا۔
بن پڑنا		۳۰۵	دیکھئے بن آنا۔
بن جانا		۱۰۷	تیار ہونا۔ درست ہونا۔ مکمل ہونا. موقع پڑنا. میسّر ہونا۔

بننا		۱۰۳	دیکھئے بن جانا۔
بن نہ پڑنا		۳۶۰	بندوبست نہ ہوسکنا۔ کام نہ بننا۔
بِن		۵۲	بیٹا۔ ولد۔ اولاد۔
بِن		۵۲	بغیر۔ سوا۔ بجز۔
بِن آئی	(مؤنث)	۶۳	مرگِ ناگہانی۔
بُن	(مذکر)	۵۲	قہوہ۔ کافی۔ ایک تخم کا نام۔
بُن		۵۲	بُننا کا امر۔ ... ..
بُنا		۵۳	بننا کی ماضی۔ ...
بَنا		۵۳	دولھا۔ نوشہ۔ لاڈلا۔
بِنا		۵۳	دیکھو بِن۔
بِنا	(مؤنث)	۵۳	جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ شروع۔ ابتدا۔
بِناڈالنا		۱۳۹	بنیاد رکھنا۔ خاکہ ڈالنا۔ جڑ جمانا۔
بُنا		۵۳	بُننا کی ماضی۔
بنابنایا		۱۱۷	ٹھیک۔ درست۔ لیس۔ مکمل۔
بنی بنائی		۱۲۵	ٹھیک۔ درست۔ لیس۔ مکمل۔
بنات	(مؤنث)	۴۵۳	بنت کی جمع۔ بیٹیاں۔
بناٹھنا		۵۰۹	آراستہ سنگار کیے ہوئے۔ بنا سنورا۔
بنی ٹھنی		۵۲۷	آراستہ۔ بنی سنوری۔
بَنادِر	(مذکر)	۲۵۷	بندر۔ (بندرگاہ) کی جمع۔
بنارس	(مذکر)	۳۱۳	ممالک متحدہ میں مشہور شہر کا نام جو ہندوؤں کا تیرتھ استھان ہے۔
بناس پتی	(مؤنث)	۵۲۵	گھاس پھونس۔ گھاس کی پتی۔
بنان	(مذکر)	۱۰۳	بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کے سرے۔
بنانا		۱۰۴	درست کرنا۔ آراستہ کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ حاصل کرنا۔
بناوٹ	(مؤنث)	۴۵۹	ساخت۔ وضع۔ دکھلاوا۔ جھوٹ۔
بُناوٹ	(مؤنث)	۴۵۹	بُننے کی وضع۔

بَناوٹی		۴۶۹	مصنوعی۔ دکھاوے کا۔
بناؤ	(مذکر)	۵۹	آراستگی۔ سجاوٹ۔ (امر) تیار کرو۔ سنوارو۔
بناؤ سنگار		۳۹۰	آرائش۔ سجاوٹ۔ آراستگی۔
تلملانا		۵۵۲	بے چین ہونا۔ تڑپنا۔
تلملاہٹ	(مؤنث)	۹۰۶	بے قراری۔ بے چینی۔
تلمیح	(مؤنث)	۴۸۸	کلام میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا۔

تلمیحات	(مؤنث)	۸۸۹	تلمیح کی جمع
تلمیذ	(مذکر)	۱۱۸۰	شاگرد۔ چیلا۔
تلنا		۴۸۱	گھی یا تیل میں کوئی چیز پکانا۔
تُلنا		۴۸۱	وزن کیا جانا۔ کسی بات پہ آمادہ ہونا۔
تلنگا	(مذکر)	۵۰۱	تلنگانہ کا رہنے والا۔ فوج کا سپاہی۔ بدتہذیب۔ اجڈ
تلوا	(مذکر)	۴۳۷	ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ
تلوے چاٹنا		۹۰۱	نہایت خوشامد کرنا۔
تلوے سہلانا		۵۹۳	خوشامد کرنا۔
تلوار	(مونث)	۶۳۷	تیغ۔ سیف
تلوار اٹھانا		۱۰۹۵	لڑائی کے لیے تیار ہونا۔
تلوار بند		۶۹۳	وہ شخص جو تلوار باندھے رہے۔
تلوار سونتنا		۱۱۵۴	تلوار کھینچنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔
تلوار کا دھنی		۷۲۷	بہادر۔ سورما۔
تلوار یا		۶۴۸	تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن
تلوانا		۴۸۸	تلنا کا متعدی المتعدی
تلوانا		۴۸۸	تولنا کا متعدی المتعدی
تلوائی	(مؤنث)	۴۴۷	تلائی۔ تولنے کی اجرت
تلوّن	(مذکر)	۴۸۶	رنگ بدلنا۔ چھچھورپن۔ اوچھاپن
تلوّن مزاج		۵۳۷	جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔
تلوّن مزاجی		۵۴۷	غیر مستقل مزاجی۔ بے استقلالی۔
تلویا		۴۴۷	تولنے والا۔ تولادار
تلیّن	(مذکر)	۴۹۰	نرم کرنا۔ اصطلاحِ طب میں قبض دور کرنا۔
تلی	(مؤنث)	۴۴۰	پنیدا۔ پیندی۔
تلی	(مؤنث)	۴۴۰	تل جس سے تیل نکلتا ہے۔
تلے		۴۴۰	اوپر کی ضد۔ نیچے۔ زیر۔

تلے آنا		۴۹۲	نیچے آنا۔ مغلوب ہونا۔ کسی چیز کے نیچے دب جانا۔
تلے اوپر		۶۴۹	زیر و زبر۔ پے در پے۔ ایک کے اوپر ایک۔
تلیا	(مؤنث)	۴۴۱	چھوٹا تالاب
تلیٹی	(مؤنث)	۸۵۰	تلا۔ پیندا۔ اطراف
تلے دانی	(مؤنث)	۵۰۵	سینے پرونے کا سامان وغیرہ رکھنے کی چھوٹی تھیلی
تلیر	(مذکر)	۶۴۰	ایک چھوٹا سا پرندہ
تم		۴۴۰	تو کی جمع۔ تعظیما واحد کو بھی کہتے ہیں۔
تم آپ		۴۴۳	تم خود (تاکید کے لیے)
تمائل	(مذکر)	۴۷۱	برابر ہونا۔ مشابہ ہونا۔
تماچا		۴۴۵	دیکھئے تپانچہ
تماچہ		۴۴۹	دیکھئے تپانچہ
تمادی	(مؤنث)	۴۵۵	عرصہ دراز۔ حد سماعت۔ مقدمۂ دیوانی۔
تمازت	(مؤنث)	۱۴۸	گرمی۔ شدت کی گرمی۔
تمازت آفتاب		۱۳۳۲	سورج کی گرمی
تماشا	(مذکر)	۷۴۲	نظارہ لطف کھیل۔ ہنگامہ۔ مذاق
تماشا بنانا		۸۴۶	ہنسی اڑانا۔ سوانگ بنانا۔ نقل کرنا
تماشا بن جانا		۸۴۹	ایسا ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں۔ قابل تضحیک ہونا۔
تماشا بین		۸۰۴	تماشا دیکھنے والا۔ عیاش۔ بدکار۔
تماش بین		۸۰۳	دیکھئے تماشا بین
تماشا بینی		۸۱۴	تماشا دیکھنا۔ عیاشی
تماش بینی		۸۱۳	دیکھئے تماشا بینی
تماشا گاہ		۷۶۸	تماشے کی جگہ۔ ناچ گھر۔ سرگاہ
تماشا کرنا		۱۰۱۳	ناٹک کرنا۔ سوانگ بھرنا۔ کرتب دکھانا
تماشا ہونا		۸۰۴	عجیب بات ہونا۔ ناٹک وغیرہ ہونا۔ انوکھا بننا
تماشے کا		۷۷۲	عجیب انوکھا
تماشائی		۷۵۲	تماشا دیکھنے والا

تماشابین		۸۰۳	تماشا کے تحت دیکھئے۔
تمام		۴۸۱	کل۔ سب۔ مکمل۔ خاتمہ
تمام تر		۱۰۸۱	مکمل طور پر۔ مطلق۔ بالکل
تمام شد		۷۱۵	ختم ہو گیا
تمام کرنا		۷۵۲	ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مار ڈالنا۔
تمام و کمال		۵۷۱	مکمل سب کا سب۔ پورے طور پر
تمانا		۴۹۲	روئی یا اون کو صاف کرنا۔ نچوانا۔
تمائی	(مونث)	۴۵۱	روئی صاف کرنے کی مزدوری۔
تمباکو		۴۶۹	مشہور پودا۔ جس کے پتے حقے میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں
تمبو	(مذکر)	۴۴۱	خیمہ۔ شامیانہ
تمبول	(مذکر)	۴۷۸	دیکھئے تنبول
تمبولا	(مذکر)	۴۷۹	مغربی طرز کا جوا۔ لاٹری۔
تمت		۸۴۰	ختم ہوئی۔ پوری ہوئی
تمتع	(مذکر)	۹۱۰	فائدہ حاصل کرنا۔ استعمال کرنا۔ فائدہ۔ نفع
تمتعاتِ دنیوی		۱۳۹۱	دنیا کے فائدے
تمتمانا		۹۳۲	دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سرخ ہونا
تمتماہٹ	(مؤنث)	۱۲۸۶	گرمی یا بخار کی وجہ سے چہرے کی سرخی
تمثال	(مؤنث)	۹۷۱	صورت۔ فرمان شاہی۔
تمثال گر		۱۱۹۱	مصور۔ نقاش
تمثیل	(مونث)	۹۸۰	تشبیہ۔ مثال۔ نظیر۔ ڈراما۔
تمثیلاً		۹۸۱	مثال کے طور پر۔ تشبیہ کے طور پر
تمدن	(مذکر)	۴۹۴	مل کے رہنے کا طریقہ۔ طرز معاشرت۔

تمر	(مذکر)	۶۴۰	کھجور
تمرہندی		۷۰۹	املی۔ املی کا درخت
تمرّد		۶۴۴	بغاوت۔ گستاخی۔ نافرمانی۔
تمردشعاری		۱۲۲۵	سرکشی کرنا۔ گستاخی کرنا۔
تمرین	(مؤنث)	۷۰۰	عادت ڈالنا۔ خوگر کرنا۔ مشق۔
تمسخر	(مذکر)	۱۳۰۰	مسخرہ پن۔ ہنسی۔ مذاق۔
تمسک	(مذکر)	۵۲۰	گرفت۔ وہ تحریر جو قرض کی سند میں قرض دار قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے۔
تمسکات	(مذکر)	۹۲۱	تمسک کی جمع
تمغا	(مذکر)	۱۴۴۱	مہر سلطانی۔ سونے اور چاندی کا بنا ہوا نشان جو انعام کے طور پر دیا ہے۔ ڈپلوما۔
تمکنت	(مؤنث)	۹۱۰	قدرت۔ اختیار۔ غرور۔
تمکین	مؤنث)	۵۲۰	مرتبہ۔ طاقت۔ عزت۔
تملّق	(مذکر)	۵۷۰	خوشامد۔ چاپلوسی۔
تملیک		۵۰۰	کسی کو کسی چیز کا مالک کر دینا۔
تمن	(مؤنث)	۴۹۰	پلٹن۔ سو سواروں کا دستہ۔
تمن دار		۶۹۵	رسالدار۔ رسالے کا کماندار
تمن داری		۷۰۵	رسالے کی کمان۔ رسالداری
تمنا	(مؤنث)	۴۹۱	خواہش۔ آرزو
تمنچہ		۴۹۸	پستول۔ طمنچہ
تموّج	(مذکر)	۴۴۹	لہریں اٹھنا
تموّل	(مذکر)	۴۷۶	دولت مندی۔ مالداری۔
تمہارا		۶۴۷	تم سب کا۔ آپ کا
تمہارا سر		۹۰۷	جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں کہا جاتا ہے۔
تمہارے		۶۵۶	تم سب کے۔ آپ کے
تمہاری		۶۵۶	تم سب کی۔ آپ کی۔

تمہید	(مؤنث)	۴۵۹	کسی مضمون کی اٹھان۔ دیباچہ
تمہید اٹھانا		۹۱۷	کسی مضمون یا کسی بات کا عنوان شروع کرنا۔
تمہیدیں باندھنا		۶۳۲	فضول باتیں پیش کرنا۔ بے معنی عذرات پیش کرنا۔
تمہیدی		۴۶۹	شروع کا۔ ابتدائی
تمیز	(مؤنث)	۴۵۷	فرق۔ ادب۔ عقل
تمیز دار		۶۶۲	ذی شعور۔ لائق۔ باتہذیب
تن	(مذکر)	۴۵۰	جسم۔ بدن۔ آدمی۔ فرد
تن آساں		۵۶۲	آرام طلب
تن آسانی		۵۷۲	آرام طلبی۔
تن آور		۶۵۷	تنا ور۔ موٹا تازہ
تن بدن		۵۰۶	سارا بدن۔ تمام بدن
تن بہ تقدیر		۱۱۷۱	اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔
تن پرست		۱۱۱۲	جسم کو پوجنے والا۔ جو ہر وقت کھانے پینے میں مشغول ہے
تن پرستی		۱۱۲۲	ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنا۔
تن پرور		۸۵۸	تن کو پالنے والا۔ آرام طلب۔
تن پروری		۸۶۸	آرام طلبی۔ عیش پرستی۔ خودغرضی
تن پھنکنا		۵۷۸	بدن جلنا۔ بخار ہونا۔
تن تنہا		۹۰۶	اکیلا۔ تنہا
تن درست		۱۱۱۴	بھلا چنگا۔ صحیح وسالم۔ صحت مند
تندرستی		۱۱۲۴	صحت۔ سلامتی۔ خیروعافیت
تن دہی		۴۶۹	سعی۔ کوشش۔ جانفشانی۔ جفاکشی
تن زیب		۴۶۹	ایک قسم کا کپڑا۔ ایک قسم کی صدری
تن من		۵۴۰	جسم وجان۔ روح وقالب۔
تن من سے		۶۱۰	دل وجان سے۔ پوری کوشش سے
تن وتوش		۱۱۶۲	بدن اور توانائی۔ قوت۔ ڈیل ڈول۔

تن	(مؤنث)	۴۵۰	گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔
تُن	(مذکر)	۴۵۰	ایک درخت جس کی لکڑی سرخ ہوتی ہے
تنا		۴۵۱	درخت کا دھڑ، تنہ
تنّا		۴۵۱	دیکھئے تننا
تناتنی	(مؤنث)	۹۱۱	ان بن۔ کشیدگی
تناریری	(مؤنث)	۸۷۱	چند معیّن کلمے جو گویّے استعمال کرتے ہیں۔ جھگڑ
تنازع	(مذکر)	۵۲۸	جھگڑا۔ رنجش۔ عداوت۔
تنازع للبقا	(مذکر)	۶۹۱	زندہ رہنے کے لیے کشمکش
تنازعہ	(مذکر)	۵۳۳	دیکھئے تنازع
تناسب	(مذکر)	۵۱۳	باہم نسبت رکھنا۔ مطابقت۔ باہمی تعلق
تناسب اعضا		۱۳۸۵	اعضا کا اپنے اپنے موقع اور انداز سے ایک دوسرے کے مناسب ہونا
تناسخ	(مذکر)	۱۱۱۱	روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا، آواگون
تناسل	(مذکر)	۵۴۱	نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا۔
تنافر	(مذکر)	۷۳۱	نفرت کرنا۔
تناقض	(مذکر)	۱۳۵۱	ایک دوسرے کی ضد ہونا۔ نا۔ وافقت
تنادر		۶۵۷	تن کے تحت دیکھئے۔
تناول	(مذکر)	۴۸۷	کھانا کھانا
تناول فرمانا		۸۵۹	کھانا نوش فرمانا۔ طعام کرنا۔
تنانا		۵۰۲	زخم کا پھٹا نہ نا۔ جھلنا۔
تناہٹ	(مؤنث)	۸۵۶	وہ کھنچاؤ جو درد کی وجہ سے ہوتا ہے
تناؤ	(مذکر)	۴۵۷	کھنچاؤ۔ کشیدگی۔
تنباکو		۴۷۹	دیکھئے تمباکو
تنبو		۴۵۸	دیکھئے تمبو
تنبور	(مذکر)	۶۵۸	ایک قسم کا باجا۔ ایک قسم کا چھوٹا ڈول۔
تنبورا		۶۵۹	تنبور

تنبورچی		۶۷۱	تنبور بجانے والا
تنبول	(مذکر)	۴۸۸	پان۔ شادی کی ایک رسم
تنبولن	(مؤنث)	۵۳۸	پنواڑن۔ پان بیچنے والی عورت
تنبولی	(مذکر)	۴۹۸	پان بیچنے والا۔ پنواڑی۔
تنبہ	(مذکر)	۴۵۷	دھمکی۔ آگاہی۔ خبرداری۔
تنبیہہ	(مؤنث)	۴۶۷	سرزنش۔ فہمائش۔ نصیحت۔ تاکید
تنتر	(مذکر)	۱۰۵۰	ایک شاستر۔ منتر۔ ٹونا۔
تن جانا		۵۰۵	کھچ جانا۔ ناراض ہو جانا۔
تنجیم	(مؤنث)	۵۰۳	علم نجوم ستاروں سے سعد و نحس بتانا۔
تنخواہ	(مؤنث)	۱۰۶۲	مشاہرہ۔ ماہانہ۔
تنخواہ دار		۱۲۶۷	تنخواہ پانے والا۔ ملازم۔ نوکر۔
تند		۴۵۴	تیز۔ غضبناک۔ سخت۔ تلخ
تندخو		۱۰۶۰	بدمزاج۔ بدخو۔ چڑچڑا
تندخوئی		۱۰۷۰	بدمزاجی۔ تیزمزاجی۔
تندمزاج		۵۰۵	تیزمزاج۔ معمولی بات پر بھڑک اٹھنے والا
تندور		۶۶۰	دیکھئے تنور
تندی	(مؤنث)	۴۶۴	تیزی۔ چڑچڑاپن۔ سختی
تندیل		۴۹۴	توندوالا۔ بڑے پیٹ والا
تنزل	(مذکر)	۴۸۷	زوال۔ کمی۔ تخفیف۔ درجہ ٹوٹنا
تنزّہ	(مذکر)	۴۶۲	خالص ہونا۔ سیر۔ فرحت
تنزّہات	(مذکر)	۸۶۳	تنزّہ کی جمع۔ خوبیاں۔ سیریں۔
تنزیل	(مؤنث)	۴۹۷	نازل کرنا۔ اتارنا۔ وحی۔ الہام۔
تنزیہہ	(مؤنث)	۴۷۲	عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ پاکی۔
تنسیخ	(مؤنث)	۱۱۲۰	منسوخ کرنا۔
تنصیف	(مؤنث)	۶۳۰	دو برابر حصے کرنا۔

تنظیم	(مؤنث)	۱۴۰۰	موتی پرونا۔ انتظام۔ بندوبست
تنعم	(مذکر)	۵۶۰	ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
تنفر	(مذکر)	۷۳۰	نفرت۔ کراہت۔ گھن۔
تنفس	(مؤنث)	۵۹۰	سانس لینا۔ دم لینا۔
تنفسی		۶۰۰	سانس سے متعلق
تنقیح	(مؤنث)	۵۴۸	خالص کرنا۔ تحقیق
تنقیح طلب		۵۸۹	جس میں تفتیش کی ضرورت ہو
تنقیحات	(مؤنث)	۹۴۹	تنقیح کی جمع
تنقید	(مؤنث)	۵۶۴	ایسی جانچ جو کھرے کھوٹے میں تمیز کرے۔ تبصرہ۔ نکتہ چینی
تنقیدات	(مؤنث)	۹۶۵	تنقید کی جمع
تنقیص	(مؤنث)	۶۵۰	کم کرنا۔ نقصان۔ اعتراض
تنقیہ		۵۶۵	صاف کرنا۔ مقدمات کا فیصلہ کرنا۔ جلاب لینا
تنک		۴۷۰	ذرا سا۔ کمزور۔ بے حقیقت
تنک مزاج		۵۲۱	نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ تیز مزاج
تنک مزاجی		۵۳۱	نازک مزاجی۔ تند خوئی۔ زود رنجی۔
تنکا		۴۷۱	سوکھی گھاس کا ٹکڑا۔ ہلکا۔ کمزور
تنکیر	(مؤنث)	۶۸۰	اسم نکرہ بنانا۔
تنگ		۴۷۰	سکڑا ہوا۔ کم۔ مفلس۔ تھیلا۔ زین کسنے کا تسمہ۔
تنگ آنا		۵۲۲	عاجز آنا۔ تھک جانا۔
تنگ حال		۵۰۹	غریب۔ مفلس۔ محتاج۔ تباہ حال
تنگ حالی		۵۱۹	غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔
تنگ دست		۹۳۴	مفلس۔ غریب۔ محتاج
تنگ دستی		۹۴۴	مفلسی۔ غربت۔ ناداری
تنگ دل		۵۰۴	کم ظرف۔ بخیل۔ کم حوصلہ
تنگ دلی		۵۱۴	کم ظرفی۔ بخل۔ کم حوصلگی۔

تنگ دہن		۵۲۹	چھوٹے منہ کا۔ غنچہ دہن
تنگ رہنا		۷۲۶	کم آمدنی زیادہ خرچ ہونا۔ پریشان رہنا
تنگ ظرف		۱۶۵۰	کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔
تنگ کرنا		۷۴۱	ستانا۔ عاجز کرنا۔ چست کرنا۔
تنگنائے		۵۳۱	تنگ رستہ۔ تنگ کوچہ۔
تنگی	(مؤنث)	۴۸۰	کوتاہی۔ کمی۔ مفلسی۔ کم ظرفی۔
تننا		۵۰۱	کھچنا۔ پھیلنا۔ تاننا
تنور۔ تنوّر۔	(مذکر)	۶۵۶	روٹی وغیرہ پکانے کا مقام
تنور جھونکنا		۷۹۱	تنور گرم کرنا۔ تنور میں ایندھن ڈالنا
تنوع	(مذکر)	۵۲۶	قسم قسم کا ہونا۔ گوناگونی۔
تنومند		۵۵۰	مضبوط بدن۔ قوی جسم۔ موٹا
تنومندی	(مؤنث)	۵۶۰	قوت۔ مٹاپا۔
تنویر	(مؤنث)	۶۶۶	روشنی۔ نور۔ چمک
تنوین	(مؤنث)	۵۱۶	کسی حرف پر دو زیر، زبر یا پیش لگانے سے نون کی آواز پیدا کرنا۔
تنہ	(مذکر)	۴۵۵	درخت کا دھڑ۔ تنا
تنہا		۴۵۶	اکیلا۔ لاثانی۔ طاق۔ جدا۔
تنہائی	(مؤنث)	۴۶۶	علیحدگی۔ مفارقت۔ اکیلا رہنا۔
تو		۴۰۶	تب۔ پس۔ حاصل کلام۔ پھر
تو بھی		۴۲۳	باوجود یکہ۔ پھر بھی۔ تاہم
تو کیا		۴۳۷	کچھ نہیں۔ کچھ نقصان نہیں۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
تو		۴۰۶	حرف خطاب جو کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے۔ پیار اور بے تکلفی سے بھی استعمال کرتے ہیں۔ خدائے تعالیٰ کو بھی تو سے خطاب کرتے ہیں۔
تو تڑاق کرنا		۱۳۷۸	بدزبانی کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔
توا	(مذکر)	۴۰۷	لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں۔ بے حد سیاہ

تواب		۴۰۹	توبہ منظور کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ
توابع	(مذکر)	۴۷۹	تابع کی جمع۔ پیرو۔ ماتحت
تواتر	(مذکر)	۱۰۰۷	پے درپے۔ برابر۔ لگاتار۔
توارث	(مذکر)	۱۱۰۷	ورثہ پانا۔ وراثت۔
توارد		۶۱۱	باہم ایک جگہ اترنا۔ دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سوجھنا
تواریخ	(مؤنث)	۱۲۱۷	تاریخ کی جمع
توازن		۴۶۴	ہم وزن ہونا۔ موازنہ کرنا۔
تواضع	(مؤنث)	۱۲۷۷	خاطر مدارات۔ مہمان نوازی
توافق	(مذکر)	۵۸۷	اتفاق۔ میل
توالد		۴۴۱	اولاد پیدا کرنا۔
توالی	(مؤنث)	۴۴۷	متواتر۔ لگاتار۔ مسلسل
توام	(مذکر)	۴۴۷	جڑواں بچے
تواں	(مذکر)	۴۵۷	طاقت۔ زور۔ قدرت
توانا		۴۵۸	زور آور۔ ہٹا کٹا۔ تنومند
توانائی	(مؤنث)	۴۶۸	طاقت۔ زور۔ قوت
توانگر		۶۷۷	دولت مند۔ امیر۔ مالدار
توانگری	(مؤنث)	۶۸۷	دولت مندی۔ مالداری
توبڑا		۶۰۹	وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو کھانا کھلاتے ہیں۔
توبہ	(مؤنث)	۴۱۳	استغفار۔ افسوس۔ پچھتاوا۔
توبہ تلا		۸۴۴	واویلا۔ فریاد۔ ہائے وائے۔
توبہ توبہ		۸۲۶	نفرت، پختہ عہد یا مقام عبرت و تاسف پر بولتے ہیں۔
توبہ شکن		۷۸۳	توبہ توڑنے والا۔
توبہ ہے		۴۲۸	اب نہیں کروں گا۔ باز آتا ہوں۔
توبیخ	(مؤنث)	۱۰۱۸	ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش
توپ	(مؤنث)	۴۰۸	گولہ چلانے کا آلہ۔ بہت موٹا آدمی۔

توپ چلانا		۴۹۳	گولہ مارنا
توپچی		۴۲۱	توپ چلانے والا۔ گولنداز
توپ خانہ		۱۰۶۴	وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں
توپ داغنا		۱۴۶۴	توپ چلانا۔
توپنا		۴۵۹	گڑھا بند کرنا۔ زمین پر گاڑنا۔
توت	(مذکر)	۸۰۶	ایک درخت اور اس کا پھل۔ شہتوت
توتا		۸۰۷	طوطا۔ مٹھو۔ توڑے دار بندوق کا گھوڑا
توتا پالنا۔		۸۹۱	کوئی ایسا کام کرنا جسکی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے
توتا چشم		۱۱۵۰	کوئی بیماری مول لے لینا۔ بے مروت۔ بے وفائی
توتا چشمی		۱۱۶۰	بے مروتی۔ بے وفائی۔
توتلا		۸۳۷	وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہونیکے باعث الفاظ صاف نہ نکل سکیں
توتلاپن		۸۸۹	زبان موٹی ہونے اور الفاظ صاف نہ نکلنے کا مرض
توتی	(مذکر)	۸۱۶	ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔
توتی بولنا		۹۰۵	دور دورہ ہونا
توتیا	(مذکر)	۸۱۷	نیلا تھوتھا
توتیا	(مذکر)	۸۱۷	سرمہ۔ سرمے کا پتھر
توجہ	(مؤنث)	۴۱۴	رجحان۔ رغبت۔ عنایت
توجیہہ	(مؤنث)	۴۲۴	وجہ بیان کرنا۔ دلیل۔ حلیہ
توحش	(مذکر)	۷۱۴	وحشت نفرت
توحید	(مؤنث)	۴۲۸	خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا۔ وحدانیت
تودہ	(مذکر)	۴۱۵	ڈھیر۔ انبار۔ ٹیلا
تودۂ خاک		۱۰۳۶	مٹی کا ڈھیر
تورات	(مؤنث)	۱۰۰۷	وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی ہے
تورع	(مذکر)	۶۷۶	زہد۔ پرہیزگاری۔ اتقا
تورہ	(مذکر)	۶۱۱	دستور العمل۔ حکم شاہی۔ قانون چنگیز خان۔

توڑہ	(مذکر)	۶۱۱	مختلف کھانوں کے خوان۔ امیر۔ وزیر۔ غرور۔
توری	(مؤنث)	۶۱۶	ایک قسم کی ترکاری
توریت	(مؤنث)	۱۰۱۶	تورات
توڑ		۶۰۶	ٹوٹ۔ پھوٹ۔ جواب۔ علاج۔ دہی کا پانی
توڑجوڑ	(مذکر)	۸۱۵	داؤ پیچ۔ کانٹ چھانٹ۔ چال بازی۔
توڑ دینا		۶۷۱	دیکھئے توڑنا۔
توڑ ڈالنا		۶۹۲	دیکھئے توڑنا۔
توڑ کرنا		۸۷۷	داؤ کار دکرنا۔ حساب صاف کرنا۔
توڑ لینا		۶۹۷	الگ کرلینا۔ اپنی طرف کرلینا۔ توڑنا۔
توڑا	(مذکر)	۶۰۷	کی قلت نقصان بندوق داغنے کا قبیلہ۔ اشرفیوں یا روپوں کی تھیلی۔
توڑا مروڑی		۱۰۶۳	چھینا چھپٹی۔ توڑنا مڑوڑنا۔
توڑنا		۶۵۷	شکستہ کرنا۔ جدا کرنا۔ رد کرنا۔ قطع تعلق کرلینا
توڑی	(مؤنث)	۶۱۶	رائی کا پودا۔ رائی کا بیج۔ سرسوں۔ ایک لگی کا نام
توڑی	(مؤنث)	۶۱۶	گیہوں یا جو کا بھس۔ چارا۔
توزک	(مذکر و مؤنث)	۴۳۳	دیکھئے تزک
توزیع	(مؤنث)	۴۹۳	پراگندہ کرنا۔ باٹنا۔ جمع بندی۔ حلیے کا نقشہ
توس	(مذکر)	۴۶۶	ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔
توسط	(مذکر)	۴۷۵	درمیان۔ بیچ۔ ذریعہ۔ وسیلہ
توسل	(مذکر)	۴۹۶	ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ
توسن	(مذکر)	۵۱۶	گھوڑا۔ اسپ
توسیع	(مؤنث)	۵۴۶	وسیع کرنا۔ بڑھانا۔ کشادگی
توش	(مذکر)	۷۰۶	طاقت۔ بدن۔ مسافروں کا کھانا۔
توشدان	(مذکر)	۷۶۱	توشہ دان۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں۔
توشک	(مؤنث)	۷۲۶	روئی دار بستر۔ گدیلا۔ گبھا
توشک خانہ		۱۳۸۲	وہ جگہ جہاں سامانِ خانداری رہتا ہے۔

توشہ	(مذکر)	۷۱۱	زادراہ۔ وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے جائے
توشیح	(مؤنث)	۷۲۴	سجانا۔ علم بیان کی ایک صنعت
توصیف	(مؤنث)	۵۸۶	خوبی بیان کرنا۔ صفت۔ خوبی۔
توضیح	(مؤنث)	۱۲۲۴	کھول کے بیان کرنا۔ شرح۔ وضاحت
توطن	(مذکر)	۴۶۵	وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا۔
توغل	(مذکر)	۱۴۳۶	ایک کام میں بہت لگا رہنا۔ دھن لگن۔
توفیر	(مؤنث)	۶۹۶	زیادتی۔ بہتات۔ باقی۔ بچت
توفیق	(مؤنث)	۵۹۶	خدا کی مہربانی۔ طاقت۔ حوصلہ
توقع	(مؤنث)	۵۷۶	امید۔ بھروسہ۔ آس
توقعات	(مؤنث)	۹۷۷	توقع کی جمع
توقف	(مذکر)	۵۸۶	دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل
توقیر	(مؤنث)	۷۱۶	عزت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم
توقیع	(مؤنث)	۵۸۶	شاہی دستخط۔ شاہی فرمان
توکل	مذکر)	۴۵۶	بھروسہ کرنا۔ کسی کو وکیل بنانا۔
توکل بخدا		۱۰۶۳	خدا پر بھروسا کرنا۔
توکلاً		۴۵۷	توکل پر۔ اللہ پر بھروسہ کر کے
تول	(مذکر و مؤنث)	۴۳۶	وزن۔ جانچ۔ مقررہ وزن
تولا	(مذکر)	۴۳۷	محبت۔ الفت۔ پیار۔
تولا		۴۳۷	بارہ ماشے کا وزن
تولہ		۴۴۱	دیکھئے تولا۔ بارہ ماشے کا وزن۔
تولائی		۴۴۷	محبت رکھنے والا شخص۔ شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے
تولد	(مذکر)	۴۴۰	پیدا ہونا۔ پیدائش۔ جنم
تولنا		۴۸۷	وزن کرنا۔ جانچ لینا۔ امتحان کرنا۔
تولیا	(مذکر)	۴۴۷	لمبا رومال جس سے ہاتھ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں
تولیت	(مؤنث)	۸۴۶	انتظام۔ سربراہی۔ نگرانی۔

تولید	(مؤنث)	۴۵۰	پیدا کرنا۔ پیدائش
تومار	(مذکر)	۶۴۷	خطوں کا مجموعہ جو بچوں کے پڑھنے کے لیے آپس میں جوڑتے ہیں
تومڑی	(مؤنث)	۶۵۶	ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں۔ سپیروں کی بین۔
تومنا		۴۹۷	روئی صاف کرنا۔ عیب کھولنا۔
تونبا	(مذکر)	۴۵۹	ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اور فقیر سکھا کر کشکول بناتے ہیں۔
تونبی	(مؤنث)	۴۶۸	چھوٹا کشکول۔ چھوٹا کدو
توند	(مؤنث)	۴۶۰	بڑا پیٹ
توہم	(مذکر)	۴۵۱	وہم۔ وسواس۔ شک گمان۔
توہمات	(مذکر)	۸۵۲	توہم کی جمع۔
توہین	(مؤنث)	۴۷۱	ہتک۔ بے عزتی۔ ذلت۔
توہین عدالت		۹۷۶	عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ حاکم کے سامنے کہہ دینا یا کوئی ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر ہو
توئی	(مؤنث)	۴۱۶	ایک قسم کی بیل جو دو پٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔
تہہ	(مؤنث)	۴۰۵	نچلا حصہ۔ تھاہ۔ پیندا۔ سطح
تہہ بہ تہہ		۸۱۷	ہر تہہ میں۔ ایک کے نیچے ایک۔ طبق در طبق
تہہ بند		۴۶۱	دھوتی۔ لنگی۔
تہہ پانا		۴۵۹	اصل مطلب کو پا لینا۔ حقیقت دریافت کر لینا۔
تہہ جمانا		۵۰۰	ایک چیز کے اوپر دوسری چیز رکھنا۔ اوپر تلے رکھنا
تہہ خاک		۱۰۲۶	زمین کے نیچے۔
تہہ خانہ	(مذکر)	۱۰۶۱	وہ مکان جو سطح زمین کے نیچے بنایا جائے۔
تہہ دام		۴۵۰	جال کے اندر۔ جال میں۔
تہہ دل سے		۵۰۹	نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے۔
تہہ دیگ	(مؤنث)	۴۳۹	کھرچن۔ نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔

تہہ دیگی	(مؤنث)	۴۴۹	تہہ دیگ
تہہ دینا		۴۷۰	نیچے اوپر رکھنا۔ استر لگانا۔
تہ کرنا		۶۷۶	ٹھیک طور سے لپیٹنا۔ فیصلہ کرنا۔ ترک کرنا۔
تہہ و بالا		۴۴۵	زیر و زبر۔ نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ
تھا		۴۰۶	ہے کی ماضی۔
تھاپ	(مؤنث)	۴۰۸	تھپڑ۔ طبلے کی آواز
تھاپنا		۴۵۹	پاتھنا۔ اپلے بنانا۔ پوجا کرنا۔
تھاپی	(مؤنث)	۴۱۸	تھپکی۔ چھوٹا اپلا۔
تھال		۴۳۶	بڑی تھالی۔ خوان۔ لڑکیوں کا ایک کھیل
تھالا		۴۳۷	درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا
تھالی	(مؤنث)	۴۴۶	تشتری۔ رکابی۔
تھامنا		۴۹۷	ہاتھ سے پکڑنا۔ سہارا دینا۔ روکنا۔ بچانا۔
تھان	(مذکر)	۴۵۶	جگہ۔ موقع۔ مکان۔ طویلہ۔ کپڑے، ریشم، گوٹے وغیرہ کا معینہ لمبائی کا ٹکڑا۔ ایک عدد سکہ
تھانگ	(مؤنث)	۴۷۶	گم شدہ چیز کا موقع۔ چوروں کا مقام۔ سازش
تھانہ	(مذکر)	۴۶۱	پولیس کی چوکی۔ گاؤں میں زمیندار کا مکان۔
تھانے دار	(مذکر)	۶۷۱	تھانے کا افسر۔ سب انسپکٹر پولیس۔ کوتوال
تھانیداری	(مؤنث)	۶۸۱	تھانیدار کا عہدہ یا منصب
تھاہ	(مؤنث)	۴۱۱	پانی کی تہہ کی زمین۔ گہرائی۔ ٹھکانہ۔ گھاٹ
تھاہ لانا		۴۹۳	گہرائی دریافت کرنا۔
تھاہ لینا		۵۰۲	عندیہ یا منشا معلوم کرنا۔ بھید لینا
تہائی	(مؤنث)	۴۱۶	تیسرا حصہ
تھپنا		۴۵۸	گوبر۔ گارے وغیرہ کا تھوپا جانا۔ الزام لگنا
تھپڑ		۶۰۷	تمانچہ۔ تیز ہوا کا جھونکا۔
تھپک	(مؤنث)	۴۲۷	تھپکی۔ تھاپ

تھپکنا		۴۷۸	بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا کہ وہ سو جائے
تھپکی	(مؤنث)	۴۳۷	وہ ضرب جو ہتھیلی سے ساتھے یا پیٹھ پر لگائیں۔ کشتی کا ایک داؤں
تھپکی دینا		۵۰۲	حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ سے ضرب لگانا کہ ہتھیار پٹ پڑے۔ چمکارنا۔
تھپنا		۴۵۸	تھوپا جانا۔ مٹی کا لیس ہونا۔ ذمے پڑنا۔
تھپیڑ	(مؤنث)	۶۱۷	تمانچہ۔ تیز ہوا کا جھونکا۔ موجوں کی ضرب
تھپیڑا	(مذکر)	۶۱۸	تھپیڑ
تہتر		۱۰۰۵	تین اوپر ستر۔
تھتکار	(مؤنث)	۱۰۲۶	تھو تھو۔ نفرت۔ تھوکنے کی آواز
تھتکار دینا		۱۰۹۱	دھتکار دینا۔ نکال دینا۔
تھتکارا	(مذکر)	۱۰۲۷	تھو تھو کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ دردسر۔ ہیضہ۔ مردود۔ نالائق۔
تھتکارنا		۱۰۷۷	تھو تھو کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔
تہجد	(مذکر)	۴۱۲	رات کو جاگنا۔ نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جائے
تہجد گزار		۶۴۰	آدھی رات کے بعد اٹھ کر نماز پڑھنے والا۔
تہجی	(مؤنث)	۴۱۸	ہجے کرنا۔ حرف مفرد کا پڑھنا۔
تہدید	(مؤنث)	۴۲۳	تنبیہ۔ سرزنش۔ دھمکی
تہذیب	(مؤنث)	۱۱۱۷	شائستگی۔ خوش اخلاقی۔
تہذیب یافتہ		۱۶۱۳	تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ شائستہ
تہرا		۶۰۶	تگنا۔ تین تہہ کا۔
تہرانا		۶۵۷	تیسری دفعہ کہنا۔ کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا۔
تھرانا		۶۵۷	کانپنا۔ بہت خوف کھانا۔
تھرتھر		۱۲۱۰	کانپتا ہوا۔ لرزاں
تھرتھر کانپنا		۱۳۳۴	سردی، خوف، یا بخار سے جسم کا کپکپانا۔

تھرتھرانا		۱۲۶۲	کانپنا۔ لرزنا۔ خوف کھانا۔
تھرتھراہٹ	(مؤنث)	۱۶۱۶	لرزہ۔ کپکپی
تھرتھری	(مؤنث)	۱۲۲۰	تھرتھراہٹ۔ جاڑے کا بخار۔ لرزہ۔
تھرڈ		۶۰۹	تیسرا۔ سوم
تھرڈ کلاس		۷۲۰	تیسرا درجہ۔ درجہ سوم
تھرکنا		۶۷۶	اعضا کا حرکت کرنا۔ ناچنا۔
تھرمامیٹر		۱۲۹۶	مقیاس الحرارت۔ حرارت ناپنے کا آلہ
تہری		۶۱۵	تہرا کی تانیث۔ تین گنی۔
تھڑ		۶۰۵	تھوڑا کا مخفف
تھڑدلا		۶۴۰	کم ظرف۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ کم حوصلہ
تھڑا	(مذکر)	۶۰۶	چبوترہ۔ دکان یا مکان کے آگے کا چبوترہ
تھڑی	(مؤنث)	۶۱۵	کمی۔ لعنت۔ نفرت سے تھوکنا
تہس نہس		۵۸۰	تباہ۔ اجاڑ۔
تھکا		۴۲۶	ماندہ۔ عاجز۔ سست
تھکامارنا		۷۱۸	تنگ کرنا۔ عاجز کردینا
تھکاماندہ		۵۲۶	بہت تھکا ہوا۔
تھکافضیحتی	(مؤنث)	۱۷۳۴	لعن طعن۔ گالی گلوچ۔ جھگڑا۔ فساد
تھکانا		۴۷۷	ماندہ کردینا۔ ہراد ینا۔ دق کرنا۔
تھکاوٹ	(مؤنث)	۸۳۲	تھکن۔ ماندگی۔
تھکتھکانا		۹۰۲	نظر بد سے بچنے یا کسی بری بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا
تھکن	(مؤنث)	۴۷۵	تکان۔ ماندگی۔
تھکنا		۴۷۶	شل ہونا۔ عاجز ہونا۔ ہمت ہارنا۔ رک جانا۔
تھکوانا		۴۸۳	دوسرے سے تھوک ڈلوانا۔ ذلیل کرنا۔
تھگلی	(مؤنث)	۴۶۵	کپڑے کا ٹکڑا۔ پیوند۔ چھونپڑا
تھگلی لگانا		۵۶۷	کپڑے میں پیوند لگانا۔ رسائی حاصل کرنا۔

تھل	(مذکر)	۴۳۵	خشک زمین جگہ۔ ریگستان
تھلتھل		۸۷۰	ڈھیلا۔ ہلنے والا
تھلتھلانا		۹۲۲	ہلنا۔ مٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا
تہلکہ	(مذکر)	۴۶۰	ہلاکت۔ تباہی۔ کہرام۔ خوف۔
تہلکہ پڑنا		۷۱۳	آفت بپا ہونا۔ کہرام مچنا۔
تہلکہ مچنا		۵۵۴	دیکھئے تہلکہ پڑنا۔
تھلی	(مؤنث)	۴۴۵	ریگستان کی زمین
تہلیل	(مؤنث)	۴۷۵	لاالہ الااللہ کہنا
تھم		۴۴۵	ستون۔ روک۔ تھمنا کا امر
تھمانا		۴۹۷	روکنا۔ باز رکھنا۔ دینا۔ پکڑانا۔
تہمت	(مؤنث)	۸۴۵	الزام۔ بہتان۔ جھوٹا الزام
تہمت تراشنا		۱۷۹۷	
تہمت جوڑنا		۱۱۰۵	
تہمت رکھنا		۱۱۲۱	عیب لگانا۔ الزام دینا بہتان باندھنا۔
تہمت لگانا		۹۴۷	
تہمتی		۸۵۵	وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے۔ تہمت لگانے والا۔
تہمد	(مذکر)	۴۴۹	تہہ بند کا بگاڑ۔
تھمنا		۴۹۶	رکنا۔ بند ہونا۔ ٹھہرنا۔
تھن	(مذکر)	۴۵۵	گائے بھینس۔ بکری، وغیرہ کے پستان
تہنیت	(مؤنث)	۸۶۵	مبارکباد۔ مبارکباد دینا یا لینا
تہنیت نامہ		۹۶۱	مبارکباد کا خط
تہنید		۴۶۹	غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا
تھنیلا		۴۹۶	سوجن جو ضرب یا بیماری سے عورتوں کے پستان میں ہو جاتی ہے سوجے ہوئے پستان۔
تھو	(مؤنث)	۴۱۱	تھوکنے کی آواز۔ لعنت۔

تھوتھو		۸۲۲	بار بار تھوکنے کی آواز۔ نوچ۔ تف۔ لعنت
تھوتھو ہونا		۸۸۴	بدنامی ہونا۔ بے عزتی ہونا۔
تہوار	(مذکر)	۶۱۲	خوشی کا دن۔ مذہبی تقریب کا دن
تھوبڑ	(مذکر)	۶۱۳	دیکھئے توبڑا۔
تھوبڑا	(مذکر)	۶۱۴	دیکھئے توبڑا۔
تھوپنا		۴۶۴	اکٹھا کرنا۔ کسی کے ذمہ ڈالنا۔ اپلے تھاپنا۔ الزام لگانا۔
تھوتنی	(مؤنث)	۸۷۱	گھوڑے یا اونٹ کا منھ
تھوتنی پھلا		۹۶۰	ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔
تھوتھا		۸۱۷	گھن لگا ہوا۔ اندر سے خالی۔ بے معنی۔ نیلا تھوتھا
تھوتھنی	(مؤنث)	۸۷۶	دیکھئے تھوتنی
تھوتھی		۸۲۶	تھوتھا کی تانیث
تہور		۶۱۱	مردانگی۔ دلیری۔ شجاعت
تہور شعار		۱۱۸۲	بہادر۔ شجاع۔ دلیر
تھورنا		۶۶۲	کھانا نگلنا۔ ٹھونسنا
تھوڑا		۶۱۲	خفیف۔ ناکافی۔ قلیل
تھوڑا بہت		۱۰۱۹	کم و بیش۔ کسی قدر۔ کچھ
تھوڑا تھوڑا		۱۲۲۴	ذرا ذرا۔ کم کم۔
تھوڑا تھوڑا کر کے		۱۴۷۴	آہستہ آہستہ۔ ذرا ذرا کر کے
تھوڑا جاننا		۷۱۷	کم سمجھنا۔ بے وقعت سمجھنا
تھوڑا سا		۶۷۳	ذرا سا۔ نہایت قلیل
تھوڑی سی		۶۹۱	ذرا سی۔ نہایت قلیل
تھوڑا کرنا		۸۸۳	کم کرنا۔ گھٹانا۔
تھوڑا ہی		۶۲۷	ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔ بالکل نہیں
تھوڑے		۶۲۱	تھوڑا ہی
تھوڑی		۶۲۱	تھوڑا کی تانیث

تھوڑی سی		۶۹۱	ذراسی۔ کسی قدر
تھوک	(مذکر)	۴۳۱	کثرت۔ ڈھیر۔ جماعت۔ روکڑ
تھوک فروش		۱۰۱۷	اکٹھا مال بیچنے والا
تھوک فروشی	(مؤنث)	۱۰۲۷	اکٹھا مال بیچنا
تھوک	(مذکر)	۴۳۱	پانی جو منہ سے نکلتا ہے۔ لعاب دہن۔
تھوک دینا		۴۹۶	منہ سے تھوک پھینکنا۔ عاق کر دینا۔ غصے کو جانے دینا
تھوکنا		۴۸۲	تھوک نکالنا۔ ذلیل سمجھنا۔ لعنت۔ ملامت کرنا
تھئی	(مؤنث)	۴۱۵	اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیوں یا پانوں کا ڈھیر۔
تھئی تھئی	(مؤنث)	۸۳۰	تال۔ سم۔ آواز جو گوئے نکالتے ہیں۔ تھاپ کی آواز
تہی		۴۱۵	خالی جس میں کوئی چیز نہ ہو
تہی دست		۸۷۹	خالی ہاتھ۔ مفلس۔ غریب
تہی دستی		۸۸۹	مفلسی۔ ناداری۔ غربت
تہی دماغ		۱۴۶۰	جاہل۔ بے وقوف
تہی مغز		۱۴۶۲	احمق۔ بے وقوف۔ سادہ لوح
تھیٹر	(مذکر)	۱۰۱۵	تماشا گاہ۔ ناچ گھر۔ تماشا۔ ناٹک
تھیلا	(مؤنث)	۴۴۶	بڑی تھیلی۔ بورا۔
تھیلی	(مؤنث)	۴۵۵	جھوٹا تھیلا۔ توڑا۔
تھینکس	(مذکر)	۵۴۵	شکریہ۔ بہت سے شکریے
تھینک یو		۵۰۱	آپ کا شکریہ
تھیوری	(مؤنث)	۶۳۱	قیاس۔ خیال۔ اندازہ۔ نظریہ۔
تھیوسوفی		۵۷۷	یہ عقیدہ یا اصول کہ ہر شخص بلاواسطہ خدا کی معرفت وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔
تہیہ		۴۲۰	مستعدی۔ آمادگی۔ سامان
تیا	(مذکر)	۴۱۱	گنجفے کا وہ پتا جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں تین کی ضرب۔

تیار	(مؤنث)	۶۱۱	آمادگی۔ درستی۔ انتظام
تیار کرنا		۸۸۲	آمادہ کرنا۔ درست کرنا۔ بہم پہنچانا۔
تیاری	(مذکر)	۶۲۱	چھوڑنا۔ کنارا کش ہونا۔
تیاگ		۴۳۱	چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔
تیاگ کرنا		۷۰۲	چھوڑنا دست بردار ہونا۔
تیاگنا		۴۸۲	چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
تیاگی		۴۴۱	چھوڑنے والا۔ سادھو۔ تارک الدنیا
تیتالیس		۹۱۱	تین اوپر چالیس
تینتالیس		۹۶۱	تین اوپر چالیس
تیتر		۱۰۱۰	ایک قسم کا پرندہ
تیتری	(مؤنث)	۱۰۲۰	تیتر کی مادہ۔ تتلی۔ ایک دوا۔
تینتیس		۸۸۰	تین اوپر تیس
تینتیس		۹۳۰	تین اوپر تیس
تیج	(مؤنث)	۴۱۳	مہینے کی تیسری تاریخ۔ ایک ہندو تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔
تیجا		۴۱۴	تیسرا فاتحہ سوم
تیج پات	(مذکر)	۸۱۶	ایک خوشبودار پتا۔
تیر		۶۱۰	خدنگ۔ ناوک۔ سہان۔ طعن و تشنیع
تیرافگن		۷۶۱	تیر چلانے والا
تیرافگنی	(مؤنث)	۷۷۱	تیر چلانے کا فن۔ تیر مارنا
تیرانداز		۶۷۳	تیر چلانے والا سپاہی۔ تیر چلانے کا ماہر
تیراندازی	(مؤنث)	۶۸۳	تیر چلانے کا فن۔ ناوک افگنی
تیر برسانا		۹۲۴	بہت سے تیر چلانا۔
تیر بہدف		۷۰۱	عین نشانے پر۔ سریع التاثیر
تیر چلانا		۶۹۵	تیر پھینکنا۔ کار عظیم کرنا۔

تیرزن		۶۶۷	تیر چلانے والا
تیرزنی	(مؤنث)	۶۷۷	تیراندازی
تیرفلک		۷۴۰	عطارد۔ بدھ
تیرقضا		۱۵۱۱	قضا کا حملہ۔ موت
تیرکھانا		۶۸۷	تیر کا زخم کھانا۔ تیر لگنا
تیرگر		۸۳۰	تیر بنانے والا
تیرگری	(مؤنث)	۸۴۰	تیر بنانے کا پیشہ
تیرلگنا		۷۱۱	تیر کا نشانے پر پہنچنا۔ نشانہ لگنا
تیرمارنا		۹۰۲	تیر چلانا۔
تیرمژگاں		۷۲۸	مژگاں کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیرناوک		۶۸۷	چھوٹا تیر۔ تیر جو نالی سے چلایا جائے۔
تیرنگاہ		۶۸۶	نگاہ کا تیر۔ معشوق کی نگاہ کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں
تیرہوائی		۶۳۲	تیر جو ہوا میں چھوڑ جائے۔ بے کار۔ فضول
تیرہوجانا		۶۷۶	غائب ہوجانا۔ گم ہوجانا۔ بھاگ جانا۔
تیرہونا		۶۷۲	دیکھئے تیر ہوجانا۔
تیر		۶۱۰	گزرا ہوا۔
تیرہوجانا		۶۷۶	بسر ہوجانا۔ (عمر) گزر جانا۔
تیرا		۶۱۱	ادنیٰ کے لیے کلمۂ خطاب۔ اس سے خدا کو بھی مخاطب کرتے ہیں
تیرامیرا		۸۶۲	اپنے بیگانے کا جھگڑا۔ تو تو میں میں۔
تیراک	(مذکر)	۶۳۱	شناور۔ پیراک
تیراکی	(مؤنث)	۶۴۱	تیرنے کا فن۔ شناوری۔ پیراکی
تیرانا		۶۶۲	پانی پر چلانا۔
تیراؤ		۶۱۷	پانی کا تیرنے کے قابل ہونا۔
تیرتھ	(مذکر)	۱۰۱۵	نہانے کی جگہ۔ درشن۔ گھاٹ
تیرتھ جاترا		۱۶۲۰	کسی مقدس مقام پر جانا۔ زیارت

تیر جانا		۶۶۵	کسی دھاردار آلے کا جسم کے پار ہو جانا۔ گھس جانا۔
تیرگی	(مؤنث)	۶۴۰	سیاہی۔ تاریکی۔ رنجش
تیرگی بخت		۱۶۴۲	بدقسمتی۔ قسمت کی خرابی
تیرگی چھانا		۷۰۰	اندھیرا ہونا۔
تیرگی شب		۹۴۲	رات کی تاریکی
تیرنا		۶۶۱	پیرنا۔ شناوری۔ ماہر ہونا۔ واقف ہونا۔
تیرہ		۶۱۵	تین اوپر دس
تیرہ تیزی		۱۰۴۲	صفر کے مہینے کے پہلے پیر کا دن۔ صفر کا مہینہ۔
تیرہ		۶۱۵	کالا۔ سیاہ
تیرہ بخت		۱۶۱۷	بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب
تیرہ بختی		۱۶۲۷	بدقسمتی۔ بدبختی
تیرہ دروں		۸۷۵	سیاہ دل۔ بے ایمان۔ کافر
تیرہ دل		۶۴۹	سیاہ دل۔ ظالم شریر۔ شقی القلب
تیرہ وتار		۱۲۲۲	بہت تاریک۔ اندھیرا گھپ
تیرھواں		۶۷۲	تیرھویں نمبر یا درجے پر
تیرھویں		۶۸۱	تیرھواں کی تانیث
تیری	(مؤنث)	۶۲۰	تیرا کی تانیث
تیز		۴۱۷	دھاردار۔ تلخ۔ چالاک۔ شدید۔ گراں
تیزدست		۸۸۱	جلد جلد کام کرنے والا
تیزدستی	(مؤنث)	۸۹۱	جلد جلد ہاتھ چلانا۔ جلدی کام کرنا۔
تیزرفتار		۱۲۹۸	جلد چلنے والا۔ چالاک۔ پھرتیلا
تیزرو		۶۲۳	دیکھئے تیزرفتار
تیزرفتاری	(مؤنث)	۱۳۰۸	جلدی چلنا۔ جلدی۔ عجلت
تیزروی		۶۳۳	دیکھئے تیزرفتاری
تیززبان		۴۷۷	جلدی جلدی گفتگو کرنے والا۔ منہ پھٹ

تیز طبع		۴۹۸	ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار
تیز طبعی	(مؤنث)	۵۰۸	ذہانت۔ ذکاوت۔ ہوشیاری
تیز فہم		۵۴۲	جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔ ذکی
تیز فہمی	(مؤنث)	۵۵۲	جلدی سمجھنے کی قوت
تیز کرنا		۶۸۸	دھار نکالنا۔ زیادہ کرنا۔ قوت بڑھانا۔
تیز گام		۴۷۸	جلد چلنے والا۔ تیز رفتار
تیز گامی	(مؤنث)	۴۸۸	جلد چلنا
تیز مزاج		۴۶۸	تند۔ غصیل۔ زود رنج
تیز مزاجی	(مؤنث)	۴۷۸	تندی۔ غصیلا پن
تیز و تند		۸۷۷	بہت تیز۔ مدہوش کر دینے والی شراب
تیز ہونا		۴۷۹	دھار نکالی جانا۔ خفا ہونا۔ مہنگا ہونا۔ شدید ہونا۔
تیزاب	(مذکر)	۴۲۰	ایک سیال مرکب۔ نہایت ترش
تیزپات	(مذکر)	۸۲۰	دیکھئے تیج پات
تیزی	(مؤنث)	۴۲۷	تندی۔ گرم مزاجی۔ گرمی۔ ضرورت۔ مہنگائی۔
تیزی کرنا		۶۹۸	جلدی کرنا۔ چالاکی کرنا۔ شوخی کرنا۔
تیس		۴۷۰	دس اوپر بیس
تیس دن		۵۲۴	مہینہ بھر۔ ہر روز۔ آئے دن۔ ہمیشہ
تیسوں دن		۵۸۰	تیس دن
تیس روز		۶۸۳	مہینہ
تیسا		۴۷۱	اس طرح کا ویسا۔
تیسرا		۶۷۱	دو کے بعد کا تین سے نسبت رکھنے والا
تیسری		۶۸۰	تیسرا کی تانیث۔ تین دفعہ ہل چلی ہوئی زمین
تیسرے		۶۸۰	تین کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے
تیشہ		۷۱۵	بڑھیوں کا ایک اوزار۔ بسولا۔
تیغ	(مؤنث)	۱۴۱۰	تلوار۔ شمشیر

تیغ آزمائی	(مؤنث)	۱۴۶۹	تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
تیغ ابرو	(مؤنث)	۱۶۱۹	ابرو کا استعارہ تیغ سے کرتے ہیں
تیغ براں	(مؤنث)	۱۶۶۳	کاٹنے والی تلوار
تیغ بکف		۱۵۱۲	ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے۔ لڑنے کو تیار
تیغ رواں		۱۶۶۷	جلدی کاٹنے والی تلوار
تیغ زن		۱۴۶۷	تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن
تیغ زنی	(مؤنث)	۱۴۷۷	تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
تیغ ناز	(مؤنث)	۱۴۶۸	ناز و انداز کی تلوار۔ محبوب کے ناز و ادا کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیغ ہلالی	(مؤنث)	۱۴۸۶	ہلال کی طرح خمیدہ تلوار۔ اس سے ابرو کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
تیغا	(مذکر)	۱۴۱۱	کشتی کا ایک داؤ۔ چھوٹی تلوار
تیغہ	(مذکر)	۱۴۱۵	چھوٹی تلوار
تیقّن	(مذکر)	۵۶۰	یقین کرنا۔ اعتبار
تیکھا		۴۳۶	تیز۔ ذہین۔ حسین۔ شوخ
تیکھاپن	(مذکر)	۴۸۸	شوخی۔ چلبلاہٹ۔ روکھاپن
تیکھی		۴۴۵	تیکھا کی تانیث۔ البیلی۔ بانکی۔ ترچھی
تیل		۴۴۰	روغن جو بیجوں سے نکالا جاتا ہے
تیل نکالنا		۵۹۲	بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا۔ کم زور کر دینا
تیل نکل جانا		۵۹۵	بیجوں سے تیل حاصل ہونا۔ طاقت ضائع ہونا۔
تیل نکلنا		۵۹۱	دیکھئے تیل نکل جانا۔
تیلن	(مؤنث)	۴۹۰	تیلی کی بیوی۔ تیلی قوم کی عورت
تیلی	(مذکر)	۴۵۰	ایک قوم جو تیل نکالتی ہے۔ تیل بیچنے والا
تیلیا		۴۵۱	تیل کے رنگ کا میلا۔ چکنا
تیلی	(مؤنث)	۴۵۰	سلائی۔ پنجرے کا تار
تیمار	(مذکر)	۶۵۱	مریض کی خبر گیری۔ علاج و معالج۔ ہمدردی

تیمار دار	(مؤنث)	۸۵۶	بیمار کی دیکھ بھال کرنے والا۔
تیمار داری	(خنکہ)	۸۶۶	بیمار کی خدمت۔ ہمدردی۔
تیمم	(مذکر)	۴۹۰	پانی نہ ملنے پر نماز کے لیے خاص قاعدے کے ساتھ پاک ہونا
تیمن	(مذکر)	۵۰۰	بابرکت ہونا برکت حاصل کرنا۔
تین		۴۶۰	دو اور ایک۔
تین تیرا		۱۰۷۱	تتر بتر۔
تینتالیس		۹۶۱	دیکھئے تینالیس۔
تینتیس		۹۳۰	دیکھئے تیتیس
تینترا		۱۰۶۱	وہ بیٹا جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو
تینتری		۱۰۷۰	وہ بیٹی جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو
تیندوا	(مذکر)	۴۷۱	ایک درندہ۔ چیتے کی قسم کا
تینوں		۵۱۶	تین کے تین
تیور	(مذکر)	۶۱۶	چتون۔ چہرے کا طور۔ بھوں۔ بینائی۔
تیور بگڑنا		۸۸۹	پہلی نظر نہ رہنا۔ نگاہوں سے خفگی ظاہر ہونا۔
تیور پہچاننا		۷۲۸	قیافے سے مزاج کا حال معلوم ہونا۔
تیورانا		۶۶۸	آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ غشی کی حالت آنا۔
تیوری	(مؤنث)	۶۲۶	نظر۔ چتون۔ نگاہ۔ پیشانی
تیوری بدلنا		۷۱۳	غصے ہونا۔
تیوہار	(مذکر)	۶۲۲	تہوار
تیہہ	(مذکر)	۴۱۵	غصہ۔ غضب۔ جوش۔ حرارت
تیہا	(مذکر)	۴۱۶	دیکھئے تیہہ
تیئیس		۴۸۰	تین اوپر بیس

ٹ

ابجد کے حساب میں "ت" کی طرح اس کو بھی چار سو شمار کرتے ہیں

ٹاپ	(مؤنث)	۴۰۳	گھوڑے کا سُم۔ گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب
ٹاپا		۴۰۴	مرغیوں کا کھانچا۔ ایک قسم کی کشتی جس پر چوکھٹ دار ڈھکنا ہو۔
ٹاپتا پھرنا		۱۰۶۲	مارا مارا پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا۔
ٹاپنا		۴۵۴	کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا۔ انتظار کرنا۔ پھاندنا۔
ٹاپو	(مذکر)	۴۰۹	جزیرہ
ٹاٹ	(مذکر)	۸۰۱	سن کا بنا ہوا کپڑا۔ بوری کا کپڑا۔ بونٹ کا سبز نول
ٹاٹا		۸۰۲	خدا حافظ۔ بچوں کی بولی
ٹار		۶۰۱	تار کول۔ کول تار
ٹارچ	(مؤنث)	۶۰۴	مشعل
ٹاس	(مذکر)	۴۶۱	سکے کو اچھال کر اس امر کا فیصلہ کرنا کہ کون کسی کام کو پہلے شروع کرے۔
ٹافی	(مؤنث)	۴۹۱	ایک انگریزی مٹھائی۔
ٹاکی	(مؤنث)	۴۳۱	بولتی فلم
ٹال	(مؤنث)	۴۳۱	جلانے کی لکڑی کی دکان۔ ٹال ٹول۔ بہانہ سازی وغیرہ
ٹال مٹول		۹۰۷	بہانہ۔ دیر۔ ٹالم ٹول۔
ٹالا	(مذکر)	۴۳۲	حیلہ۔ حوالہ۔ بہانہ۔ تاویل۔
ٹالے		۴۴۱	حیلے۔ حوالے۔ بہانے۔ تاویلیں

ٹالنا		۴۸۲	ملتوی کرنا۔ دیر لگانا۔ دھوکا دینا
ٹالی	(مؤنث)	۴۴۱	چوپایوں کے گلے کی چھوٹی گھنٹی۔ دلالوں کی اصطلاح میں نصف روپیہ
ٹامی	(مذکر)	۴۵۱	گورہ فوج کا سپاہی
ٹانٹ	(مؤنث)	۸۵۱	آدمی کی کھوپڑی۔ چندیا۔
ٹانڈ	(مؤنث و مذکر)	۴۵۵	چھان۔ چبوترا۔
ٹانڈھ	(مؤنث و مذکر)	۴۶۰	ٹانڈ
ٹانڈا	(مذکر)	۴۵۶	قافلہ۔ سوداگروں کا گروہ۔ تجارت کا مال۔ خاندان
ٹانسل	(مذکر)	۵۴۱	گلے کے اندر کی گلٹی۔ کوّا۔
ٹانک	(مذکر)	۴۷۱	مقوی دوا۔
ٹانک	(مذکر، مؤنث)	۴۷۱	جواہرات تولنے کا وزن جو چوبیس رتی کا ہوتا ہے
			حصّہ۔ جانچ۔ لکھنے کا فعل
ٹانکا	(مذکر)	۴۷۲	سوئی کے دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے کے اندر گھس کر باہر نکلنا۔ دھات جوڑنے کا مسالا۔
ٹانکا لگانا		۵۷۴	کپڑا سینا۔ زخم سینا۔ نسبت کرنا۔ شادی کرانا۔
ٹانکے لگانا		۵۸۳	ٹانکا لگانے کی جمع
ٹانکا مارنا		۷۶۴	موٹی سلائی کرنا۔ جلدی جلدی سینا۔ گھونپنا
ٹانکنا		۵۲۲	سینا۔ موتی یا لچکا سوئی تاگے سے لگانا۔ زخم سینا۔ ٹنکھی کرنا۔ لکھنا۔ درج کرنا۔
ٹانگ	(مؤنث)	۴۷۱	جسم کا وہ حصّہ جو ران کی جڑ سے پاؤں تک ہے دلالوں کی اصطلاح میں چوتھائی حصّہ
ٹانگ اڑانا		۷۲۴	پاؤں میں پھنسانا۔ دخل دینا۔ روکنا۔
ٹانگ برابر		۸۷۶	چھوٹا سا۔ ذرا سا
ٹانگ توڑنا		۱۱۲۸	اپاہج کر دینا۔
ٹانگ لینا		۵۶۲	ٹانگ پکڑنا۔ پیچھے پڑنا۔

ٹانگوں		۵۲۷	ٹانگ کی جمع
ٹانگیں		۵۳۱	ٹانگ کی جمع
ٹانگنا		۵۲۲	لٹکانا۔ پھانسی دینا
ٹاور	(مذکر)	۶۰۷	برج۔ مینار۔ لاٹھ
ٹائپ	(مذکر)	۴۰۳	چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف بٹھپا۔ نقشہ
ٹائپسٹ	(مذکر)	۸۶۳	ٹائپ کرنے والا۔ ٹائپ رائٹر پر کام کرنے والا۔
ٹائٹل	(مذکر)	۸۳۱	عنوان۔ سرخی۔ سرورق۔ خطاب
ٹائر	(مذکر)	۶۰۱	پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ
ٹائل	(مؤنث)	۴۳۱	پکی مٹی کی پتلی تختی جو عمارت کی دیواروں اور فرش پر لگائی جاتی ہے
ٹائم	(مذکر)	۴۴۱	وقت۔ معیارِ مطلق۔
ٹائم بم	(مذکر)	۴۸۳	ایسا بم جو مقررہ وقت پر پھٹے
ٹائم پیس		۸۱۳	چھوٹا گھنٹا
ٹائم ٹیبل	(مذکر)	۸۸۳	نقشہ تقسیم اوقات
ٹاون	(مذکر)	۴۵۷	قصبہ۔ شہر
ٹاون ہال	(مذکر)	۴۹۳	شہر کی وہ عمارت جس میں میونسپل کمیٹی وغیرہ کا دفتر ہو۔
ٹائی	(مؤنث)	۴۱۱	ریشمی یا سوتی فیتہ جو قمیص کے کالر کے ساتھ پہنتے ہیں
ٹائی فائڈ	(مذکر)	۵۰۶	معیادی بخار
ٹائیں ٹائیں	(مؤنث)	۹۲۲	بکواس۔ طوطے کی آواز۔
ٹب	(مذکر)	۴۰۲	ناند
ٹبا	(مذکر)	۴۰۳	ٹیلا۔ اونچی جگہ
ٹبر	(مذکر)	۶۰۲	خاندان۔ قبیلہ۔ اسباب۔ گھر کا خرچ۔
ٹپ	(مؤنث)	۴۰۲	ٹپکنے کی آواز۔ بوندیں گرنے کی آواز۔ ہُد
ٹپ ٹپ	(مؤنث)	۸۰۴	کسی سیال چیز کے بوند بوند گرنے کی آواز۔
ٹپ	(مذکر)	۴۰۲	بخشش۔ انعام

ٹپّا	(مذکر)	۴۰۳	کود پھاند۔ ایک قسم کا گیت۔ ڈاک خانہ۔ مقام
ٹپانا		۴۵۴	کدانا۔ چھلانگ مروانا۔
ٹپّر	(مذکر)	۶۰۲	چھپّر جو پرانے چھپّر پر ڈال دیا جاتا ہے۔
ٹپس	(مؤنث)	۴۶۲	وسیلہ۔ اتفاق۔ میل جول۔
ٹپک	(مؤنث)	۴۲۲	پانی کے قطرے کے لگاتار گرنے کی آواز۔ زخم کی ٹیس یا چمک۔ پھڑک۔
ٹپک پڑنا		۶۷۵	فریفتہ ہو جانا۔ رسنا۔ کود پڑنا۔
ٹپکا	(مذکر)	۴۲۳	لگاتار بوندیں گرنا۔ بارش کے قطرے
ٹپکے		۴۳۲	ٹپکا کی جمع
ٹپکانا		۴۷۴	گرانا۔ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔
ٹپکاؤ	(مذکر)	۴۲۹	ٹپکنے کا عمل۔ عرق کشی
ٹپکنا		۴۷۳	چونا۔ عرق نکلنا نچڑنا۔ پھوڑا پھوٹنا۔
ٹپنا		۴۵۳	اچھلنا۔ کودنا۔ پھاند جانا۔
ٹٹّا	(مذکر)	۸۰۱	بڑی ٹٹی۔ اوٹ۔ چھپنے کی جگہ
ٹٹ پونجیا		۱۷۲	تھوڑی پونجی والا۔ چھوٹا سوداگر۔
ٹٹ خارنا		۱۶۵۲	دیکھئے ٹٹکارنا۔
ٹٹ خاری		۱۶۱۱	دیکھئے ٹٹکاری۔
ٹٹروں ٹوں	(مؤنث)	۱۵۱۲	فاختہ اور ٹوٹروں کی آواز۔ بیکار
ٹٹری	(مؤنث)	۱۰۱۰	کھوپڑی۔ ٹٹی۔ باڑھ
ٹٹکارنا		۱۰۷۲	گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لیے منھ سے آواز نکالنا جیسے حوالے کر کے ٹالنا۔
ٹٹکاری	(مؤنث)	۱۰۳۱	وہ آواز جو جانوروں کو ہانکتے وقت منھ سے نکالتے ہیں۔ اشارا۔ سیٹی
ٹٹو	(مذکر)	۸۰۶	چھوٹے قد کا گھوڑا
ٹٹوانی	(مؤنث)	۸۶۷	ٹٹو کی مادہ۔

ٹٹول	(مؤنث)	۸۳۶	تلاش۔ لمس
ٹٹول کرنا		۱۱۰۷	چھان بین کرنا۔ ڈھونڈنا۔
ٹٹولنا		۸۸۷	ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا۔ عندیہ لینا۔ پرکھنا
ٹٹی	(مؤنث)	۸۱۰	بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھوٹا ٹٹا۔ پردہ۔ پاخانہ۔
ٹٹیری	(مؤنث)	۱۰۲۰	ایک پرند۔ ایک کھلونا۔ کنایۃً لاغر آدمی
ٹچا		۴۰۴	اوچھا۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔
ٹچی		۴۱۳	ٹچائی تانیث
ٹخنا	(مذکر)	۱۰۵۱	کٹا۔ پاؤں کی وہ ابھری ہوئی ہڈی جو ٹانگ اور پاؤں کے بیچ کے جوڑ پر ہوتی ہے۔
ٹخنوں		۱۱۰۶	ٹخنائی جمع
ٹڈا	(مذکر)	۴۰۵	ایک قسم کا پردار کیڑا
ٹڈی	(مؤنث)	۴۱۴	ایک قسم کا پردار کیڑا جو درختوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔
ٹڈی دل	(مذکر)	۴۴۸	ٹڈیوں کا بھاری لشکر۔ لوگوں کا ہجوم۔
ٹر	(مؤنث)	۶۰۰	چیخ۔ مینڈک کی آواز۔ بکواس۔ شیخی
ٹرا		۶۰۱	ٹرانے والا۔ بکواسی
ٹڑاپن		۶۵۳	بکواس۔ بک بک
ٹرافی	(مؤنث)	۶۹۱	فتح کا نشان۔ کھیل یا مباحثہ کے مقابلے میں جیتا ہوا بڑا کپ۔
ٹرالی	(مؤنث)	۶۴۱	ٹھیلا۔ وہ گاڑی جو ریل کی پٹڑی پر چلاتے ہیں۔
ٹرانا		۶۵۲	بک بک کرنا۔ غل مچانا۔ مینڈک کا آواز نکالنا۔
ٹرانسپورٹ	(مؤنث)	۱۳۱۹	باربرداری۔ سامان کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا
ٹرانسفارمر	(مذکر)	۱۲۳۱	برقی رو کی طاقت کو گھٹانے بڑھانے والی مشین
ٹرانسمیٹر		۱۳۶۱	ارسال کرنے والا۔ پیغام بھیجنے والا (آلہ)

ٹراؤٹ		۱۰۰۷	ایک قسم کی مچھلی
ٹرائی سکل	(مؤنث)	۷۲۱	تین پہیوں کی بائیسکل
ٹربائن	(مؤنث)	۶۵۳	پہیہ یا چرخہ جو پانی، بجلی یا بھاپ سے چلتا ہے۔
ٹرپ	(مؤنث)	۶۰۲	سفر، سیاحت
ٹرٹر		۱۲۰۰	بک بک۔ جھک جھک۔ مینڈک کی آواز
ٹرٹرانا		۱۲۵۲	بک بک کرنا۔
ٹرخانا		۱۲۵۲	ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ بالا بتانا۔
ٹرسٹ	(مذکر)	۱۰۶۰	جائداد جو زیر تولیت ہو۔ وقف
ٹرسٹی	(مذکر)	۱۰۷۰	جس کے سپرد ادارے کا انتظام ہو۔ متولی
ٹرف	(مذکر)	۶۸۰	وہ میدان جہاں گھاس لگائی گئی ہو۔
ٹرک		۶۲۰	مال ڈھونے کی لاری۔
ٹرکانا		۶۷۲	دیکھئے ٹرخانا۔
ٹرم	(مؤنث)	۶۴۰	ایک مقررہ مدت
ٹرمپ		۶۴۲	تُرپ
ٹرمی نس	(مذکر)	۷۶۰	ریلوے یا بس کا آخری سٹیشن
ٹرمی نل		۷۳۰	ٹرمی نس
ٹرن	(مذکر)	۶۵۰	کھیل کی باری۔ باری
ٹرنک	(مذکر)	،،	لوہے کا بکس
ٹرنک کال		۷۲۱	ٹیلیفون پر کسی دوسرے شہر یا ملک سے بلاوا۔ بیرونجات کو ٹیلیفون کرنا
ٹرو	(مذکر)	۶۰۶	مینڈک۔ ایک کھلونا جسے گھما یا جائے تو اس میں سے مینڈک کی آواز نکلتی ہے۔
ٹرے	(مؤنث)	۶۱۰	سینی۔ خوانچہ۔ طباق۔
ٹریجڈی	(مؤنث)	۶۲۷	المیہ نظم یا نثر۔ مصیبت۔ آفت
ٹریڈ	(مؤنث)	۶۱۴	تجارت۔ کاروبار۔

ٹریڈ مارک	(مذکر)	۸۷۵	تجارتی نشان۔ کاروباری خصوصیت
ٹریس	(مذکر)	۶۷۰	چربہ۔ خاکہ۔ کھوج
ٹریسنگ	(مؤنث)	۷۴۰	چربہ اتارنا۔ چربہ اتارنے کا فن
ٹریفک	(مؤنث)	۷۱۰	آمد و رفت۔ آدمیوں اور گاڑیوں وغیرہ کا سڑکوں پر سے گزرنا۔
ٹریکٹر	(مذکر)	۱۲۳۰	زمین جوتنے کی مشین
ٹریلر	(مذکر)	۸۴۰	فلم کا نمونہ۔ ٹریکٹر وغیرہ کے پیچھے جوڑی ہوئی گاڑی
ٹریم	(مؤنث)	۶۵۰	بجلی یا تیل سے چلنے والی گاڑی جو پٹڑی پر ملتی ہے
ٹرین	(مؤنث)	۶۶۰	ریل گاڑی
ٹریننگ	(مؤنث)	۷۳۰	سکھلائی۔ تربیت
ٹڑمونہا		۷۰۲	ٹیڑھے منھ والا۔ جس کا منھ ٹیڑھا ہو۔
ٹڑمنہا		۶۹۶	ٹڑمونہا۔
ٹڑمونہی		۷۱۱	ٹڑمونہا کی تانیث
ٹڑمنہی		۷۰۵	ٹڑمونہی
ٹسر	(مؤنث)	۶۶۰	کچا ریشم۔ ایک قسم کا ریشم۔ اس ریشم کا کپڑا
ٹسر ٹسر		۱۳۲۰	پھوٹ پھوٹ۔
ٹس سے مس		۶۳۰	ذرا بھی جنبش نہ ہونا۔ غیر متحرک
ٹسک	(مؤنث)	۴۸۰	کسک۔ ہوک
ٹسکا	(مذکر)	۴۸۱	بچوں کی کھانسی۔
ٹسکنا		۵۳۱	ہلنا جلنا۔ نرم پڑنا۔ محسوس ہونا۔ متاثر ہونا۔
ٹسکنا		۵۳۱	چپکے چپکے رونا۔ بسورنا۔
ٹسوے		۴۷۶	جھوٹ موٹ کے آنسو۔
ٹسوے بہانا		۵۳۵	جھوٹ موٹ رونا۔ دکھاوے کا رونا۔
ٹفن	(مذکر)	۵۳۰	تیسرے پہر کا کھانا
ٹفن کیریر		۹۷۰	ناشتہ دان

ٹک		۴۲۰	ذرا۔ کچھ۔ تھوڑی دیر کے لیے۔ تھوڑا سا
ٹکا	(مذکر)	۴۲۱	دو پیسے کا سکہ۔ روپیہ۔ نقدی۔
ٹکا سا جواب دینا		۵۵۹	صاف انکار کر دینا۔ گستاخانہ جواب۔
ٹکا رہنا		۶۷۷	اپنی جگہ نہ چھوڑنا۔ کسی جگہ ٹھہر رہنا۔
ٹکانا		۴۷۲	کسی چیز کو دوسری چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا رکھنا مارنا۔
ٹکاؤ	(مذکر)	۴۲۷	قیام۔ ٹھہراو۔ مضبوطی۔
ٹکٹ	(مذکر)	۸۲۰	وہ کاغذ جو کسی چیز کا دام یا کرایہ لے کر بطور رسید دیا جائے ڈاک کا اسٹامپ۔ اجازت نامہ
ٹکٹکی	(مؤنث)	۸۵۰	ناک۔ نظر۔ چھپکلی
ٹک جانا		۴۷۵	ٹھہر جانا۔ عارضی قیام کرنا۔ صبر کرنا۔
ٹکر	(مؤنث)	۶۲۰	تصادم۔ ٹھیس۔ مشابہت۔
ٹکر کھانا		۶۹۷	لڑ جانا۔ ٹکرا جانا۔
ٹکر لینا		۷۱۱	مقابلہ کرنا۔ صدمہ سہنا۔
ٹکر مارنا		۹۱۲	سر مارنا۔ مقابلہ کرنا۔ ٹکر لگانا
ٹکریں مارنا		۹۷۲	کسی چیز سے سر ٹکرانا۔ بے فائدہ کوشش کرنا۔
ٹکرا جانا		۶۷۶	مقابلہ ہو جانا۔ اتفاقاً مل جانا۔ ٹکر کھانا۔
ٹکرانا		۶۷۲	ٹکر ہو جانا۔ لڑ جانا۔ ڈھونڈنا۔
ٹکر ٹکر		۱۲۴۰	دیکھئے ٹکر ٹکر
ٹکر گدا		۶۴۵	وہ فقیر جو گھر گھر مانگتا پھرے
ٹکڑا		۶۲۱	حصہ۔ پرزہ۔ روزی۔ پیراگراف
ٹکڑے اڑنا		۸۸۲	دھجی دھجی ہونا۔ پاش پاش ہونا۔
ٹکڑے توڑنا		۱۲۸۷	مفت کی روٹیاں کھانا۔ طفیلی ہونا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا		۱۵۳۱	پرزے پرزے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔
ٹکڑے کرنا		۹۰۱	حصے کرنا۔ توڑنا۔ پرزے پرزے کرنا۔
ٹکر ٹکر		۱۲۴۰	حیرت سے۔ حسرت سے
ٹکڑی	(مؤنث)	۶۳۰	شیشے کا ٹکڑا۔ گردہ۔ کپڑے کا تھان۔

ٹکسال	(مؤنث)	۵۱۱	وہ جگہ جہاں سکے ڈھالے جائیں
ٹکسالی	(مذکر)	۵۲۱	ٹکسال کا داروغہ۔ کھرا۔ جانچا ہوا۔ راجح۔
ٹکسالی زبان	(مؤنث)	۵۸۱	اہل زبان کی تسلیم کی ہوئی فصیح اور مستند زبان
ٹکنا		۴۷۱	ٹانکا جانا۔ گوٹا موتی نقیش وغیرہ لگنا
ٹِکنا		۴۷۱	ٹھہرنا رکنا۔ سہارے سے کھڑا ہونا۔
ٹکوا	(مذکر)	۴۲۷	ایک اوزار جس سے چارہ کاٹتے ہیں۔
ٹکوانا		۴۷۸	ٹانکنا کا متعدی۔
ٹکور	(مؤنث)	۶۲۶	گرم پوٹلی سے چوٹ کو سیکنے کا عمل۔ پلٹس
ٹکورنا		۶۷۷	سینک یا ٹکور کرنا۔
ٹکیائی	(مؤنث)	۴۳۶	افیون کی ٹکیہ
ٹکٹی	(مؤنث)	۴۳۰	ٹکیا۔ تھوڑی آمدنی۔ فائدہ
ٹکیا	(مؤنث)	۴۳۱	چھوٹی روٹی۔ قرص۔ گولی۔
ٹکیت		۸۳۰	مالدار جس کے پاس ٹکا ہو۔
ٹل جانا		۴۸۵	جگہ سے ہٹ جانا۔ گزر جانا۔ کسی کام سے باز رہنا
ٹلنا		۴۸۱	ٹل جانا
ٹماخ	(مؤنث)	۱۰۴۱	عورتوں کا بناؤ سنگار۔ شان و شوکت۔ نخوت
ٹماک	(مؤنث)	۴۶۱	دیکھئے ٹماخ
ٹمبر	(مؤنث)	۶۴۲	عمارتی لکڑی
ٹمپریچر	(مذکر)	۱۵۵	درجہ حرارت۔ موسم
ٹم ٹم	(مؤنث)	۸۸۰	دو پہیوں کی گاڑی
ٹم ٹم	(مؤنث)	۹۸۰	ہلکی ہلکی بارش۔ پھوار۔ ہلکی سی آواز۔
ٹمٹمانا		۹۳۲	جھلملانا۔ چراغ بجھنے کو ہونا۔
ٹمٹماہٹ	(مؤنث)	۱۲۸۶	ہلکی روشنی۔
ٹن	(مؤنث)	۴۵۰	گھنٹے یا برتن کی آواز۔ غرور۔ شیخی
ٹن	(مذکر)	۴۵۰	ایک ہزار کلوگرام۔

ٹنٹا	(مذکر)	۸۵۱	جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔
ٹنڈ	(مذکر)	۴۵۴	وہ لکڑی جسے کاٹ دیا گیا ہو۔ کٹی ہوئی دم۔
ٹنڈا	(مذکر)	۴۵۵	ایک ترکاری
ٹنڈر	(مذکر)	۶۵۴	ٹھیکے کی درخواست جس میں نرخ کی تفصیل دی گئی ہو
ٹنڈی	(مؤنث)	۴۶۴	ناف۔
ٹنڈیرا		۶۶۵	ساز و سامان۔ اسباب
ٹنکچر	(مذکر)	۶۷۳	ایک جراثیم کش دوا۔
ٹنکنا		۵۲۱	دیکھئے ٹکنا
ٹنگ	(مذکر)	۴۷۰	سہاگا۔ ایک معدن
ٹنگ	(مؤنث)	۴۷۰	ٹانگ کا مخفف
ٹنگا		۴۷۱	پیروں والا۔ ایک قسم کی گھاس۔
ٹنگانا		۵۲۲	دیکھئے ٹنگوانا۔
ٹنگڑی	(مؤنث)	۶۸۰	ٹانگ کی تصغیر۔ چھوٹی ٹانگ۔
ٹنگنا		۵۲۱	لٹکنا۔ آویزاں ہونا۔
ٹنگوانا		۵۲۸	ٹنگنا کا متعدی المتعدی
ٹنیاں		۵۱۱	بہت چھوٹا ہونا۔ ٹھنگنا
ٹوبا		۴۰۹	لمبی سلائی غوطہ خور جو کنوئیں میں اتر کر چیز نکالے
ٹوپ	(مذکر)	۴۰۸	بڑی ٹوپی۔ ہیٹ۔ پوشش
ٹوپا	(مذکر)	۴۰۹	ٹانکا۔ روئی دار ٹوپی۔ اناج ناپنے کا ایک پیمانہ
ٹوپنا		۴۱۰	دفن کرنا۔ ماتھ سے بیج بونا۔ لٹکانا۔ کچی سلائی کرنا۔
ٹوپنا	(مؤنث)	۴۱۰	کلاد۔ شکا۔ جانور کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی
ٹوپی اڑانا		۴۱۰	ٹوپی سر سے جدا کرنا۔ بے عزتی کرنا۔

ٹوپی اچھالنا		۵۰۹	خوشی ظاہر کرنا۔ ہرے ہرے پکارنا۔
ٹوپی والا		۴۵۶	فرنگی۔ محبوب
ٹوتھ برش	(مذکر)	۱۳۱۳	دانت صاف کرنے کا برش
ٹوٹ	(مؤنث)	۸۰۶	شکستگی۔ ہرج۔ کمی۔ فرق۔
ٹوٹ پڑنا		۱۰۵۹	دفعتہً حملہ کرنا۔ دفعتہً آجانا۔ پل پڑنا۔
ٹوٹ جانا		۸۶۱	ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔ نڈھال ہوجانا۔ علیٰحدہ ہوجانا
ٹوٹا		۸۰۷	ٹوٹا ہوا۔ ناقص۔ مفلس۔ تھکا ماندہ
ٹوٹا پڑنا		۱۰۶۰	اوپر ٹلے گرنا۔ ہجوم ہونا۔
ٹوٹا پھوٹا		۱۲۲۱	شکستہ۔ معمولی درجہ کا۔ ناکامل
ٹوٹی پھوٹی		۱۲۳۹	شکستہ۔ معمولی درجہ کی۔ ٹوٹا پھوٹا کی تانیث
ٹوٹا	(مذکر)	۸۰۷	نقصان۔ بانس کا ٹکڑا۔ معاوضہ۔ چاول کا چورا
ٹوٹرو	(مذکر)	۱۰۱۲	ایک قسم کا پرندہ۔ بھنگ کا پھوک
ٹوٹکا	(مذکر)	۱۲۷	جادو۔ ٹونا۔ سحر
ٹوٹل	(مذکر)	۸۳۶	مجموعہ۔ تمام۔ میزانِ کل
ٹوٹن	(مؤنث)	۸۵۶	کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔ چورا۔
ٹوٹنا		۸۵۷	پھوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ علیٰحدہ ہونا۔ نازل ہونا۔
ٹوٹی		۸۱۶	ٹوٹا کی تانیث
ٹوڈی		۴۲۰	خوشامدی۔ جی حضوری۔
ٹوڈی بچہ		۴۳۰	خوشامدی۔ حکومت پرست۔
ٹور		۶۰۶	سیر و سیاحت
ٹورسٹ	(مذکر)	۱۰۶۶	سیاح
ٹورنامنٹ	(مذکر)	۱۱۴۷	ورزشی اور بیگر اقسام کے کھیلوں کا سالانہ مقابلہ
ٹوری	(مذکر)	۶۱۶	برطانیہ کی قدامت پرست جماعت یا فرد
ٹوڑی	(مؤنث)	۶۱۶	ایک راگنی۔ ٹوڈی۔
ٹوسٹ	(مذکر)	۸۶۶	ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔ توس۔ جام صحت

ٹوک	(مذکر)	۴۲۶	نظرگزر۔ پوچھ گچھ۔ ممانعت
ٹوک دینا		۴۹۱	روک ٹوک کرنا۔ غلطی جتا دینا۔
ٹوک		۴۲۶	ٹکڑا۔ حصّہ۔ پارچہ
ٹوکا		۴۲۷	گنڈاسا۔
ٹوکرا	(مذکر)	۶۲۷	بانس یا جھاؤ کا بنا ہوا چھابا۔ کشتی۔ بوجھ
ٹوکری	(مؤنث)	۶۳۶	چھوٹا ٹوکرا۔ چھابڑی۔
ٹوکن		۴۷۶	لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس میں شناختی نمبر لگے ہوتے ہیں
ٹوکنا		۴۷۷	روکنا۔ پوچھ گچھ کرنا۔ نظر لگانا۔ کلسا۔
ٹول	(مذکر)	۴۳۶	اوزار۔ سڑک کا محصول۔
ٹولا	(مذکر)	۴۳۷	محلّہ۔ چیزوں کا سٹ۔ ضرب یا مار کا نشان
ٹولی	(مؤنث)	۴۴۶	گروہ۔ جماعت۔ پتھر کی سل
ٹوم	(مؤنث)	۴۴۶	زیور۔ خوبصورت یا مالدار عورت
ٹونا	(مذکر)	۴۵۷	جادو۔ منتر۔ ایک قسم کا گیت
ٹونٹا	(مذکر)	۱۵۷	دیکھئے ٹوٹا۔
ٹونٹی	(مؤنث)	۱۶۶	ٹوٹے کا ملی دار منہ۔ نل کا سنہ۔
ٹونڈی	(مؤنث)	۴۷۰	ٹنڈی۔ ناف
ٹونگنا		۵۲۷	ایک ایک دانہ اٹھا کے کھانا۔
ٹوہ	(مؤنث)	۴۱۱	تلاش۔ دیکھ بھال۔ ٹٹول۔
ٹوہ لگانا		۵۱۲	کھوج لگانا۔ سراغ لگانا۔
ٹوہ لینا		۵۰۲	کسی کا عندیہ معلوم کرنا۔ پتہ لگانا
ٹوہنا		۴۶۲	تلاش کرنا عندیہ معلوم کرنا۔ ٹٹولنا
ٹوہیّا	(مذکر)	۴۲۲	تلاش کرنے والا۔ کھوجی۔ جاسوس۔
ٹونل	(مذکر)	۴۳۶	دوسوتی کی مانند سوتی کپڑا۔
ٹویڈ	(مذکر)	۴۲۰	کھردرا۔ موٹا اونی کپڑا۔
ٹھاٹ	(مذکر)	۸۰۶	ڈھنگ۔ طور طریقہ۔ سجاوٹ۔ راگ کا خاص انداز

ٹھاٹھ		۱۱۱	دیکھئے ٹھاٹ
ٹھاٹ باٹ	(مذکر)	۱۲۰۹	شان و شوکت۔ آن بان۔
ٹھاٹ بدلنا		۸۹۳	پینترا بدلنا۔ نئی طرز اختیار کرنا۔
ٹھاٹ سے آنا		۹۲۸	شان سے آنا۔ اہتمام سے آنا۔
ٹھاٹ کرنا		۱۰۷۷	سجاوٹ کرنا۔ بھیش کرنا۔ مرغ کا اکڑ کر چلنا۔
ٹھاٹا	(مذکر)	۸۰۷	بیل کا کوہان۔ وہ کپڑا جو ڈاڑھی جمانے کے لیے باندھتے ہیں۔
ٹھاٹر	(مذکر)	۱۰۰۶	بانس کا ڈھانچا۔ ٹٹی۔ کبوتروں اور مرغیوں کا دربا۔
ٹھار	(مذکر)	۶۰۶	پالا۔ ارادہ۔ قصد۔ برف۔
ٹھاکر	(مذکر)	۶۲۶	دیوتا۔ پرماتما۔ سردار۔ راجپوت
ٹھاکرانی	(مؤنث)	۶۸۷	دیکھئے ٹھکرانی۔
ٹھان لینا		۵۴۷	پکا ارادہ کر لینا۔ عہد کر لینا۔
ٹھاننا		۵۰۷	پکا ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا۔
ٹھپا	(مذکر)	۴۰۸	چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ۔ مہر۔ سانچہ
ٹھٹ	(مذکر)	۸۰۵	بھیڑ۔ انبوہ۔ مجمع
ٹھٹھ		۹۱۰	ٹھسا
ٹھٹ کے ٹھٹ		۱۶۴۰	گروہ کے گروہ۔ زبردست بھیڑ
ٹھٹا	(مذکر)	۸۰۶	ہنسی مذاق۔ قہقہہ
ٹھٹھا		۸۱۱	ٹھٹا
ٹھٹا لگانا		۹۰۸	قہقہہ مارنا۔ ہنسی اڑانا۔
ٹھٹے باز		۸۲۵	مسخرا۔ ظریف
ٹھٹے بازی	(مؤنث)	۸۲۵	ہنسی مذاق۔ مسخرا پن۔ خوش طبعی
ٹھڑانا		۱۰۵۷	بڑھنے نہ دینا۔ پالے سے مروانا۔
ٹھٹھرانا		۱۰۶۲	دیکھئے ٹھٹرانا۔
ٹھڑنا		۱۰۵۶	سردی سے اکڑنا۔ ٹھنڈا ہو جانا۔ سکڑنا۔ مرجھانا۔
ٹھٹھرنا		۱۰۶۱	دیکھئے ٹھڑنا۔

ٹھٹک	(مؤنث)	۸۲۵	رک کر کھڑے ہو جانا۔ حیران کھڑے رہ جانے کی حالت
ٹھٹھک		۸۳۰	دیکھئے ٹھٹک
ٹھٹکنا		۸۷۶	اچانک رکنا۔ تامل کرنا۔ ہچکچانا۔
ٹھٹھکنا		۸۸۱	دیکھئے ٹھٹکنا
ٹھٹول	(مؤنث)	۸۴۱	ہنسی۔ چھیڑ۔ ظریف۔ مسخرا۔
ٹھٹولپن		۸۹۳	ہنسی مذاق ٹھٹول
ٹھٹولی	(مؤنث)	۸۵۱	ٹھٹولپن
ٹھٹیرا	(مذکر)	۱۰۱۶	کسیرا پیتل، تانبے کے برتن بنانے والا۔ جوار یا باجرے کا ڈنٹھا۔
ٹھٹھیرا		۱۰۲۱	دیکھئے ٹھٹیرا۔
ٹھٹیری	(مؤنث)	۱۰۲۵	ٹھٹیرے کی بیوی۔ کسیرن۔
ٹھڈا		۴۱۰	کمر کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔
ٹھڈی	(مؤنث)	۴۱۹	دیکھئے تھوڑی بھنے ہوئے اناج کا دانہ جو کھلنے سے رہ گیا ہو۔
ٹھر	(مؤنث)	۶۰۵	سردی۔ پالا۔ انتہائی ٹھنڈ
ٹھرا	(مذکر)	۶۰۶	گھٹیا دیسی شراب۔ انگیا یا محرم کے بند کچی اینٹ
ٹھس		۴۶۵	کند ذہن۔ سست۔ ٹھوس
ٹھسا	(مذکر)	۴۶۶	گھمنڈ۔ چھاپا۔ ٹھاٹ باٹ۔
ٹھسانا		۵۱۷	زیادہ کھلا دینا۔
ٹھسک	(مؤنث)	۴۸۵	کھانسی کی آواز۔ خشک کھانسی۔ ناز۔ غرور
ٹھسکا	(مذکر)	۴۸۶	کھانسی کی آواز۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی۔
ٹھسکنا		۵۳۶	برتن کا دوسرے برتن سے ٹکرانے کی وجہ سے تھوڑا سا ٹوٹ جانا۔
ٹھسکنا		۵۳۶	بچے کا بے آواز رونا۔

ٹھسنا		۵۱۶	پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا۔ خوب ٹھونس ٹھونس کے بھرنا
ٹھسنا		۵۱۶	بھرنا۔ سمانا۔
ٹھسوانا		۵۲۳	ٹھونس ٹھونس کے بھروانا۔
ٹھکانا	(مذکر)	۴۷۷	مقام۔ نشان۔ مکان۔ اڈا۔ بندوبست
ٹھکانا کرنا		۷۴۸	کسی جگہ رہنے لگنا۔ شادی کرنا۔ بندوبست کرنا۔
ٹھکانے کا		۵۰۷	قرینے کا۔ موزوں۔ مناسب۔ برمحل۔
ٹھکانے لگانا		۵۸۸	کامیابی کی منزل پر پہنچا دینا۔ مار ڈالنا۔
ٹھکانے لگنا		۵۸۷	خرچ ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ ضائع نہ ہونا۔
ٹھکائی	(مؤنث)	۴۳۶	ٹھوکنے کا عمل۔ مار پیٹ
ٹھکرانا		۶۷۷	ٹھوکر مارنا۔ حقیر سمجھ کر الگ ہو جانا۔ نامنظور کرنا
ٹھکرانی	(مؤنث)	۶۸۶	ٹھاکر کی بیوی بیلوی۔ ناین
ٹھکرائن		۶۷۶	ٹھکرانی۔
ٹھکنا		۴۷۶	مار کھانا۔ نقصان اٹھانا۔ قید ہونا۔
ٹھکوانا		۴۸۳	ٹھکنا کا متعدی المتعدی۔
ٹھگ	(مؤنث)	۴۲۵	ٹھگنے والا۔ لٹیرا۔ جعل ساز۔
ٹھگ بازی	(مؤنث)	۴۴۵	رہزنی۔ دغا فریب۔ جعل سازی
ٹھگ لانا		۵۰۷	دھوکا دے کر مال لے آنا۔
ٹھگ لینا		۵۱۶	فریب دے کر مال ہتھیا لینا۔ دھوکے سے چیز لے لینا
ٹھگنا		۴۷۶	لوٹنا۔ فریب سے دوسرے کا مال لے لینا
ٹھگنی	(مؤنث)	۴۸۵	ٹھگوں کی عورت مکارہ کٹنی
ٹھگوانا		۴۸۳	ٹھگنا کا متعدی المتعدی۔
ٹھگی	(مؤنث)	۴۳۵	ٹھگوں کا پیشہ
ٹہل	(مؤنث)	۴۳۵	خدمت گزاری۔ محنت۔ چہل قدمی۔
ٹہل جانا		۴۹۰	چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ مر جانا۔
ٹہل کرنا		۷۰۶	خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔

ٹہلانا		۴۸۷	چہل قدمی کرانا۔ گھوڑوں کو پھیرا دینا۔ ٹالنا۔
ٹہلنا		۴۸۶	چہل قدمی کرنا۔ ٹلنا۔ مرجانا۔
ٹہلنی	(مؤنث)	۴۹۵	خادمہ۔ ملازمہ
ٹہلوا	(مذکر)	۴۴۲	خدمت گار۔ سیوک۔ نوکر
ٹھلیا	(مؤنث)	۴۴۶	پانی رکھنے کا مٹی کا چھوٹا برتن۔ گگری۔
ٹھمری	(مؤنث)	۶۵۵	ایک قسم کا گیت۔ افواہ۔ ہندی شاعری کی ایک بحر۔
ٹھمک	(مؤنث)	۴۶۵	مستانہ چال۔ ناچنے کی چال۔
ٹھمک ٹھمک		۹۳۰	مٹک مٹک کر۔ نخرے سے
ٹھمکا	(مذکر)	۴۶۶	مٹک۔ جسم کو مٹکانا۔ ٹھنگنا
ٹھمکنا		۵۱۶	مٹکنا۔ بن بن کر چلنا
ٹھمکی	(مؤنث)	۴۷۵	ہلکا سا جھٹکا۔ ٹھمکا کی تانیث
ٹہنا	(مذکر)	۴۵۶	موٹی اور بڑی شاخ۔ گدا۔
ٹھنٹھ	(مذکر)	۸۶۰	ایسا گدا یا درخت جو سوکھ چکا ہو۔ کٹا ہوا ہاتھ۔
ٹھنڈ	(مؤنث)	۴۵۹	سردی۔ خنکی
ٹھنڈ پڑنا		۷۱۲	ہلکی ہلکی سردی ہونا۔ خنکی ہونا۔
ٹھنڈا		۴۶۰	سرد۔ دھیما۔ بردبار۔
ٹھنڈا پڑنا		۷۱۳	سرد ہونا۔ مندا ہونا۔ غصہ دھیما ہونا
ٹھنڈا کرنا		۷۳۱	سرد کرنا۔ آگ بجھانا۔ غصہ دھیما کرنا۔
ٹھنڈائی	(مؤنث)	۴۷۰	وہ دوائی جو گرمی کا اثر زائل کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔ بھنگ بادام وغیرہ کا مشروب
ٹھنڈک	(مؤنث)	۴۷۹	سردی۔ فرحت۔ چین۔ تسلی
ٹھنڈک پڑنا		۷۳۲	جلن دور ہونا۔ چین آجانا۔ مراد بر آنا۔
ٹھنڈی	(مؤنث)	۴۶۹	سرد۔ بے رونق۔ بامراد
ٹھنڈی آگ	(مؤنث)	۴۹۰	برف۔ اولا۔ یخ

ٹھنسانا		۵۶۷	دیکھئے ٹھسانا۔
ٹھنکانا		۵۲۷	ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔ ضرب لگانا۔
ٹھنکنا		۵۲۶	ٹھن ٹھن کی آواز ہونا۔
ٹھنکنا		۵۲۶	بچوں کا آہستہ آہستہ رونا۔
ٹھنگنا		۵۲۶	چھوٹے قد کا مرد
ٹھنگنی		۵۳۵	چھوٹے قد کی عورت
ٹھننا		۵۰۶	ان بن ہونا۔ قرار پانا۔ دل میں پختہ ارادہ ہونا۔
ٹہنی	(مؤنث)	۴۶۵	شاخ۔ ڈال۔
ٹھور	(مؤنث)	۶۱۱	ٹھکانا۔ اڈا۔ پتہ۔ کھوج
ٹھور ٹھکانا	(مذکر)	۱۰۸۸	وہ جگہ جہاں سکونت ہو۔ رہنے کی جگہ۔
ٹھوڑی	(مؤنث)	۶۲۱	ٹھڈی۔ زنخدان
ٹھوڑی پکڑنا		۸۹۴	منانا۔ خوشامد کرنا۔
ٹھوس		۴۷۱	بھرا ہوا۔ سخت۔ جس میں خلا یا خالی جگہ نہ ہو۔
ٹھوک	(مذکر)	۴۳۱	ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔
ٹھوکا	(مذکر)	۴۳۲	ٹھوک
ٹہوکا	(مذکر)	۴۳۲	اشارہ جو انگلی یا ہاتھ کی ضرب سے لیا جائے۔
ٹھوکر	(مؤنث)	۶۳۱	چوٹ۔ صدمہ۔ لات۔ نقصان۔
ٹھوکر کھانا		۱۰۸	ٹکر لگنا۔ نقصان اٹھانا۔ بھوکا سبق ملنا۔
ٹھوکر لگانا		۷۳۳	لات مارنا۔ حقیر سمجھنا۔ ایڑ لگانا۔
ٹھوکر لگنا		۷۳۲	چوٹ آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ نقصان اٹھانا۔
ٹھوکر مارنا		۹۲۳	لات مارنا حقیر سمجھنا۔ قبول نہ کرنا۔
ٹھوکنا		۴۸۲	مارنا۔ گاڑنا۔ شاباش دینا۔ طبلہ بجانا۔
ٹھونٹھ		۸۶۶	دیکھئے ٹھنٹھ اور ٹنڈ
ٹھونس ٹھانس	(مؤنث)	۱۰۳۷	کسی چیز کو زبردستی کسی چیز میں بھرنا
ٹھونسنا		۵۷۲	دبا کر بھرنا۔ گھسیڑنا۔ زبردستی کھلانا۔
ٹھونکنا		۵۳۲	دیکھئے ٹھوکنا۔

ٹھونگ	(مؤنث)	۴۸۱	چونچ۔
ٹھونگ مارنا		۷۷۳	چونچ مارنا۔ بیچ کی انگلی دہری کر کے مارنا۔
ٹھونگا	(مذکر)	۴۸۲	دیکھئے ٹھونگ
ٹھہرانا		۶۶۲	روکنا۔ کھڑا کرنا۔ مہمان کرنا۔
ٹھہراؤ	(مذکر)	۶۱۰	مقام۔ سکون۔ قرارداد
ٹھہرنا		۶۶۱	رکنا۔ قرار پانا۔ دیر کرنا۔
ٹھیا	(مذکر)	۴۱۶	اڈا۔ کدی۔ سہارا۔
ٹھیٹ		۸۱۵	خالص۔ اصلی۔ روزمرہ کی بولی۔
ٹھیٹھ		۸۲۰	ٹھیٹ
ٹھیرانا		۶۶۷	دیکھئے ٹھہرانا۔
ٹھیس	(مؤنث)	۴۷۵	ہلکی سی رگڑ۔ صدمہ۔ چوٹ۔ ٹھوکر
ٹھیک		۴۳۵	صحیح۔ بجا۔ ہو بہو۔ پورا پورا۔ اعتبار۔
ٹھیک آنا		۴۸۷	عین موقع پر آنا۔ جواب درست ہونا۔ صحیح جگہ پہنچنا
ٹھیک بنانا		۵۳۹	سزا دینا۔ درست کرنا۔ اصلاح کرنا۔
ٹھیک ٹھاک		۸۶۱	ہر طرح سے درست۔ ٹھور ٹھکانا۔ سہارا۔ مرمت
ٹھیک ٹھور		۱۰۴۶	وہ جگہ جہاں کوئی چیز مناسب طور سے رکھی جانی چاہئے
ٹھیک ٹھیک		۸۷۰	ہو بہو۔ بے کم و کاست۔ ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔
ٹھیک رہنا		۶۹۱	نیک چلن رہنا۔ اچھا سلوک کرتے رہنا۔ خراب نہ ہونا۔
ٹھیک ہونا		۴۹۷	درست ہونا۔ سزا مل جانا۔ آدمی بن جانا۔
ٹھیک	(مؤنث)	۴۳۵	ٹیک پیندا۔ ڈھیری۔ انبار
ٹھیکا		۴۳۶	اجارہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ طبلے یا ڈھولک کی تھاپ سے راگ کا ساتھ دینا۔
ٹھیکا دینا		۵۰۱	کسی چیز یا زمین کو پٹے یا اجارے پر دینا۔
ٹھیکا لینا		۵۲۷	اجارہ لینا۔ ذمہ لینا۔
ٹھیکے دار		۶۵۰	وہ شخص جو ٹھیکا لے۔ اجارہ دار
ٹھیکرا	(مؤنث)	۶۳۶	مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ مکان یا جائداد۔ روزگار کا وسیلہ

ٹھیکری	(مؤنث)	۶۴۵	ٹھیکرا کی تصغیر۔ مٹی کا توا۔
ٹھیکی	(مؤنث)	۴۴۵	سہارا۔ غلہ رکھنے کی جگہ۔
ٹھیلا	(مذکر)	۴۴۶	دو پہیوں کی اسباب لادنے کی گاڑی۔
ٹھیلنا		۴۹۶	دھکیلنا۔ کہنی مارنا۔
ٹھینگا	(مذکر)	۴۸۶	ہاتھ کا انگوٹھا۔ لاٹھی۔
ٹھینگا دکھانا		۵۶۷	انگوٹھا دکھانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ چھیڑنا۔
ٹھینگے سے		۵۶۵	بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔
ٹی	(مؤنث)	۴۱۰	چائے
ٹی۔ اے	(مذکر)	۴۲۱	ٹریولنگ الاونس کا مخفف۔ بھتا۔ سفر خرچ
ٹی بی	(مذکر)	۴۲۲	ٹیوبرکولوسس کا مخفف۔ دق کی بیماری۔
ٹیپ	(مذکر)	۴۱۲	سوت اور پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی
ٹیپ	(مؤنث)	۴۱۲	اونچی سے اونچی الاپ۔ اقرار نامہ۔ ملاقے کا زیور۔ چیپ
ٹیپ ٹاپ	(مؤنث)	۸۱۵	آرائش۔ خودنمائی۔ شان و شوکت۔
ٹیپنا		۴۶۳	دبانا۔ لکھ لینا۔ الاپنا۔ روپیہ وصول کرنا۔
ٹینٹو	(مذکر)	۸۱۶	دیکھئے ٹینٹوا
ٹی ٹی	(مذکر)	۸۲۰	ٹریولنگ ٹکٹ کلکٹر کا مخفف۔ ٹکٹ دیکھنے والا
ٹیچر	(مذکر)	۶۱۳	مدرس۔ معلم۔
ٹیڑھ	(مؤنث)	۶۱۵	ٹیڑھا پن۔ کجی۔ اکڑ۔ سرکشی
ٹیڑھا		۶۱۶	خمدار۔ بدمزاج۔ جاہل۔
ٹیڑھا پن	(مذکر)	۶۶۸	کجی۔ شرارت۔ غلط روی۔
ٹیڑھا سوال	(مذکر)	۷۱۳	مشکل سوال۔
ٹیڑھا ہونا		۶۷۸	خمیدہ ہونا۔ خفا ہونا۔ اکڑنا۔
ٹیڑھی		۶۲۵	ٹیڑھا کی تانیث
ٹیڑھی آنکھ	(مؤنث)	۷۰۱	دشمنی کی نظر۔ غصے کی نظر
ٹیڑھی باتیں	(مؤنث)	۱۰۸۸	ایسی گفتگو جس سے ناراضی یا خفگی ظاہر ہو مجازاً نازیبا گفتگو۔

ٹیڑھی سیدھی		۷۱۴	کڑوی اور میٹھی۔ کڑوی اور نرم باتیں
ٹیڑھی کھیر		۸۶۰	مشکل کام۔ جو کام ہو نہ سکے۔
ٹیس	(مؤنث)	۴۷۰	وہ درد جو زخم میں ہوتا ہے۔ ٹپک
ٹیس اٹھنا		۹۲۷	درد کرنا۔ ٹپکنا
ٹیسو	(مذکر)	۴۷۶	ڈھاک کا زرد پھول۔ ایک گیت۔
ٹیک		۴۳۰	سہارا۔ ستون۔ ٹیپ کا مصرع
ٹیک	(مؤنث)	۴۳۰	جنوب مشرقی ایشیا کی ایک قیمتی اور پائیدار لکڑی۔
ٹیکا	(مذکر)	۴۳۱	قشقہ۔ داغ۔ ماتھے کا زیور
ٹیکا لگانا		۵۳۳	ماتھے پر بندی یا تلک لگانا۔ داغ لگانا۔ سوئی لگانا۔
ٹیکر	(مذکر)	۶۳۰	ٹیلا۔
ٹیکرا		۶۳۱	ٹیکر۔
ٹیکس	(مذکر)	۴۹۰	محصول
ٹیکسٹائل		۹۲۱	کپڑے بننے سے متعلق
ٹیکسی	(مؤنث)	۵۰۰	کرائے کی موٹر گاڑی
ٹیکن	(مؤنث)	۴۸۰	سہارا۔ ٹیک
ٹیکنا		۴۸۱	سہارا لینا
ٹیکنالوجی	(مؤنث)	۵۳۰	فنون کے ارتقا کا معاملہ
ٹیک نی شین	(مذکر)	۱۵۰	مستری۔ ماہر فن
ٹیکنیک	(مؤنث)	۵۱۰	ہنرمندی۔ طرز ادا۔
ٹیکنیکل		۵۴۰	صنعتی۔ حرفتی
ٹیکنی کلر	(مذکر)	۷۴۰	رنگین فلم سازی۔
ٹیگ	(مذکر)	۴۳۰	کسی شے یا فائل کا شناختی ڈورا یا بندھا ہوا نشان۔
ٹیلا	(مذکر)	۴۴۱	مٹی کا بڑا تودہ
ٹیلر	(مذکر)	۶۴۰	درزی۔
ٹیلی پرنٹر	(مذکر)	۱۳۰۲	برقی مشین جس پر ٹائپ شدہ پیغامات وصول ہوں۔

ٹیلی پیتھی	(مؤنث)	۸۷۷	روحانی ربط
ٹیلی فون		۵۸۶	گفتگو کرنے کا ایک برقی آلہ
ٹیلیگراف	(مذکر)	۷۵۱	تار برقی۔
ٹیلیگرام		۷۱۱	برقیہ۔ تار کی خبر۔
ٹیلی وژن		۵۱۳	آواز کے ساتھ تصویر دیکھنے کا ایک قسم کا ریڈیو
ٹیم		۴۵۰	جماعت
ٹیمپل		۴۸۲	مندر
ٹیم ٹام	(مؤنث)	۸۹۱	ٹیپ ٹاپ۔ سج دھج
ٹین		۴۶۰	ایک دھات۔
ٹینٹ		۸۶۰	آنکھ کی پھلی۔ کپاس کا ڈوڈا۔
ٹینٹ		۸۶۰	خیمہ۔ شامیانہ
ٹینٹوا		۸۶۷	حلق
ٹینس		۵۲۰	ایک کھیل
ٹینک		۴۸۰	تالاب۔ حوض جنگ کی فولادی گاڑی
ٹینکر		۶۸۰	تیل لانے لے جانے والا جہاز۔
ٹیوب		۴۱۸	نلکی۔ نال
ٹیوٹی		۴۷۰	بونا
ٹیوٹر		۱۰۱۶	گھر پر پڑھانے والا
ٹیوشن		۷۶۶	گھر پر پڑھائی۔

ث

ابجد کے حساب میں اس کو پانچ سو شمار کرتے ہیں

ثابت		۹۰۳	تصدیق شدہ۔ درست
ثابت قدم		۱۰۴۷	مستقل مزاج۔ باحوصلہ
ثابت قدمی		۱۰۵۷	مستقل مزاجی۔ استقلال
ثابت ہونا		۹۶۵	تحقیق ہو جانا۔ ثبوت مل جانا۔
ثاقب		۶۰۳	روشن۔ درخشاں
ثالث		۱۰۳۱	پنچ۔ تیسرا۔
ثالث نامہ		۱۱۱۷	پنچ کا لکھا ہوا فیصلہ
ثالثی	(مؤنث)	۱۰۴۱	پنچایت
ثانوی		۵۶۷	دوئمی۔ سکنڈری
ثانی		۵۶۱	دوسرا۔ مقابل۔
ثانیاً		۵۶۲	دوبارہ۔ مکرّر
ثانیہ		۵۶۶	دقیقہ۔ سیکنڈ پل
ثبات	(مؤنث)	۹۰۳	قیام۔ پائیداری
ثبات رائے		۱۱۱۴	رائے کی مضبوطی
ثبت	(مؤنث)	۹۰۲	نقش۔ نوشتہ
ثبت کرنا		۱۱۷۳	دستخط کرنا۔ مہر لگانا۔
ثبوت	(مذکر)	۹۰۸	دلیل۔ شہادت
ثروت	(مؤنث)	۱۱۰۶	دولت مندی۔ حکومت
ثریٰ	(مذکر)	۷۱۰	زمین کے نیچے کی مٹی۔

ثریا	(مذکر)	۷۱۱	وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔
ثقات	(مذکر)	۱۰۰۱	ثقہ کی جمع۔ معتبر لوگ
ثقافت	(مؤنث	۱۰۸۱	تہذیب
ثقالت	(مؤنث)	۱۰۳۱	گرانی۔ بھاری پن
ثقل	(مذکر)	۶۳۰	گرانی۔ بوجھ
ثقلین	(مذکر)	۶۹۰	دونوں جہاں۔ انس و جن
ثقہ		۶۰۵	معتبر۔ معتمد
ثقیل		۶۴۰	دیر ہضم۔ بھاری۔
ثلاثی		۱۰۴۱	مثلث۔ سہ حرفی۔
ثلث		۱۰۳۰	تیسرا حصہ
ثم		۵۴۰	پیچھے۔ پھر
ثمار	(مذکر)	۷۴۱	ثمر کی جمع
ثمر	(مذکر)	۷۴۰	پھل۔ حاصل۔ نتیجہ
ثمر امید		۷۹۵	جس چیز کی آرزو ہو۔
ثمر مراد		۹۸۵	جس چیز کی خواہش ہو۔
ثمر پانا		۷۹۴	کامیابی حاصل کرنا۔
ثمرور		۹۴۶	پھل دار
ثمردار		۹۴۵	پھل دار
ثمرات	(مذکر)	۱۱۴۱	ثمرہ کی جمع
ثمرہ	(مذکر)	۷۴۵	حاصل۔ عوض
ثمن	(مذکر)	۵۹۰	قیمت۔ قدر
ثمن	(مذکر)	۵۹۰	آٹھواں حصہ
ثنا	(مؤنث)	۵۵۱	حمد و نعت
ثناخواں		۱۲۰۸	مداح
ثواب	(مذکر)	۵۰۹	نیک کام کا اجر۔ جزا۔

ثواب بخشنا		۱۴۶۲	اپنا ثواب دوسرے کو دے دینا
ثواب کمانا		۶۲۱	نیک کام کرنا۔
ثوابت	(مذکر)	۹۰۹	ثابت کی جمع
ثوب	(مذکر)	۵۰۸	پوشاک
ثور	(مذکر)	۷۰۹	آسمان کا دوسرا برج۔ بیل
ثیاب	(مذکر)	۵۱۳	ثوب کی جمع
ثیّب		۵۱۷	شادی شدہ عورت جو باکرہ نہ ہو۔

ج

ابجد کے حساب میں اس کو تین شمار کرتے ہیں

جا	(مؤنث)	۴	جگہ۔ٹھکانہ
جابجا		۱۰	ہر جگہ
جابے جا		۲۰	موقع بے موقع
جاسے		۷۴	موقع کی بات
جاضرور		۱۲۱۰	پاخانہ
جانشین		۴۱۴	قائم مقام۔ولی عہد
جانشینی		۴۲۴	قائم مقامی۔ولی عہدی
جانماز		۱۰۲	مصلّی
جا		۴	جو۔جس
[illegible]		۶	کارخدمت۔آسامی۔
[illegible]		۲۰۶	ظالم۔مطلق العنان،جبر کرنے والا۔
[illegible]		۲۱	بیزاری۔ناپسندیدگی
